# مکمل ناول

# سکون روح ہو تم

## اقراء رائٹس

Zubi Novels Zone

"امی سا دیکھیں ناولی نے مجھے مارا ہے۔۔"

روتا ہوا اپنی امی سا کے پاس آیا۔

ارے میرا بیٹا روتے نہیں ہے ولی بیٹا کیوں مارا آپ نے بھائی کو چھوٹا ہے نا "

"آپ سے۔۔۔

آٹھ سالہ عبدلغنی اپنی ماں سے لپٹا آپ اپنے بھائی کو دیکھ رہا تھا جو اسے کھا جانے والی نظروں سے گھور رہا تھا۔۔

"امی سامیں نے کچھ نہیں کیا غنی نے میری کار توڑ دی میں نے نے بابا سا سے

"شکایات لگانے کو کہا تو یہ آپ کے پاس آگیا روتا ہوا۔۔

دس سالہ عبدالولی ناک پھلا کر بولا۔۔

جبکہ ماں کے پلو سے چپکا غنی اسکے ناک پھولانے پر کھلکھلا کر ہنسا ہنسی تو ان کی

ماں سا کو بھی آئی مگر وہ ہنسی دبا گئی اور مصنوعی گھوری سے غنی کو دیکھا تو اسنے

فورن دانت اندر کر لئے۔۔۔

Zubi Novels Zone

"ایسے نہیں کرتے غنی بچے۔"

"پر یہ مجھے نہیں دیں رہا تھا جبھی میں نے توڑ دی۔۔"وہ تیکھے پن سے بولا۔"

" آپ کو کوئی چیز نہیں ملے گی تو توڑ دو گے کیا کتنی غلط بات ہے میں نے یہ

"سکھایا ہے آپ کو۔؟

انہوں نے غنی کان پکڑا۔

ولی نے منہ بنا کر اپنے بھائی کو دیکھا پھر وہاں سے بھاگ گیا۔۔

ابھی شام کا وقت تھا اور اس وقت بانو بیگم اپنے دونوں بچوں کو لے کر ملک حویلی کے گارڈن میں اکر بیٹھ جاتی تھیں بچے اپنا کھیلتے رہتے وہ انکو سکون سے بیٹھ کر دیکھتی۔

"چلو جاؤ جا کر سوری بولو بھائی کو وہ معاف کر دے گا۔"

"مگر اسنے نہیں کیا معاف تو میں اسکے بال نوچ لوں گا۔۔"

وہ بھی اپنے کرتے کا کالر ٹھیک کرتا اکڑ کر بولا۔

"غنی بہت بد تمیز ہو گئے ہو۔اب کچھ کیا تو اچھا نہیں ہو گا جاؤ اب۔۔"

"!!جی ماں سا۔"

وہ بھی بس اتنا کہتا گارڈن کی دوسری جانب بھاگا تاکہ اپنے بھائی کو ڈھونڈ سکے

۔۔

وہ بھی سر جھٹکتی اپنی شال اپنے گرد ٹھیک کرتی وہاں رکھی چیئر پر براجمان

ہو گئیں۔۔

ماں سا، ماں سا، !!" ابھی انہیں بیٹھے کچھ پل ہی گزرے تھے کے ولی کی"

آواز سن کر وہ جھٹکے سے اٹھی اور اسی طرف بھاگی جہاں ان کے بیٹے تھے۔۔

انکا دل یکدم گھبرا گیا تھا۔

یا اللہ خیر !!" وہ تیز تیز قدم اٹھاتی وہاں پہنچی۔۔ "

توانکی آنکھیں ساکت رہ گئی وہ فوراً ولی کے پاس پہنچی۔"

"ولی یہ کون ہے"۔۔۔۔ولی کے ہاتھوں میں چھوٹے سے کمبل میں لپٹا وجود دیکھ کر وہ حیران رہ گئیں۔

"ماں سا ادھر اسکو کتا کاٹ لیتا اسی لئے میں بچا کر لے آیا اسکو دیکھیں یہ کتنی پیاری ہے کتنی سوفٹ ہے۔۔

ولی پیار سے اسکا گال چھوتا اپنی ماں سے بولا۔۔

کاکا۔۔۔۔
بانو نے ولی کی گود سے اس بچے کو لیا اور گیٹ پر کھڑے چوکیدار کو آواز دی
۔۔۔

جی بی بی جی !!"چوکیدار مودب انداز میں سر جھکا کر بولا۔۔"

Zubi Novels Zone

"کاکا یہ بچہ کہاں سے آیا ولی کو ملا ہے یہاں سے۔۔۔"

"بی بی جی مجھے نہیں پتا میں ابھی عصر کی نماز ادا کر کے آیا ہوں تو ولی بابا اسکو اندر لے جا رہے تھے۔۔ مجھے لگا حویلی میں کوئی مہمان آیا ہو گا اسی کا بچہ ہو گا "۔

اسنے وضاحت دی۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

بانو نے اس بچی کو دیکھا جواب رو رہی تھی۔ وہ اسے لئے اندر حویلی میں میں آ گئی پیچھے پیچھے ان کے بیٹے بھی تھے۔۔۔

"امی سا یہ بوائے ہے یا گرل؟"

"بیٹا یہ گرل ہے۔۔انہوں نے اسے تھپکی دی اور رضیہ نوکرانی کو بلا کر اسے دودھ لانے کو کہا بچی کے لئے۔

"ماں سا آپ کو کیسے پتا؟"غنی اس بچی کو دیکھ کر بولا۔۔۔
"بیٹا اسکا چہرہ دیکھو نقشہ لڑکیوں کے جیسا ہے اور اسکا پنک کمبل۔۔"انہوں نے غنی کو نرمی سے سمجھایا۔۔۔

غنی ہاں میں سر ہلا کر ان کے پاس بیٹھ گیا جب کے ولی اس بچی کے ساتھ چپکا بیٹھا تھا۔۔۔

"ماں سا یہ ڈول ہے اسکا فس کتنا سوفٹ اور کیوٹ ہے۔"
ولی اس کو نظروں کے حصار میں لئے بانو سے بولا۔۔۔

بانو اپنے بیٹے کو دیکھ کر مسکرائی۔۔۔

ہاں بول صحیح رہے ہو اس پر اللہ کو نور رہے بہت الگ ہی لگ رہی ہے یہ "

بچی۔۔" بانو محبت سے بولی۔۔۔

ولی بچی کا ہاتھ چھو کر دیکھنے لگا پھر یکدم کھلکھلایا اسکے ہاتھ بہت نرم اور نازک

تھے۔

" ماں یہ میری ہے میری ڈول اپنے کیا کہا تھا ابھی اللہ کا نور نا بس اللہ کا نور

میرے پاس رہے گا اور میں اسکے ساتھ کھیلا کروں گا کیونکہ یہ ڈول ہے میری

اور غنی کو نہیں دوں گا۔۔

اور اسکا نام نورے ہے۔۔" بچی کا معصوم پر نور چہرے پر لب رکھتا وہ بچی کا "

نام رکھ گیا۔

Zubi Novels Zone

ہاہاہا تم ہی کھیلو اس سے لڑکیوں کی طرح آئی آم ناٹ انٹرسٹڈ"

"۔۔۔۔۔۔۔

ولی غنی کو گھورنے لگا۔

"ہاں کھیلوں گا۔۔یہ صرف میری ڈول ہے۔۔"

ولی جذباتی ہوتا بولا تھا وہ کسی بھی طرح اسے اپنے پاس رکھنا چاہتا تھا۔

ولی یہ چھوٹی ہے ابھی اور یہ کسی کی بے بی ہے پتا نہیں کون چھوڑ گیا اللہ کا"

"عذاب آئے گا کیسے اتنی معصوم کو چھوڑ گئے۔۔۔۔

وہ بڑبڑائی تھیں۔

ولی انکو دیکھ کر منہ بسور گیا تو پھر میں کیا کروں۔۔۔

بانو کچھ بولتی اس سے پہلے ہی انکی ساس خالدہ بیگم وہاں آئی اور اپنی کرخت آواز میں بولی

"بانو یہ کسے لیے بیٹھی ہو تم کہاں سے آگئی یہ بچی۔۔۔؟"

"ماں سایہ بچی پتا نہیں کون ہمارے گیٹ پر چھوڑ گیا۔۔"

بانو پریشانی سے بولی جانتی تھی آب الگ ہنگاما ہو گا۔۔۔

اور تو اندر لے آئی جا، جا کر وہی ڈال آ، اللہ جانے کون سر کا عذاب ہمارے "

" در پر پھینک گیا

وہ حکم دیتی سوفے پر بیٹھ گئی۔۔

ماں سایہ بچی ہے ہم کیسے اسے واپس پھینک دیں۔۔" وہ تڑپ کر بولی۔۔۔"

خالدہ بیگم نے درشتگی سے انکو دیکھا پھر بولی۔

جب اسکو پیدا کرنے والے پیدا کر کے چھوڑ گئے پھر تم کون ہوتی ہو اسکو "

" یہاں رکھنے والی۔۔؟

ZNZ Zubi Novels Zone

"ماں سا میں یہ نہیں کرونگی میں بھی ماں ہوں اور عورت ہوں میں کیسے سب جانتے ہوئے بھی اس بچی کو گلی میں پھینک آؤں میں اسکو حیوانوں کے ہاتھ چڑھا دوں ایسا نہیں کر سکتی میں۔۔۔"

وہ آج پہلی بار بولی تھی اپنی ساس کے سامنے انکی ممتا نے گوارا نہیں کیا کے ایک بچی کو وہ بے اسرا چھوڑ دیں۔۔۔

"آ جانے دیں اپنے بابا سا کو اور احد کو بتاتی ہوں میں سب۔۔"
وہ سخت لہجے میں کہتی وہاں سے اٹھ کر چلی گئیں۔

بانو نے اپنی نم آنکھیں صاف کی اور بچی کو اٹھائے اپنے کمرے میں لیں آئی بچے وہاں اپنی دادی سا کو دیکھ کر ہی فوراً وہاں سے رفو چکر ہو گئے تھے۔۔۔

Zubi Novels Zone

"یااللہ میں ایک معصوم کو اس دنیا کے حوالے نہیں کر سکتی تو ہی سب کا ہے تو ہی سب کی مدد کرتا ہے اگر تو نے اس بچی کے لئے ہمیں وصیلہ بنایا ہے تو یا اللہ مجھے ثابت قدم رکھنا امین۔۔"

وہ اس بچی کو لے کر بیڈ پر گئی وہ بچی آب سکون سے سو رہی تھی اسکا آب پیٹ بھر گیا تھا۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

---

"میں نے ہمیشہ چاہا کہ تم مجھ سے محبت کرو، ہر طرح سے کوشش کی ایسی کوشش جو بھکاری کسی مالدار سے ایک آنا مانگنے کے لئے کرتا ہے،

لیکن شاید میری صداامیں ہی وہ اثر نہ تھا اگر ہوتا تو محبت نہ سہی تمہیں مجھ سے ہمدردی تو ہو ہی جاتی مجھ میں ہی کوئی کمی ہو گی جس سے میں انجان اور تم باخبر تھے اس لئے میں آج تمہیں اپنے گھٹن بھرے ساتھ سے آزاد کرتا ہوں اب تمہاری قسمت کے دروازے کھل گئے ہیں تم پر،،

میں نے تمہیں کبھی کوئی بددعا نہیں دی کیوں کہ جس دل میں محبت رہتی ہو وہاں دعائیں رہتی ہیں ہاں مگر کبھی کبھی دعاوں میں اثر نہیں رہتا میری "دعاوں میں بھی نہیں رہا کم از کم تمہارے معاملے میں تو یہ ہی ہوا ہے۔۔

Zubi Novels Zone

وہ لڑکی روتے ہوئے زمیں بوس ہوئی سرخ چہرہ وحشت زدہ آنکھیں۔۔

وہ تڑپ رہی تھی جبھی زور سے "کٹ" کی آواز آئی۔۔

سپر واو!!"سب سین ختم ہوا ڈائریکٹر خوشی سے تالیاں بجائیں جا رہا تھا"

------

!! عدن بہت زبردست"

"ارے اب بس کرو شمس میں تھک گئی ہوں اب تو میں جاؤں ناں۔"

"ہاں جائیں آپ اپکا تو یہاں آنا ہی ہماری ذات پر احسان تھا۔۔۔"

ڈائریکٹر منہ بنا کر بولا عدن کو ہنسی آگئی۔۔۔

"یار تم فلمز بنانا چھوڑو خود کر و ایکٹنگ واللہ کمال کے ڈرامہ باز ہو۔۔۔"

شمس نے گھور کر اسے دیکھا

"تم گھر جاؤ ذرا میں یہ سب پیک اپ کرا دوں۔۔ "

ZNZ
Zubi Novels Zone

"ہاں ہاں جاؤ جواب جو نہیں ہے بھاگو گے ہی۔۔۔"

عدن نے پیچھے سے ہانک لگائی شمس جاتے جاتے روکا پیچھے موڑ کر عدن کو دیکھا۔۔

سرخ رنگ کو کلیوں والی فراک زیب تن کیے کھولے سیدھے گولڈن کندھے تک آتے بال، کھڑی ناک جس میں چھوٹی سی نوز پن ڈالی گئی تھی،

اعنابی کٹاؤ دار لب جن پر پنک لپسٹک لگائی گئی تھی، گہرے آنکھیں گول سرخ سفید چہرہ لمبا دراز قد شمس ایک پل کو اسکی خوبصورتی میں کھو سا گیا۔

وہ بہت سی حسین لڑکیوں میں رہا تھا مگر عدن اسے سب سے الگ اور منفرد لگتی تھی۔

اس کی چمکدار جلد پر نظر ٹھہرتی ہی نہیں تھی۔ جبکہ اس کی بے باکی جو سب کو ناگوار گزرتی تھی وہ شمس کو متوجہ کرتی تھی۔

عدن یکدم پزل ہوتی وہاں سے بھاگ نکلی نجانے یہ بولڈ سی عدن شمس کے سامنے کیوں گڑبڑا جاتی تھی۔۔

اس کی بولتی نگاہوں کا مفہوم وہ سمجھ کر بھی انجان بن جاتی تھی۔

---

بلیک کلر کی بی ایم ڈبلیو چلاتا ہوا وجود مسلسل کسی سے بلیو توتھ کے زریعے بات کر رہا تھا۔۔

Zubi Novels Zone

آنکھوں پر لگا کالا چشمہ ہاتھ میں پہنی برانڈڈ گھڑی بلیک کوٹ پینٹ ملبوس کئے اسکی سرخ سفید رنگت پر خوب جچ رہا تھا وہ کوئی شہزادہ معلوم ہو رہا تھا ---

چہرے پر بیزاری کے تاثر تھے وہ جھنجھلا کر گاڑی ایک سائیڈ روک گیا۔۔۔

"بابا سا پلیز میں آپ کو بتا چکا ہوں یہاں کا کام بہت زیادہ ہے ایک ہفتے میں کیسے ختم کروں ؟؟"

"مجھے آپ نے یہاں کام کرنے بھیجا تھا ناں اب وہی سب کر رہا ہوں تو آب کیا پرابلم ہے۔۔۔؟"

وہ ایسا ہی تھا، منہ پھٹ سر پھرا سا۔۔۔

دوسری طرف سے کچھ کہا گیا تھا جس پر وہ لب بھینچ کر رہ گیا۔۔۔

مطلب میں سب چھوڑ کر گھر آجاؤں اوکے آجاتا ہوں پھر میں واپس نہیں" آؤں گا یہاں۔۔۔۔

ہاں مت آنا تم حویلی پہنچو۔"انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا۔۔۔۔"

یہ کیا بات ہوئی؟"وہ بلیوتوتھ کان سے نکال کر منہ بنا کر بولا۔۔۔"

پھر واپس گاڑی سٹارٹ کی اسے آب گھر جا کر پیکنگ بھی کرنی تھی۔۔۔۔

وہ شیشے کے سامنے کھڑی تیار ہو رہی تھی،۔وہ حسین مورت کسی کا بھی ایمان آسانی سے ڈگمگا سکتی تھی۔۔

لبوں پر لپ سٹک لگاتے اس کے ہاتھ تھمے۔

اسے پیچھے سے کسی نے اپنے حصار میں قید کیا۔

وہ اچانک گھبرا گئی مگر خود کو اپنے شوہر کے گہرے حصار میں پا کر پر سکون ہوئی۔۔

کیسی ہو؟"اسے خود سے لگائے وہ پر جذب آنچ دیتے لہجے میں بولا۔"

کالے رنگ کی ساڑی زیب تن کیے جس کا گلہ کافی ڈیپ تھا اور بازو بھی نہ ہونے کے برابر تھے، آنکھوں پر کیا ڈارک میکپ، بھوری آنکھیں جن پر لینس لگے ہوئے تھے، بھرے بھرے لب جن ور ڈیپ ریڈ کلر کی لیپسٹک

لگی تھی پتلا ماڈلز جیسا فیس تھا غرض ہر چیز ہی مصنوعی تھی،۔پر پھر بھی وہ اس کا بے انتہا دیوانہ تھا

میں ٹھیک تم کیسے ہو؟"، وہ ادا سے بولتی اپنی سفید بانہیں اس کی گردن میں" ڈال چکی تھی۔

"میری جان آپ کے سامنے ہوں۔۔"

اسے خود میں بھینچے وہ پر شدت لہجے میں بولا۔۔۔

Zubi Novels Zone

"آپ کو یاد ہو تو ہمیں جانا ہے آج پارٹی تھی نا؟؟؟"

وہ بوکھلا کر دور ہونے لگی۔۔پر وہ پھر سے اس کی کمر جکڑ چکا تھا۔

"چھوڑو پارٹی کو، میں بس تم میں کھو جانا چاہتا ہوں۔۔"

وہ یکدم اس کے لبوں کو قید کر گیا تھا۔۔۔

منتشا یکدم سانس روک گئی۔۔۔اس کا پر شدت لمس ہمیشہ اسے بوکھلا دیتا تھا۔

اس کی بانہوں میں بکھرتی وہ اس وقت سب بھول گئی تھی۔

پورش علاقے کا یہ سب سے خوبصورت ویلا تھا یہاں کی ہر چیز اپنی قیمت کا منہ بولتا ثبوت تھی۔۔ یہ ولا ان دونوں کی محبت کے بہت سے راز خود میں چھپائے کھڑا تھا۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

"اپنی بیوی کو لگام لگاؤ واحد ملک ورنہ میں بتا رہی ہوں اچھا نہیں ہو گا۔۔"

دادی ساحد ملک کے اتے ساتھ ہی پھٹ پڑی تھیں۔

ماں سا ہوا کیا ہے آپ مجھے بتائے تو سہی احد ملک پریشان ہوئے تذبذب "
کے عالم میں بولے۔۔

جبکہ نظریں سامنے سے آتی اپنی بیوی پر ٹھہر گئ۔
ہاتھ میں لیا بے بی کوٹ ان کو حیران کر گیا۔۔

دیکھ لے گیٹ پر کسی کا پڑا گناہ اٹھا کر ہمارے گھر لے آئی ہے،۔میں نے کہا"
"اسے پھینک تو کہنے لگی اماں جی اسے میں پالوں گی۔۔
وہ نفرت سے چبا چبا کر بولی۔۔

جب کے احد ملک ساکت کھڑے اس بچی کو دیکھتے رہے اور اپنی ماں کی باتیں سن کر گویا انکا دماغ سائیں سائیں کرنے لگا۔۔۔انہیں امید نہیں تھی وہ اس حد تک سفاک ہوں گی۔

ماں سا اتنی بچی ہے کیسے ممکن ہے کہ میں ظالم بن جاؤں۔؟"۔۔"
وہ سرخ آنکھوں سے انکو دیکھ کر اپنا لہجہ دھیما رکھے ہوئے بولے۔۔۔

برخودار پھر سے ہم دادا بن گئے تم نے بتایا ہی نہیں"۔۔"

حویلی کے داخلی دروازے سے سردار یاور ملک داخل ہوتے خوشی سے بولے۔۔۔

Zubi Novels Zone

وہ دھیمی چال چلتے ان کے قریب آئے سفید رنگ کا کوٹن کا سوٹ پہنے ہاتھ میں قیمتی گھڑی پہنے اپنی بڑھتی عمر میں بھی وہ بہت خوبصورت دکھتے تھے سر پر بال اور چہرے کی داڑھی پر اب سفیدی آچکی تھی۔۔۔

یہ اپ کیا بول رہے ہے سائیں؟" خالدہ بیگم تڑخ کر بولی۔"

تو احد ملک نے بغیر وقت ضائع کیے سب باتیں ان کے گوش گزار دی۔۔۔

یاور ملک نے پر سوچ نظروں سے اس پیاری سی بچی کو دیکھا۔۔

ھمم!!انہوں نے کچھ سوچ کر سر اثبات میں سر ہلایا۔

"یہ بچی یہی رہے گی ہم اسے کہیں بھی نہیں چھوڑ سکتے بہت چھوٹی ہے یہ اللہ کا دیا تحفہ ہے ہم اس بچی کو اپنی بچی سمجھ کر پرورش کر سکتے ہیں اور مجھے یقین ہے بہو تم اسکی بہت اچھی تربیت کرو گی۔۔۔"

یاور ملک نے اپنا فیصلہ سنایا تو بانو اور احد کی سانس میں سانس آئی اور خوشی سے نم آنکھیں لئے ہاں میں سر ہلایا۔

"بابا سا آپکو کوئی شکایات نہیں ہو گی ارے یہ ہماری بیٹی ہے اب تم جاؤ اسے لٹا دو بچی سو رہی ہے۔"

انہوں نے بچی کو محبت دیکھ کر کہا۔ جبکہ خالدہ بیگم کے ماتھے پر تیوری بڑھ گئی تھی۔۔وہ بہو بیٹے کے سامنے بمشکل خاموش رہی تھیں۔

تو بانو فوراًاًپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔۔

" جی آپ بھی آجائیں۔"

اب یاور ملک نے مسکراہٹ چھپا کر اپنی بیوی سے کہا جو انہیں گھور رہی تھی۔۔

Zubi Novels Zone

"کیوں گلے میں طوق ڈال رہے ہیں سائیں آپ۔۔۔"

وہ ان کے ساتھ کمرے میں اکر بیڈ پر بیٹھتی پریشانی سے بولی

کیسی باتیں کر رہی ہو تم کو تو بیٹی کی خواہش تھی ناں مگر اللہ نے نہیں دی" تمہیں نہ ہی تمہارے بیٹے کو دی جب تمہارے گھر خود اللہ نے رحمت بھیجی ہے تو ناشکری نہیں کرو۔۔"

وہ سختی سے کہتے آخر میں نرم پڑے۔۔۔

خالدہ بیگم نے بستر پر لیٹ کر منہ بنایا آب ان کے بحث کرنے سے کچھ نہیں ہونا تھا وہ جانتی تھی سردار یاور ملک کا فیصلہ حتمی ہے۔۔۔۔۔

---

یہ ہے ملک حویلی جہاں کے مکین نہایت محبت کرنے والے اور رحم دل تھے ۔۔۔۔

حویلی وسیع پیمانے پر بنائی گئی تھی باہر کے گیٹ کے سائیڈ میں ایک تختی تھی جس پر سنہرے حرفوں میں ملک حویلی لکھا تھا۔۔۔

اندر جاتے ہی ایک طرف گارڈن تھا جس میں کئی رنگ کے پھول لگے ہوئے تھے زمین پر اُگی ہوئی گھاس کو خوبصورتی سے تراشا گیا تھا جبکے دوسری طرف گاڑیاں کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

دروازے سے داخل ہوتے تو سامنے ہی بڑا سا لاؤنج تھا جہاں بڑے بڑے قیمتی صوفے رکھے ہوئے تھے جن پر دادی سا براجمان تھی۔۔

بیچ میں رکھی سینٹر ٹیبل سے ہر کچھ دیر بعد بادام اٹھا کر اپنے منہ میں ڈال رہی تھی۔۔۔

سردار یاور ملک اس گاؤں کے سردار تھے۔

یہاں پر انکا بھرپور رعب اور دبدبا تھا ہر شخص ان سے اپنائیت سے ملتا تھا کیونکی وہ ہر ایک کی مدد بلا کسی کو دکھاوا کئے کر دیا کرتے تھے۔۔۔

یاور ملک کی زوجہ خالدہ کچھ سخت مزاج کی مالک تھیں۔
وہ اگر محبت کرتی تھی تو اپنے پوتوں سے جو ہر وقت شرارتوں میں لگے رہتے انکو ڈانٹ کر رعب تو جمالیتی تھی مگر محبت بہت کرتی تھیں۔

انکا ایک ہی بیٹا تھا۔ جسکو انہوں نے نازو سے پالا تھا احد ملک اور ان کے بیٹے عبدالولی اور عبدالغنی حویلی میں یہی تین افراد تھے جن سے وہ بیلوس محبت کرتی تھی۔
جب کے بہو سے بھی انکی نہیں بنتی تھی بانو ان سے کبھی کچھ نہیں کہتی تھی مگر وہ ان کو اپنے بیٹے کے قابل نہیں لگتی تھی انکا خوبصورت بیٹا لمبا قد سرخ سفید رنگت جب کے بانو ساوالی رنگت مگر پر کشش تھی انکی شادی یاور ملک کی

پسند سے ہوئی تھی اس پسند میں احد ملک کی بھی محبت شامل تھی جس سے خالدہ بیگم آج تک انجان تھی۔جب کے یاور ملک نے اپنے بیٹے کی پسند کو ترجیع دے کر خاموشی سے شادی کروادی تھی۔

باباسا میں نورے کو روم میں لے جاؤں؟؟۔۔۔۔ولی خوشی سے اچھلتا" ہوا بولا۔۔۔

اپنے روم میں کیوں بھئی انھوں نے آنکھیں چھوٹی کریں اسے گھورا اور اس پکڑ کر بیڈ پر بٹھایا۔۔۔

Zubi Novels Zone

"ماں سا یہ میری ہے۔۔"

بتائے باباسا کو ولی منہ بنا کر بولا تو احد ملک قہقہہ لگا کر ہنس پڑے۔۔۔

اسکو دیکھو ابھی سے بہن کے لئے اتنی محبت ہے وہ ولی کا ماتھا چوم کر خوشی سے بولے۔۔۔

بابا شی ازمائی ڈول ناٹ سسٹر۔۔"وہ چڑ گیا تھا احد ملک نے حیران ہو کر" اپنے بیٹے کو دیکھا پھر اپنی بیوی کو۔۔۔

"یہی ضد ہے اسکی سائیں مجھے اسکی یہ بچگانہ باتیں خوف دلا رہی ہے۔۔۔"

بانو پریشانی سے بولی پھر نورے کو دیکھا جو آب آنکھیں کھولے چھت پر لگے بلب کو گھور گھور کر دیکھ رہی تھی ولی اسی کے پاس بیٹھا نورے کو نہارنے میں مصروف تھا۔۔۔

تم سوچو نہیں زیادہ پریشان نہیں ہو۔ایسا ہوا بھی تو میں ہوں۔یہاں اوکے " ۔۔"

وہ انہیں اپنے حصار میں لئے تسلی دیتے بولے تو بانو بھی سر ہلا کر رہ گئی

-----

---

"سردار سائیں آپ جانتے ہیں کہ آپ کی ہم کتنی عزت کرتے ہیں مگر آپ کے گھر اس بچی کا ہونا آپ کی عزت پر انگلی اٹھانے کے برابر ہے۔۔ گاؤں کے سرپنچ ہیں آپ۔۔۔! آپ کو ہی دیکھ کر ہم سب چلتے ہیں ایسے اقدامات نہیں اٹھائیے کہ سب آپ کے در پر آکر آپ کو رسوا کریں۔۔"

وہ آدمی اسپاٹ چہرہ کریں انکو جلال دلا گیا تھا۔۔

مردان خانے میں تمام ہی گاؤں کے بزرگ جمع ہوئے تھے ان کی حویلی میں کسی لاوارث کو رکھا گیا تھا اسی بات کا فائدہ اٹھا کر سردار یاور ملک کو نیچا دکھانے والے افراد آج جمع ہو گئے تھے۔

"تم ہوش میں ہو یا ہوش ہی کھو گئے ہیں تم لوگوں کے ؟؟"
سردار یاور کی چنگھاڑتی ہوئی آواز پر وہاں یکدم خاموشی ہو گئی تھی۔۔

تم سب لوگوں کا اس بچی سے تعلق نہیں ہے وہ ہمارے گھر کی بیٹی بن کر رہ" رہی ہے سمجھ آئی ہے اگر تم لوگوں کے اندر انسانیت نہیں تو کیا مجھ مم بھی "نہیں ہو گی ؟
وہ لال آنکھوں سے یکدم دھاڑے تھے۔۔

سردار سائیں کہیں وہ آپکے ہی بیٹے احد ملک کا خون تو نہیں۔۔۔۔؟"

مردان خانے میں یکدم موت کا سا سناٹا چھا گیا سردار یاور نے گویا اپنا غصہ، دبانے کے لئے آنکھیں ضبط سے بند کی۔۔۔۔

"اپنی زبان کو لگام دو میرے بیٹے پر نہیں آنا ابھی وہ یہاں نہیں ہے شکر کرو ورنہ تم زندہ نہیں جاتے۔"
سردار یاور نے سختی سے باور کروایا۔

تبھی مردان خانے میں احد ملک داخل ہوئے سفید رنگ کا سوٹ پہنے کندھوں پر کالی شال ڈالے پیروں میں کھیڑی پہنے وہ ایک خوبصورت پر کشش وڈیرہ ہی لگ رہے تھے۔۔

"آؤ احد!! یاور ملک نے احد ملک کو کہا تو وہ سلام کرتے ان کے ساتھ والے صوفے پر بیٹھ گئے۔۔۔

"احد ملک ہم نے فیصلہ کیا ہے آج ابھی اور اسی وقت عبد لولی احد ملک کے ساتھ نورے کا نکاح ہو گا۔۔۔" سردار یاور ملک نے گویا سب کے سروں پر دھماکہ کیا سب دم سادھے انکو دیکھنے لگے۔۔۔

سردار یاور اب آرام سے سب کے چہرے دیکھ رہے تھے جو انکو بے عزت کرنے آئے تھے اپنی منہ کی کھا کر رہ گئے۔۔۔

"اب تو یقین آگیا ناں کہ وہ بچی لاوارث ہے۔۔ پر اب ہمارے گھر کی بہو آپ سب کے سامنے بنے گی۔۔"

"بابا سا !!"

احد ملک نے اپنی حیرانی پر قابو پاتے کچھ بولنا چاہا مگر ان کے بولنے سے پہلے ہی یاور ملک کی بولتی آنکھیں احد ملک کو خاموش کروا گئی تھی۔

"جاؤ مولوی صاحب کا انتظام کرو۔۔"
انہوں نے احد ملک کو اگلا حکم دیا تو وہ سر ہلا کر باہر کی طرف بڑھے۔۔

"اب نکاح کے بعد ہی سب یہاں سے رخصت ہو جایئے گا۔۔ "
سردار یاور کی سرسراتی ہوئی آواز پر سب نے کھسیانی ہنسی سمیت سر کو جنبش دی۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

---

حویلی میں نکاح کی خبر جیسے ہی ہوئی خالدہ بیگم (دادی سا) کو لگا انکے سر پر کھولتا ہوا پانی ڈال دیا گیا ہو ال دوسری طرف بانو بھی یہ سب ماجرا دیکھ کر حیران ہوئی۔

"نہیں بلکل نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔۔

خالدہ بیگم گیٹ سے داخل ہوتے یاور ملک کو دیکھ کر سیخ پا ہوئی۔

"خاموش ہمارا فیصلہ ہے کوئی بھی بین نہ ڈالے سمجھ گئے سب۔۔"

یاور ملک سختی سے بولے آخر میں ایک خفا سی نظر اپنی زوجہ پر ڈالی وہ ہمیشہ ان کے فیصلے پر شور اور واویلا کرتی تھی مگر آج وہ انکو بھی سختی سے ڈپٹ گئے تھے آج سوال انکی عزت پر اٹھا تھا۔۔۔

وہ کہہ کر جا چکے تھے خالدہ بیگم بھی ان کے پیچھے گئی

بانو نے سوالیہ نظروں سے احد ملک کو دیکھا تو وہ کندھے اچکا کر رہ گئے

"تم جاؤ ولی کو تیار کرواور پھر نورے اور اسے ساتھ لے کر ہی نیچے آنا۔۔۔"

تو بانو سر ہلا کر اپر چلی گئی دل ہی دل میں وہ بے انتہا خوش تھی آب ان کی نورے ہمیشہ یہی رہے گی۔۔۔

---

"سائیں آپ ایسا کیسے کر سکتے ہیں آپ نے تو وعدہ کیا تھا ولی کی تو میں نے اپنی پسند سے شادی کرنی تھی۔۔"آپ اس لاوارث کو اپنے گھر کی بہو کیسے بنا سکتے ہیں؟؟"خالدہ بیگم نم آنکھوں سے شکوہ کناں ہوئیں۔۔۔

"وہ بھی انسان ہے،اور لاوارث اب وہ نہیں رہے گی۔۔اور جو میں نے کہہ دیا سو کہہ دیا ختم بات ہماری عزت کا سوال ہے لوگ اس بچی پر ہم پر انگلیاں اٹھا رہے ہیں اس سب میں یہی ٹھیک ہے۔۔لوگوں کی زبان بند ہو جائے گی۔۔اور وہ مح۔فوظ بھی ہو جائے گی۔۔۔

خالدہ بیگم خاموشی سے ان کو سنتی رہی پھر خود پر جبر کرتی اٹھ کھڑی ہوئی

"ٹھیک ہے سائیں جیسا اپ کہیں اس کو تو ویسے بھی میں نے زندہ نہیں چھوڑنا مر ہی جائیگی کچھ وقت میں۔۔۔" دادی ساسفاکیت سے بولی چہرے سے نورے کے لئے صرف نفرت ہی نفرت نظر آرہی تھی دادا سائیں نے تاسف سے انکو دیکھا دل میں اللہ سے ان کے دل نرم کرنے کی دعا تھی انہوں نے ۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

"باباسائیں آجائے مردان خانے میں مولوی آگیا ہے۔۔۔"

"ہاں چلو برخوردار ولی آگیا ہے۔۔؟"

انہوں نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔

ہاں جی آگیا ہے چلو پھر بسمللہ کرتے ہیں نیک کام میں دیر کیسی۔۔"

وہ دونوں تو چلے گئے دادی سا کے دل میں نفرت کی ایک تہہ تھی جو جم گئی تھی اس نفرت میں وہ شاید اندھی ہو گئی تھی اور اس نفرت میں ہر حد پار کرنے کو بھی تیار تھیں۔۔۔

---

ZNZ
Zubi Novels Zone

بابا سا اب یہ سچ میں میری ہے ؟؟؟۔۔۔۔"ولی محبت سے کچھ ماہ کی" نورے کو گود میں لئے بولا۔۔

دس سالہ ولی کالے رنگ کے شلوار قمیض پہنے براؤن بال کھڑی نام بھوری آنکھوں میں اشتیاق لئے بولا۔۔۔

"بالکل ہمارے ولی کی ہے۔۔۔"

داداسائیں نے احد کو بوکھلاتا دیکھ نرمی سے بولا جب کے صوفے پر بیٹھی
دادی ساکلس کر رہ گئی۔۔

تواب میں اس کو روم میں لے جاؤں۔۔۔"اسکی معصومانا بات پر سب کا"
قہقہ نکلا۔۔۔

بے صبرا ہے پورا۔۔"احد ملک نے اس کے بال بگاڑے اور اس کی گود"
سے نورے کو لیا۔۔

"ابھی تو بالکل نہیں بڑے ہو جاؤ جب لے جانا۔۔"

"پر باباسامیں ابھی لے کر جانا چاہتا ہوں نا۔۔"

ولی منہ پھولا کر بولا۔۔۔

ہاہاہاہاڈول سے کھیلے گا ولی۔۔۔"غنی نے مذاق اڑایا۔۔۔"

ولی منہ بنا کر پاؤ پٹک کر لیونگ روم سے نکل گیا۔۔

نکاح کچھ دیر پہلے ہی ہوا تھا اور کس دل سے دادی ساخاموش تھی یہ تو وہ ہی جانتی تھی۔۔۔

---

Zubi Novels Zone

وقت پر لگا کر اڑا تھا اس وقت میں بہت سی تبدیلیاں آگئی تھی۔

نورے آب چار سال کی ہوگئی تھی جب کے ولی چودہ سال کا اس کے میٹرک کے پیپرز ہو رہے تھے۔۔

جبکہ غنی بارہ سال کا اٹھویں کلاس میں تھا۔۔

نورے کو ابھی اسکول میں داخلہ کروایا تھا جس پر بہت سی بحث کے بعد اسے اسکول بھجا گیا۔۔

"ولی پیپرز کے بعد تمہیں شہر جانا ہے آگے پڑھنے کے لیے۔۔۔" احد ملک نے اس کو یاد دلایا۔۔

"پر بابا سائیں اکیلا کیا کروں گا نورے کے ساتھ کھیل بھی نہیں سکوں گا" وہ منہ پھولا کر بولا۔۔

Zubi Novels Zone

"کوئی بات نہیں پڑھائی پوری کرو پھر نورے کو ساتھ لیجانا کوئی نہیں روکے گا۔۔"۔

احد ملک نے لالچ دیا۔۔۔

ولی کھلکھلایا۔

"واہ میں لے جاؤ گا اپنی ڈول کو ساتھ میں پڑھ کر واپس آؤں گا۔ڈن۔۔

۔۔۔"

"بالکل چلو کل آخری پیپر ہے وہ دے کر تم شاپنگ کر آنا پھر پرائیویٹ کالج ہے تو ادھر رزلٹ سے پہلے ہو جائے گا ایڈ مشن بھی۔۔۔"

"جی باباسا میں آب یاد کرلیتا ہوں۔یہ اردو یاد نہیں ہوتی مجھے۔۔"وہ غالب کا شعر یاد کرتا منہ بسور گیا۔۔۔

"ارے میرے لال یاد کرلے آگے کام آئے گا نورے ناراض ہو گی تو تم غالب کی شعر پڑھ پڑھ کر منا لینا۔۔۔"

اتنے مشکل کام میں نہیں کروں گا میں اسکو ناراض ہی نہیں کرونگا۔۔"وہ" منہ بنا کر بولا تو احد ملک ہنس دیے ان کے دل میں ہزار وسوسے تھے مگر وہ خود کو پر سکون کیے ہوئے تھے۔۔۔

---

آج کا سب سے زیادہ بھاری تھا آج اس کو سب کو چھوڑ کر جانا تھا۔۔۔
ولی کب سے اپنے کمرے میں بند نورے کو روتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔۔

(ٹم جا لہے ہو۔۔)۔۔
تم جا رہے ہو؟"نورے روتے ہوئے بولی اسکے سرخ پھولے ہوئے گالوں" پر آنسوں بہہ رہے تھے۔۔

ڈول ہو ناتم کیوں رو رہی ہو میں تم سے روز کال پر بات کروں گا۔۔"اس کا"
چہرہ اپنے ہاتھوں میں بھرے وہ نم لہجے میں بولا۔۔۔۔

!!نہیں جاؤ تم۔۔۔۔"

نورے یار چپ ہو جاؤ اسے خود کے اندر بھینچ آب وہ بھی رو پڑا تھا۔۔۔

دونوں ہی رو رہے تھے آگے کیا ہونا ہے اس سے بے خبر ایک دوسرے سے
دور ہو جانے پر رو رہے تھے۔۔۔

چلو آؤ باہر چلیں۔"اسے خود سے الگ کرتا وہ اپنا چہرہ صاف کرتا بولا پھر اپنی"
شرٹ کی استین سے نورے کا چہرہ صاف کیا۔۔

"نہیں جاؤ گی میں۔۔۔

Zubi Novels Zone

وہ پھر روئی اسے خود سے پرے دھکا دیا مگر وہ اپنی جگہ سے ہلا تک نہیں۔۔

میری ڈول ناراض ہوگئی"۔۔وہ اس کے گال کھینچے اسے گدگدانے لگا"

تھا۔۔

اچھا نورے سنو ہمیشہ خود کی حفاظت کرنا روز اسکول جانا کوئی ڈانٹے بھی تو"

رونا مت اگنور کرنا سمجھ آئی۔۔۔"آب کے ولی تھوڑا سختی سے بولا اور ایک

بار اسکا چہرہ صاف کیا۔۔

چلو اب۔۔۔"وہ اسے لئے نیچے آیا تو سب نے ہی سکھ کا سانس لیا نورے"

صبح سے ہی اپنے کمرے میں بند تھی سب ہی پریشان تھے اب اسکو ساتھ آتا

دیکھ تھوڑا سکون ملا تھا سب کو سوائے دادی سا کے۔۔

ولی کے ہاتھ میں نورے کا ہاتھ دیکھ کر انھوں نے نفرت سے منہ پھرا۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

چلو ولی گاڑی میں بیٹھو اسکے نیچے آتے ہی احد ملک بولے اور پورچ کی طرف چل دیے۔۔۔

نورے اپنا خیال رکھنا۔۔اس کے چہرے کو اپنے ہاتھو میں بھرتا پریشانی سے " بولا

وہ سوں سوں کرتے ہاں میں سر ہلا گئی۔

چلو اب اپنا ڈمپل تو دکھاؤ کب سے بس روئی جا رہی ہو۔۔۔"اس کی کمر پر " ہاتھ رکھیں گدگدی کی تو کھلکھلا کر ہنسی اور اسکا ڈمپل واضح ہوا ولی ایک دم جھک کر اس کے دونوں گال چوم لیے۔۔

بانو نم آنکھوں سے مسکرا دی ولی بغیر کسی کو دیکھے پورچ میں بھاگ گیا اسکے آنسوں نجانے کیوں بہہ نکلے تھے۔

وہ اکر سیٹ پر بیٹھ گیا اندر غنی پہلے سے بیٹھا تھا۔۔

"لڑکیوں کی طرح نہیں رو تم میں نور کا خیال رکھوں گا۔"

تم مارو گے اس کو دور رہنا اس سے۔۔"ولی نے آنکھیں دکھائی۔"

بہن ہے میری میں کیوں ماروں گا پر ومس تم اب چپ ہو جاؤ۔۔۔"غنی" نے منہ بنا کر کہا تو ولی چپ ہو گیا۔

غنی دادا سا اور بابا سا کے ساتھ اس کو چھوڑنے جا رہا تھا ایئرپورٹ۔۔۔۔۔

سارا راستہ وہ خاموش رہا دل کا چین سکوں وہ سب آج پیچھے چھوڑے جا رہا تھا ۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

آج تو وقت ہی نہیں ہے میں جاتی ہو آپ باہر بابا سا انتظار کر رہے ہیں میرا:

"امی سا اللہ حافظ۔۔

ان کا گال چومتی وہ بیگ سنبھالے اٹھ کر باہر بھاگی۔

جتنی دیر وہ وہاں موجود رہی تھی۔۔اس کا معصوم حسن دادی کو چھبتا رہا تھا۔۔وہ کافی خوبصورت تھی۔اتنی کہ کبھی کبھی انہیں اس کے خوبصورت چہرے سے خوف آتا تھا کہ ولی۔۔اس کا دیوانہ نہ ہو جائے۔

"یہ لڑکی ہمیشہ بغیر کھائے پیے جاتی ہے۔۔" بانو بیگم پریشان ہوئی۔۔"ہنہہ مفت کی روٹیاں ہے اور روز ہی کھاتی ہے ایک وقت کا نہیں کھائے گی تو مر نہیں جائے گی۔۔۔"

دادی سا پھنکار کر بولی۔

بانو بیگم نے ٹیبل پر رکھی ہر چیز پر نظر ڈالی پھر ایک افسوس کی نظر دادی سا پر"ڈائینگ ٹیبل پر ہر طرح کی اشیا موجود تھی جو سب کے کھانے کے بعد بھی بچی ہوئی تھی اگر وہ معصوم دو نوالے کھا جاتی تو انکا کیا جاتا؟؟؟؟۔۔۔۔بانو

ZNZ
Zubi Novels Zone

بیگم جانتی تھی وہ دادی سا کی آئے دن کے طعنوں کی وجہ سے دن بہ دن اپنا کھانا ختم کرتی جا رہی ہے۔

دادی کی ہر وقت کی دھتکار اسے احساسِ کمتری میں مبتلا کر رہی تھی۔
گھر میں رہنے والوں پر اپنے آپ کو صرف بوجھ سمجھنے لگی تھی۔ بانو بیگم ہی سوچتے آنکھیں نم ہو گئی تھیں۔ وہ نا جانے کتنے آنسو چھپا لیتی تھی۔

دادی سا بھی اب لیونگ روم میں چلی آئی۔۔

وہاں رکھیں پان دان میں سے اپنے لئے ایک پان نکال کر منہ میں ڈالا۔۔۔

ولی کے جانے کے دو سال بعد ہی غنی بھی شہر چلا گیا تھا وہاں انکو کسی ہوسٹل کے بجائے یاور ملک نے ایک فلیٹ میں رہنے کو ترجیع دی تھی ان کے ساتھ

ان لوگوں کا خاص ملازم تھا جو انکی پل پل کی خبر یاور ملک اور احد ملک کو دیتا تھا۔۔۔

ولی کو گئے چھ سال ہو گئے تھے جب کے غنی کو چار سال ہو گئے تھے ولی کی پڑھائی مکمل ہونے میں دو سال تھے اور پھر اس نے واپس آ جانا تھا یہ وقت جتنا ولی کے لئے مشکل تھا اتنا ہی کٹھن نورے کے لئے تھا۔۔

" برو تمہارا دل نہیں بھرتا پڑھ پڑھ کر۔۔؟" غنی بیڈ پر کود کر بیٹھتا منہ بنا کر بولا۔۔۔

ولی نے آنکھیں چھوٹی کر کے اسے گھورا۔۔

" ہاں نہیں تھکتا تمہاری طرح لڑکیوں والی فیلڈ نہیں لی میں نے۔۔" ولی نے لتاڑا۔۔

" برو تم کیا جانو بہت سکوپ ہے فیشن ڈیزائنر بن کر نام روشن کرونگا اپنے دادا سا کا۔۔۔"

Zubi Novels Zone

غنی کالر جھاڑ کر بولا۔۔

"ہاں زنانہ کپڑے پہننا پھر اسی دن مار کھاؤ گے اپنے انہیں دادا سا سے

"۔۔۔۔

ولی قہقہ لگا کر بولا.. وہ بہت کم مسکراتا تھا۔اس کی طبعیت سنجیدہ ٹائپ تھی۔۔پر غنی کی موجودگی میں اس کی سنجیدگی کم ہو جاتی تھی۔

"نہیں میرا اپنا سٹینڈرڈ ہو گا میرے سامنے کسی ایک کی نہیں چلے گی سب میرے حکم کے غلام ہوں گے ایک وقت آئے گا دیکھنا تم۔۔۔"

غنی کی آنکھوں سے مغروریت چھلکی تھی ولی نے تاسف سے اسے دیکھا۔

"غنی اتنا یاد رکھنا کبھی ایسا کچھ نہیں کرنا کہ ہماری ماں کی تربیت پر کوئی انگلی اٹھائے۔۔۔"

ولی نے اسپاٹ چہرہ کرے اسے باور کرایا تو غنی سر جھٹک کر واپس بیڈ پر بیٹھ گیا
۔

"سنا ہے تمہاری کلاس کی سی آر بہت خوبصورت ہے۔۔"
غنی بات بدلتا اس کے بیڈ پر پہل کر لیٹ گیا
ولی نے ابرو اٹھا کر اسے دیکھا
"ہو گی مجھے کیا پتا؟ "
ولی کندھے اچکا کر بولا اور واپس نوٹس پر جھکا، نورے کا معصوم چہرہ دماغ میں گھوما تو دل بے قرار ہوا تھا۔۔ نا جانے وہ کتنی بڑی ہو گئی تھی۔؟۔

"ہاں دیکھنا بھی مت میری بہن کے حق پر ڈاکا نہیں پڑنے دونگا میں۔۔۔"
غنی بول کر بیڈ سے اٹھتا باہر نکل گیا۔۔

ZNZ Zubi NovelsZone

ولی یکدم ساکت ہوا تھا پھر چہرے پر سرد تاثر ابھرے "تم اتنی بدل جاؤ گی سوچا بھی نہ تھا۔"

وہ لب بھینچ کر سوچ کر رہ گیا۔۔

آنکھوں کے پردے پر بچپن کی خوبصورت یادیں یکدم کسی فلم کی طرح لہرا گئی۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

ولی تم یہ پھول مجھے دے دو۔۔"وہ گارڈن میں لگے۔گلاب کے پھول کو" دیکھ کر بولی۔۔۔

"نورے اس میں کانٹے ہیں۔۔"

چودہ سالہ ولی منہ بسور کر بولا۔۔

تم مجھے دے دو نا کچھ نہیں ہو گا۔۔"نورے نم آنکھوں سے بولی۔۔۔"

ولی یکدم گھبراتا اس کے پاس آیا

نورے میری ڈول پلیز رونا نہیں میں ہوں نا ابھی اس کے کانٹے چُن کر "
ہٹا دیتا ہوں پھر تمہیں پھول دے دوں گا۔۔"

تو روتی ہوئی نورے یکدم کھلکھلا اٹھی اس کے پھولے گالوں میں پڑھتا
ڈمپل واضح ہوا۔۔۔

افففف یہ تمہارا ڈمپل بہت زیادہ پیارا ہے۔۔۔" ولی نے اسکے گال پر بوسہ "
دیا۔۔

"چلو یہاں بیٹھو۔۔"
گارڈن میں رکھی کرسیوں میں سے ایک پر ولی نے اٹھا کر اسکو بٹھایا۔

Zubi Novels Zone

میں لے کر آتا ہوں پھول۔۔۔" کہہ کر وہ چل دیا نورے وہی بیٹھی انتظار کر رہی تھی۔ گلابی رنگ کی فراک میں دو پونی بندھے سرخ و سفید رنگت بھوری آنکھیں پھولے ہوئے گال ان پر پڑتا خوبصورت ڈمپل بلاشبہ وہ بلا کا حسن رکھتی تھی جبھی تو عبد لولی احد ملک جو کسی کو منہ نہیں لگاتا تھا وہ اس چھوٹی سی لڑکی کا بچپن سے ہی دیوانہ تھا۔۔۔

کچھ ہی دیر بعد ولی پھول لے آیا تھا لو نورے اسنے ہاتھ میں پکڑا پھول آگے کیا نورے کے۔۔۔

Zubi Novels Zone

مگر وہ بس اس کے ہاتھوں کو خوفزدہ نظروں سے دیکھتی رہی۔۔۔

کیا ہو گیا اب لو بھی۔" بلیک شرٹ پینٹ پہنے خوبرو سے ولی نے پھول مزید آگے کیا۔

اس کی سیاہ آنکھوں سے ذہانت چھلکتی تھی۔

خون"۔۔۔"

"خون نکل رہا ہے ولی۔۔"

نورے یکدم زور زور سے روتی اس کا ہاتھ پکڑ کر پھونک مارنے لگی۔

بچپن تھا نا جبھی آب تو اپنے آپ کو کیا سمجھتی ہے۔"ولی نے سر جھٹکا سینت" میں اچانک گھٹن ہونے لگی تھی۔۔

اٹھ کر اسنے پردے کھولے اور باہر کا منظر دیکھنے لگا یہاں درخت ہی درخت لائن سے لگے ہوئے تھے آس پاس گاڑیاں کھڑی تھی۔۔۔

آسمان پر چمکتا چاند بھی اداس لگا تھا عبدالولی کو بیس سالہ ولی بلیک پینٹ اپر وائٹ ٹی شرٹ پہنے پیشانی پر بکھرے سیلکی سیاہ مائل بال کھڑی مغرور ناک سیاہ آنکھیں جن میں ہمہ وقت سنجیدگی رچی بسی رہتی تھی۔۔۔

بادلوں کی اوٹ میں چھپا چاند پر نظریں جمائے وہ گہری سوچ میں تھا۔

---

بڑے سے لیونگ روم میں اس وقت کوئی بھی نا تھا سوائے دس سالہ نورے کے۔۔۔۔

وہ صوفے پر بیٹھی گود میں رکھی ٹرے سے کھانا کھا رہی تھی۔۔

اورنج کلر کا فراک زیب تن کیے بھورے بال چوٹی میں قید تھے بھوری آنکھیں جن میں اداسی اور خوف ہلکورے لیتا رہتا تھا لمبی خم دار پلکے گلابی کٹاؤ دار لب پھولے گال جن پر ڈمپل تھا مگر جیسے جیسے وہ بڑری ہوتی جا رہی تھی ویسے ویسے وہ گم ہوتا جا رہا تھا۔۔۔

وہ بے خیالی میں کھانا کھا رہی تھی کے

"اے بس کر کتنا کھائے گی منحوس ماری چل ہٹا اسے۔ "

یکدم کال میں دادی سا کی گرجدار آواز بلند ہوئی۔۔۔

اسکی کی گود سے ٹرے اٹھا کر ٹیبل پر پٹکی نور ے یکدم کانپ کر رہ گئی سانس سینے میں ہی اٹک گیا تھا

وہ کچھ دیر پہلے ہی اسکول سے آئی تھی بھوک اب برداشت نہ ہوئی تو وہ کھانا کھانے بیٹھی تھی مگر اسکو کیا معلوم تھا کہ آج کھانا بھی اس کو نصیب نہیں ہو گا۔۔۔

ایسے کیا دیکھ رہی اٹھ یہاں سے۔۔۔"انہوں نے نفرت سے کہا تو وہ خوف" سے کھڑی ہوئی۔۔

"منہ نہ دیکھ میرا۔ بلکہ میرے پاؤں دبا۔۔۔"

وہ پھیل کر لیٹتی اسے حکم دینے لگی۔

نورے خود پر ضبط کرتی ان کے پیر دبانے لگی۔۔

"ایک بات بتا۔۔۔"

دادی نے اس کے معصوم چہرے پر نظر جمائی۔

"تیرا دل نہیں کرتا؟؟؟"

کک کس چیز کا؟؟؟" وہ صرف بڑبڑائی تھی۔"

"ڈوب کر مر جانے کا۔۔۔۔"

نورے نے بھیگی پلکیں اٹھا کر انہیں دیکھا۔ جن کے چہرے پر نفرت ہی نفرت پھیلی تھی

Zubi Novels Zone

تو یہاں سے چلی جائے تو بہتر ہے ویسے بھی ولی نے آکر تجھے چھوڑ ہی دینا" ہے۔۔۔"

"پر وہ مم مجھے کیوں چھوڑیں گے۔۔ میں تو ان کے ساتھ نہیں رہتی۔۔۔"

دادی ساسیدھی ہوتی اس کے کندھے پر زور سے تھپڑ مارتی اس کی چوٹی پکڑ ے غرائی۔

بڑی معصوم بنتی ہے۔۔تجھے نہیں پتہ کیوں چھوڑے گا۔۔"وہ دس سالہ" معصوم بچی سے الجھتی بھول گئی تھیں کہ وہ ان سب کے بارے میں کیا جانتی ہو گی۔۔

نورے اور ولی دونوں ہی اپنے نکاح سے واقف تھے فرق بس اتنا تھا ولی اب سمجھدار ہو گیا تھا نورے اب بھی بچی تھی، نکاح کا کیا جانتی تھی وہ معصوم لڑکی۔۔بس یہ پتہ تھا کہ وہ ولی کی دلہن بن کر ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گی۔ مگر بچپن سے یہی بات سنتی دادی سے کہ ولی چھوڑ دیگا وہ اندر ہی اندر خوفزدہ رہنے لگی تھی۔۔

پر آج ہمت کر کے پوچھ ہی لیا تھا۔۔جس کے نتیجے میں ان کے بھاری ہاتھ کا تھپڑ اس کا کندھا ہلا گیا تھا۔

کہاں جاتا ہے تیرا کھانا دم لگا کیسے پیر دبا رہی ہے؟"اپنے پیر سے ٹھوکر" مارتی اسے سوچوں کے بھنور سے باہر لائیں۔۔۔۔۔۔

مری مری سی وہ پیر دباتی رہی آنکھوں میں کئی آنسو آکر خشک ہو گئے تھے ۔۔۔کندھے پر جلن ہونے لگی۔۔وہ ہمیشہ اس کے وجود کو نشانہ بناتی تھی۔جانتی تھی کہ وہ کبھی دکھا نہیں سکے گی۔۔

Zubi Novels Zone

چل جا منحوس ذرا دم نہیں اور سن لے ولی آیا اور اس کے سامنے نظر بھی" "نہیں آنا تو سمجھی،۔ورنہ تیری گردن مروڑ دوں گی۔۔۔

اٹھ کر بیٹھتی اسکا بازو جکڑے باور کرایا اسے اس وقت خالدہ بیگم ایک خونخوار خوفناک چڑیل لگی تھی۔

نورے شدت سے روتی ہاں میں سر ہلا گئی تو وہ بھی اسکا بازو جھٹک گئی وہ روتے ہوئے بھاگی تھی۔۔

اور اپنے کمرے میں ہی جا کر دم لیا تھا۔۔۔

"ولی۔۔۔ولی بھی روئے گا۔۔دیکھنا۔۔میں مر جاؤ گی پھر سب روئیں گے می۔
تم چلے گئے۔۔نورے روتی ہے تمہیں یاد کرتی ہے۔۔۔"

Zubi Novels Zone

وہ بیڈ پر اوندھے منہ لیٹی پھوٹ پھوٹ کر روئی۔۔دل دماغ میں ولی تھا۔جبکہ زبان بھی ولی ولی کا ورد کر رہی تھی۔۔
معصوم سی تھی وہ پردادی کو نا جانے کونسا بیر تھا اس لڑکی سے۔۔اور یہ نفرت نا جانے نورے کی زندگی میں کیا بربادی لانے والی تھی۔؟

پلکیں موندھے وہ حسین پریوں جیسی نازک دوشیزہ کسی خواب کے زیرِ اثر بے چین ہوئی تھی۔
اس کی پلکیں لرزنے لگی تھی۔

وہ ولی کا ہاتھ پکڑ کر سبز راہوں پر چل رہی تھی۔۔جب ولی ہاتھ آزاد کروانے لگا تھا۔
ولی ہاتھ کیوں آزاد کروا رہے ہو۔۔"وہ سہم گئی تھی۔۔"

"ہم کبھی ایک نہیں ہو سکتے نورے۔۔کبھی بھی نہیں۔۔"

"ولی آپ نے کہا تھا۔۔آپ اپنی ڈول کو کبھی خود سے دور نہیں کریں گے۔۔آپ جھوٹے ہیں آپ ڈول کو توڑ رہے ہیں۔۔"

"ہاں مجھے اب یہ ڈول اچھی نہیں لگتی۔۔" وہ نورے کا ہاتھ جھٹک کر بولا۔۔اور اس سے دور جانے لگا۔

"ولی۔۔آپ کی ڈول ہوں میں۔۔آپ کو دادی سا نے کہا ہے۔۔" وہ اس کی طرف بھاگ رہی تھی۔۔پر ولی نے اس کی طرف نہیں دیکھا۔

"ولی نورے مر جائے گی۔۔آپ کی ڈول مر جائے گی۔۔آپ سب نورے کو یاد کر کے رونے لگے گے نورے نہیں آئے گی۔۔" وہ ولی کے سامنے رک گئی تھی۔

ولی نے بیزار نظروں سے اسے دیکھا پھر دیکھتے ہی دیکھتے ولی نے کھائی میں چھلانگ لگادی۔۔

Zubi Novels Zone

"تم مجھے یاد کرو گی نورے۔۔"اس نے گرتے ہوئے کہا۔۔"
نورے کی آنکھ کھلی تھی۔۔
"ولی۔۔۔!!وہ چیخ کر اٹھی تھی۔۔ولی نہیں۔۔۔"وہ چیختی ہوئی پوری آنکھیں کھول کر کمرے کو دیکھنے لگی۔وہ نہیں تھا کہیں بھی نہیں۔۔نورے کی امید دم توڑ گئی۔۔وہ نہیں آیا تھا۔خواب تھا پھر بھیانک تھا۔
اگلے ہی لمحے وہ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔

"ولی دادی سا مجھے کبھی آپ کا نہیں ہونے دے گی۔۔اب تو ایسا لگتا ہے آپ بھی اپنی نورے کو چھوڑ دیں گے۔ "
اس کی ڈھڑکنیں بھی ولی ولی پکارنے لگی تھی۔۔پر وہ نہیں آیا تھا۔اس کی آنکھیں انتظار کیے اب تھکنے لگی تھی۔
وہ معصوم سی لڑکی امید چھوڑ رہی تھی۔پر نہیں جانتی تھی امید جڑنے والی ہے وہ آنے والا ہے۔۔۔پر بہت تکلیفوں کے بعد وہ اس تک آنے والا تھا۔۔

---

آج ملک حویلی میں خاصی چہل پہل تھی ہر ملازم الرٹ ہو کر کام کر رہے تھے۔۔ کیونکہ آج سالوں بعد
ملک حویلی کے وارث لوٹ کر آرہے تھے احد ملک کے جگر کے ٹکڑے تھے دونوں اور یاور ملک کا غرور تھے دونوں دادی سا بھی آج خوش خوش نظر آرہی تھی جب کے بانو کی تو نظریں ہی گیٹ سے نہیں ہٹ رہی تھی کہ پتہ نہیں کب آئیں گے ؟؟
نورے بھی کچن میں کھڑی تھی۔۔اور چھپ چھپ کر باہر جھانک لیتی۔۔ آنکھیں تو اس کی بھی پیاسی تھیں۔۔

"نورے بچے ادھر آؤ۔۔۔۔۔"

بانو بیگم نے نورے کو خاموش چھپ کر کھڑے دیکھ کر بلایا تو وہ چلتی ہوئی ان کے پاس اکر تخت پر بیٹھ گئی۔۔۔

"تم اداس ہو؟؟؟۔۔۔"

بانو بیگم نے اسکی خالی آنکھوں کو دیکھ کر بولا جب کے نورے نظریں جھکا گئی ۔۔

" نہیں امی سا ایسا نہیں ہے۔۔۔"

وہ پھیکی ہنسی ہنس کر بولی۔۔۔

نورے بات سنو آج جو بولوں گی تمہارے بھلے کے لئے بولوں گی تم میرا" دل ہو نورے مجھے بیٹی کی خواھش تھی پر اللہ نے نہیں دی پتا ہے کیوں؟؟"۔

وہ اسکی تھوڑی چھو کر بولی تو وہ اپنی بڑی بڑی آنکھیں کھولے ان کو دیکھنے لگی

---

کیوں وہ سوالیہ نظروں سے انکو دیکھ کر بولی۔۔۔

کیونکہ اللہ نے تم کو میری بیٹی بنانا تھا تم ہو نا میری بیٹی۔۔۔" وہ ہنس کر کہتی" اسے خود میں بھینچ گئی۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

تو نورے بھی ہلکا سا مسکرا دی۔۔۔

نورے آپ کو معلوم ہے نا آپ کو اپنی ہر ایک سے حفاظت کرنی ہیں"
؟"۔۔

بانو بیگم اسے خود سے لگائے ہی بولی تو نورے فوراً بولی۔۔

جی ماں سا !!

اسکے کانوں میں بچپن کی کوئی آواز آئی تھی

"نورے تم کو اپنی حفاظت کرنی ہے۔۔"

نورے نے اپنے خیالات جھٹکے۔۔۔

"نورے تم کو کوئی بھی غلط طریقے سے ہاتھ لگائے تو جانتی ہو نا کیا کرنا ہے ؟۔۔۔"

"ماں سا آپ یہ بات بچپن سے سیکھا رہی ہے اور مجھے پتا ہے اگر کوئی ایسا کرے تو زور زور سے شور کرنا ہے یا مارنا ہے کوئی بھی چیز اٹھا کر جو میسر ہو وہ بھی سیدھا منہ پر۔۔۔۔"

نورے بچپن کا رٹا رٹایا سبق سنایا تو وہ ہنس کر اثبات میں سر ہلا گئی۔۔۔

"آپ کو بس ولی ہی ہاتھ لگا سکتا ہاتھ بھی وہی پکڑ سکتا ہے اور سب "کچھ
"۔۔۔۔۔"

انہوں نے گویا باور کروایا۔۔۔۔پر خود بھی جھجھک گئ۔

Zubi Novels Zone

ولی کے نام پر سولہ سالہ نورے کا دل زور سے دھڑکا تھا۔۔۔

"آپ نے کبھی ایسا تو نہیں بتایا کہ ولی ہی بس۔۔۔"
وہ چپ ہو گئی کیونکہ سامنے سے آتی دادی سا سے یکدم گھبرا گئی دل سے دعا کی انہوں نے سنا نا ہو مگر وہ ملازمہ کو کچھ بول رہی تھی۔۔۔

"جب مجھے ضرورت پیش نہیں آئی اور ولی آپ کا لباس ہے آپ کا شوہر میں جانتی ہوں یہ باتیں آپ کی سمجھ نہیں آ رہی ہو گی مگر اب آپ بڑی ہو گئی ہو ولی واپس آ رہا ہے تو یہ سب سمجھانا تھا مجھے آپ کو۔۔"

وہ اسے اپنے سامنے کرتی کندھے پر ہاتھ رکھتی بہت کچھ سمجھا گئی تھی۔۔اس کا چہرہ سرخ ہونے لگا۔دل سوکھے پتے کی طرح لرز رہا تھا۔۔
"آب آپ جاؤ پیپر ہے کل تیاری کرو۔۔۔"

وہ جانتی تھی آج کل کی لڑکیاں سب کچھ جانتی ہوتی ہے مگر وہ یہ بھی جانتی ہے انکی نورے میں دوسری لڑکیوں جیسی نہ باتیں ہے نا چالاکی۔۔۔
کچھ دادی سا کا خوف اسے کبھی بھی بڑا نہیں ہونے دیتا تھا۔

---

"بابا سائیں نا ان سے کہا تھا آجاؤں گا کچھ دنوں میں مگر ایک نہیں سنتے وہ

میری۔۔۔"

وہ بیگ میں کپڑے بھرتا بڑبڑایا پھر بیڈ کے نیچے جھکتا ادھر سے ایک اور بیگ

نکالا جو کافی بھرا ہوا تھا۔۔

"یہ بھول نہ جاتا میں شکر ہے یاد آ گیا۔۔۔"

اس بیگ کو اٹھا کر بیڈ پر رکھا پھر ساتھ خود بھی بیٹھ گیا۔۔۔

بیگ کی زپ کھولی تو چہرے پر ایک مسکراہٹ رقص کر گئی۔۔۔

اس میں صرف اسنے نورے کے لئے چیزے جمع کر رکھی تھی وہ جب بھی

باہر شاپنگ کرنے جاتا تو خود سے زیادہ نورے کے لئے بھر لاتا۔

اسکو نہیں معلوم تھا نورے آب کیسی دکھتی ہو گی یا کتنی لمبی کتنی پتلی کتنی موٹی مگر ہمیشہ جب بھی اپنی امی سا سے بات کرتا تو ہمیشہ وہ یہی کہتی میری نورے بہت کمزور ہوتی جا رہی ہے بس اسی وجہ سے اندازے سے چیزیں لیتا رہتا تھا۔۔۔وہ چھوٹی سی لڑکی کبھی بھی اس کے ذہن سے نہیں نکلی تھی۔۔اور اب تو وہ دل پر بھی حکومت کرنے لگی تھی۔۔

سامان پیک کرتا اس نے روم میں ایک نظر دوڑائی کے کوئی چیز رہ نہ گئی ہو۔۔۔۔

بڑے سے کمرے میں ایک کنگ سائز بیڈ تھا جس پر سارا سامان نکال کر ڈال دیا تھا۔۔

ڈریسنگ پر ہیئر برش اور دیگر پرفیومز وغیرا بے ترتیبی سے رکھے ہوئے تھے
۔۔

اسے نورے کا خیال آنے لگا۔۔جو اس کے کمرے میں چیزیں ترتیب سے رکھتی محسوس ہوئی تھی۔۔وہ مسکرایا پر اگلے ہی لمحے غنی کی آواز نے اسے حال میں پٹک دیا تھا۔
ولی برو میں آرہا ہوں تھوڑی دیر میں۔۔۔"وہ ولی کے روم میں اکر بولا۔۔"

کدھر جا رہے ہو اتنے سالوں بعد واپس جارہے ہیں حویلی ابھی پیکنگ کرو آب کون سے کام ہے تمہیں"۔۔۔

ولی سختی سے بولا۔۔۔

بروسب کام کر دیا ہے میں نے اپنا۔۔" وہ بیزاری سے بولا۔۔"
آتا ہو میں تھوڑی دیر میں ولی اپنی کہتا نکل گیا تو ولی نے بھی سر جھٹکا اور بیگ کی زیپ بند کی۔۔۔

---

"شمس کیا ہے؟ جب میں سو رہی ہوتی ہوں۔۔ جبھی فون کرتے ہو۔۔۔

Zubi Novels Zone

عدن چڑ کر بولی جبکہ آواز میں ابھی بھی نیند کا خمار شامل تھا۔۔۔

"عدن میری جان تو میں کسے تنگ کروں۔۔"
شمس چیئر پر بیٹھا مسکرا کر بولا مگر دوسری جانب لیٹے وجود کو انگاروں پر گھسیٹ گیا تھا۔۔۔

یو شمس انسان بن جاؤ بتا رہی ہوں اپنے لئے کوئی ڈھونڈ و اور اسکو تنگ کرو"

"مجھے بخش دو۔۔۔۔

تمہارے علاوہ کوئی پسند نہیں آتی۔۔"اس کا آنچ دیتا لہجہ عدن کو ٹھٹکا گیا"

تھا۔۔

شٹ اپ یار، سونے دو مجھے۔۔"وہ تنگ ہوئے بولی۔"

کاش کہ میں تمہارے پاس ہوتا۔۔"اس کی شوخ طبیعت کو وہ اچھے سے"

جانتی تھی،۔ تبھی دانت پیس کر رہ گئی تھی۔

بے ساختہ شمس کا قہقہہ لگا کر ہنسنے لگا۔۔

"یار تمہارا ریڈ ہوتا بیوٹیفل فیس امیجن کر کے ہی اتنی ہنسی آ رہی ہے سامنے ہوتی تو واللہ واللہ سید ھا دل پر لگتی ٹھا کر کے۔۔۔"

لوفرانا انداز میں کہتا عدن کو جلا کر راکھ کر گیا تھا۔۔

عدن نے ایک نظر کان سے ہٹا کر فون کو گھورا پھر دانت پیسے۔

"اب تمہاری خیر نہیں سن لو تم۔۔" عدن واپس کان سے فون لگاتی سنجیدگی سے بولی۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

شمس نے ابرو اٹھا کر اسکی سنجیدگی ہضم کی

"کیوں" گلہ تر کرتا وہ گڑبڑایا۔۔

"فلم پریمئر پر نہیں انے والی اب میں سمجھ آئی۔۔۔"

"عدن، نوبی سیریس اس پر مذاق نہیں یار۔۔"

شمس رونے کے در پر تھا اپنا مذاق مہنگا پڑ گیا تھا اسکو مگر دوسری جانب پروا" کس کو تھی وہ فون کٹ کر چکی تھی۔۔۔

شمس نے خود کو کوسا آخر اسنے عدن کو فون کیا ہی کیوں تھا۔

---

"A.G"

عبدلغنی فشن انڈسٹری کا بہت بڑا نام تھا

جو صرف دو حرفوں سے دنیا بھر میں مہشور تھا

"A.G"

Zubi Novels Zone

ہر کوئی اس شخص کو مغرور اور گھمنڈی ہی کہتا تھا آئے دن اس کے نیو کلیکشن کو ہر کوئی ہی پسند کرتا تھا ریمپ پر جب ماڈلز اسکے برانڈ کے کپڑے زیب تن کرتی تو ہر کوئی اسکے ایک سے بڑھ کر ایک ڈیزائنز اور کلرز کے چناؤ کو دیکھ کر مبہوت ہو جاتا۔۔۔اور کئی ڈیزائنر اپنا سا منہ لے کر رہ جاتے۔۔

کچھ کپڑے ایسٹرن تو کچھ ویسٹرن اسی طرح کا کام تھا، غرض وہ شخص بیٹھے بیٹھے اپنے ڈیزائنز مشہور کروالیتا تھا۔۔وہ شخص قسمت کا دھنی تھا۔۔

Zubi Novels Zone

دو سال کی محنت کے بعد وہ اپنا نام بنا پایا تھا۔۔اور اب نام ہر طرف تھا۔۔

بہت سی خوبصورت دلکش لڑکیاں آئے دن اس کے اگیں پیچھے گھومتی مگر وہ مغرور انسان کسی کو پوچھتا تک نہیں اگر اس دل میں جگہ تھی تو پاکستان کی مشہور ٹاپ ماڈل کومل علی اسکا حسن دل موہ لینے والا تھا اور اسی کے دلکش

ہوش ربا سراپے کا عبدلغنی ملک دیوانہ تھا۔۔وہ ایسے ہی تو اس کا دیوانہ نہیں اس کی ادائیں ہی قاتلانہ تھیں۔۔

میری جان بس بھی کرو آب میری فلائٹ کا ٹائم ہے"۔"

اسے خود سے جدا کرتا پیار سے بولا۔۔

سکین کلر کے نائٹ گاؤن میں وہ دبلی پتلی دراز قد کی مالک اسکی بانہوں میں سمٹ کر بیٹھی تھی۔۔۔

Zubi Novels Zone

میں کیسے رہوں گی۔۔"وہ بھیگی آنکھوں سے بولی۔۔

بہت جلد تمہیں لے جاؤں گا۔۔اداس مت ہو۔۔۔"اس نے آنسو صاف" کیے۔۔

"وہاں پہنچ کر کال کرنا۔۔اور مجھے بھول نہ جانا۔۔"

اس سے دور ہوتی مقابل کے گال پر لب رکھ کر مسکرا کر بولی۔۔۔

"ساری دنیا بھول سکتا ہوں، تمہیں نہیں۔۔۔"

ااسکے دونوں ہاتھوں کو اپنی مضبوط گرفت میں لیتا لبوں سے لگا گیا جس پر وہ بلش کر گئی۔۔۔۔

"اب تم نے خیال رکھنا ہے اپنا بہت سارا جب تک میں واپس نہیں آتا۔۔۔"

وہ اسے تائید کرتا بولا تو وہ اثبات میں سر ہلا گئی وہ بیڈ سے اٹھ کر اپنا کوٹ اٹھاتا مڑا

بیگم گیٹ تک نہیں آؤ گی۔ چھوڑنے "۔۔۔۔"

وہ منہ بگاڑ کر بولا۔۔۔

ارے آرہی ہوں نا چلو وہ۔۔۔"فوراً اٹھتی اسکا ہاتھ تھامتی گیٹ تک آئی اور" جب تک وہ چلا نا گیا وہی کھڑی اسکو دیکھتی رہی۔۔۔۔

دل تیزی سے دھڑکا تھا اس کے دور جانے پر۔۔

---

ZNZ
Zubi Novels Zone

"تو اس کمرے میں کیا کر رہی ہے؟؟"
نورے جو بانو کے کہنے پر ولی کا روم دیکھنے آئی تھی کے کوئی کمی پیشی تو نہیں مگر اپنے پیچھے سے آتی دادی سا کی سخت آواز پر ایک بار پھر اپنی بد قسمتی کو کوسا ۔۔۔

"میں !! وہ امی سا نے بولا تھا۔۔۔"

وہ یکدم منمنہ کر بولی

جو خواب سوچ بیٹھی ہے کبھی پورے نہیں ہونے والے۔۔۔"وہ کر ختگی" سے کہنے لگی۔۔

"نہیں دادی سا۔۔۔امی سانے۔۔بھیجا تھا۔بس۔۔"

وہ رونے والی ہوئی۔۔

تو نہیں سدھرے گی اج تجھے ختم کر ہی دیتی ہوں۔ارے آئے روز سب" مرتے ہیں تجھے کیوں موت نہیں آتی میری تو دعا بھی قبول نہیں ہورہی آج "تک کچھ شدت سے نہیں مانگا جتنی تیری موت مانگی ہے۔۔۔

وہ اپنے دوپٹہ سر پر درست کرتی اسکی طرف قدم بڑھائے نورے کو اج اپنی موت سامنے نظر آئی تھی۔۔۔

دادی سا قریب آتی اس سے پہلے ہی وہ ڈر کر روتی ہوئی بیڈ پر چڑھتی دروازے سے باہر نکل گئی۔۔

دادی سا آنکھیں کھولے اسکی پھرتی دیکھ کر رہ گئی پھر اپنا وجود سنبھالتی اس کے پیچھے باہر آئی مگر وہ کہیں نا نظر آئی۔۔۔

"آج میں مر جاؤں گی۔۔دادی سا کی خواہش بھی پوری ہو جائے گی۔۔۔" وہ روتے ہوئے راہداری سے بھاگتی ہوئی خود سے بولی تھی اب اس کے قدم باہر جاتے حویلی کے دروازے کی طرف تھے۔

نورے کیا ہوا؟؟"۔۔۔بانو اسے روتا ہوا بھاگتا دیکھ کر بوکھلا گئی اسکے پیچھے " گئی۔۔

وہ اندھادھند بھاگتی باہر پتھریلی روش پر آگئی تھی جہاں گاڑی سے اترتا وہ شخص حویلی کو دیکھ رہا تھا۔۔وہ تیز بھاگتی آنکھیں رگڑنے لگی۔۔

پر یکدم ایک پتھر نما وجود سے ٹکرائی اس سے پہلے وہ زمین بوس ہوتی مقابل نے اس گڑیا نما لڑکی کی کمر میں ہاتھ ڈال کر گرنے سے بچایا۔۔۔

اس کی چیخ نکلی تھی۔۔ایسا لگا جیسے پاؤں زمین سے اٹھ گئے ہوں۔۔

سفید سرخ چہرہ گالوں پر پھسلتے آنکھوں بڑی بڑی آنکھوں میں خوف واضح محسوس ہوا ولی کو لرزتے لب ولی کو اپنی طرف متوجہ کر رہے تھے جب کے وہ نازک وجود اپنی آنکھیں کبوتر کی طرح میچے ہوئے تھا۔۔

اس مکمل حسن کو دیکھ کر عبدالولی ملک دھنگ ہی تو رہ گیا تھا۔۔۔

دل زور سے دھڑکا آنکھوں میں مقابل وجود کا عکس بے حد منفرد لگا تھا۔۔۔

دل نے گویا گواہی دی یہ تمہاری نورے ہی ہے دل کی دھڑکن تیز رفتار سے بڑھتی ہی جارہی تھی آتے وقت دل سے دعا کی تھی کاش وہ ہی پہلی ہو جس سے گھر میں وہ سب سے پہلے ملے۔۔۔۔

"Open your eyes my doll"

اسکا کانپتا ہوا وجود محسوس کر کے وہ گھمبیر آواز میں بولا۔۔

گھمبیر آواز نے دل کو بری طرح سہمایا۔ جس کا ڈر تھا وہی ہوا۔

نورے نم آنکھیں یکدم کھولتی اسے دیکھنے لگی۔۔۔

پہلے آنکھوں میں نا سمجھی پھر بے یقینی پھر اچانک خوف واضح ہوا دل دھڑکنا بھولا تھا۔۔

اسے لگا وہ ابھی اسے کہہ دے گا۔۔۔ دادی سا کے لفظوں نے اسے گھما کر رکھ دیا تھا۔۔

Zubi Novels Zone

وہ یک دم اسی کی بانہوں میں ہوش حواس سے بیگانہ ہو گئی۔۔۔۔

ولی منہ کھولے اسے دیکھتا رہ گیا۔۔پر اگلے ہی پل صبیح پیشانی پر بل آئے۔۔

لو بھلا میں کوئی جن تھا"۔۔۔۔۔"

مجھے دیکھ کر ہی بیہوش ہو گئی۔۔۔

منہ ہی منہ میں بڑبڑاتا بلا جھجک اسے اپنی بانہوں میں بھر گیا۔۔۔

گاڑی میں بیٹھا غنی تمام کاروائی دیکھ کر محظوظ ہوا تھا۔۔۔

برو تھوڑی شرم آتے ہی بیگم بانہوں میں۔۔اتنی بے تابی۔۔"۔۔۔۔۔"

غنی شرارت سے بولا جبکہ ولی بغیر اسکی باتوں پر کان دھرے اسے گود میں لئے اندر کی طرف بڑھا جہاں یہ سب دیکھ کر ایک وجود جل کر خاک ہونے والا تھا۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

---

اس بلند ترین بلڈنگ میں ہو آتو گئی تھی۔پر اب گھبرا رہی تھی۔۔پتہ نہیں عدن کیا رویہ اختیار کرتی اس کے ساتھ ؟،

وہ لڑکی تیز تیز قدم اٹھاتی اس فلیٹ کی لفٹ میں داخل ہوئی۔

سیاہ رنگ کا سادہ سا سوٹ زیب تن کیے بھورے گھنگریالے سے بال پشت پر کھول کر پھیلائے ہوئے تھے سیاہ ہی رنگ کی چادر کندھوں پر پر ڈالے۔وہ لڑکی معصومیت کا منہ بولتا ثبوت لگ رہی تھی۔

لفٹ میں داخل ہوئے وہ سیدھی کھڑی ہو گئی۔

پھولی ہوئی بے ترتیب سانس کو ہموار کرتی بے دھیانی میں وہ اپنے پیچھے کھڑے وجود کو دیکھ ہی نہ پائی۔۔۔جو ایک لمحے کے لیے حیران ہوا تھا۔۔پر اگلے ہی پل اس کے چہرے پر شرارتی مسکان پھیلی تھی۔

Hey darlings !!

"مجھے نہیں پتہ تھا مس عدن ایسا حلیہ بھی اپنا سکتی ہے۔۔"

پیچھے کھڑے وجود نے یکدم اس کا بازو اپنی گرفت میں لے کر لفٹ کی دیوار سے پن کیا۔

وہ معصوم اس حملے کے لئے تیار ہی نا تھی اچانک سب ہوا وہ حواس باختہ آنکھیں پھاڑے اسے دیکھنے لگی۔۔

Zubi Novels Zone

وہ محظوظ ہوتا اس کے اطراف میں ہاتھ رکھے۔دلچسپی سے اس کمال کا حسن رکھنے والی کو دیکھنے لگا۔۔

پیچھے ہٹیں۔۔"اس کی دلکش آواز لفٹ میں گونجی۔"

تو وہ خمار پن سے مسکرایا۔

یکدم گھبرا کر اسے خود سے پرے کرنے لگی تو وہ اپنے سینے پر رکھے اس کے مومی ہاتھوں کو اپنی قید میں لے گیا۔۔

"بے بی بولا تھا نا میں نے کہ کام کے مع املے نو مذاق اب چلو میرے ساتھ ۔۔ کل تو بڑے بہانے بنا رہی تھی۔۔۔" لفٹ اپر آ کر رکی ہوئی تھی اسنے واپس بٹن دبا دیا۔۔

"کون ہو تم کیا چاہتے ہو؟" وہ کانپ کر بولی آنکھوں میں آنسو تیر گئے۔۔۔"

شمس خان کو اپنا دل ان آنکھوں میں ڈوبتا ہوا محسوس ہوا۔ اس کی آنکھیں غیر معمولی سی لگی تھیں۔

عدن اب تم مجھے پہچاننے منع کرو گی حد ہے یار اب ایسا بھی کچھ نہیں ہوا تھا"
۔۔"وہ یکدم خود پر قابو پاتا دور ہوا تو اس کا اٹکا ہوا سانس بحال ہوا۔۔

"مجھ۔مجھے جانے دو۔۔"
وہ گھبرا کر بولی تو وہ اسکا گھبرایا ہوا چہرہ دیکھ کر چونکا"عدن تو ایسی نا تھی"پھر اس کے حلیے پر نظر ڈالی عدن تو ایسی ڈریسنگ نہیں کرتی۔۔۔کہیں بھی جانا ہوتا تھا وہ پھر بھی چادر شلوار سوٹ نہیں پہنتی تھی۔
"عدن تم مجھے بے وقوف بنا رہی ہو ناں۔۔"
دماغ کے گھوڑے دوڑاتا اسکا جائزہ لینے لگا۔۔
میں کیوں بے وقوف بناؤں گی۔۔پلیز آپ مجھے چھوڑ دیں۔۔"وہ ہاتھ چھڑواتی دور ہونے لگی۔۔

"عدن میری بات سنو۔۔۔"

اسنے اپنے خیال کو جھٹک کر اس کے قریب ہو کر سنجیدگی سے کہا۔۔

"میں عدن نہیں ہوں۔اس کی بہن ہوں۔پلیز لیو مائی ہینڈ۔۔۔"
وہ جو اس کا ہاتھ تھام گیا تھا اس کے شدت سے کہنے پر یکدم ہاتھ چھوڑ گیا۔

اسکی فیلڈ میں میں ہاتھ پکڑنا گلے لگنا بہت عام سی بات تھی مگر اس لڑکی کو چھونا اسکے دل کی دھڑکن بڑھا گیا تھا
"تم عدن نہیں ہو تو پھر کون ہو۔۔"
آنکھوں میں بے یقینی ہی بے یقینی تھی۔۔۔جبکہ دل شدت سے دھڑک گیا تھا۔عدن ایسی تو نہیں تھی۔۔اور نہ کبھی اس کے لیے شمس کا دل یوں بے اختیار ہوا تھا۔۔

وہ جلدی جلدی قدم بڑھاتی عدن کے فلیٹ کے باہر رکی اور بیل دی شمس اس کے پیچھے پوچھے ہی عدن کے فلائٹ تک پہنچا۔۔رانیہ نے اپنے چہرے پر پھیلا پسینہ چادر سے صاف کیا۔۔اس شخص سے اسے خوف آنے لگا تھا۔
جبکہ شمس متجسس تھا۔۔وہ تو عدن کو آج لینے آیا تھا اصل میں وہ سچ میں ڈر گیا تھا عدن آج پروموشن کے لئے نہیں آئی تو میڈیا میں فوراً باتیں بن جائیں گی
۔

عدن اس وقت لاہور میں تھی اس نے لاہور میں ایک فلیٹ لیا تھا رہنے کے لیے کیونکہ اسکا یہ پراجیکٹ لمبا تھا اسکی رہائش کراچی کی تھی۔۔۔

کچھ ہی دیر میں عدن نے گیٹ کھولا تو سامنے اپنی بہن اور شمس کو دیکھ کر حیران ہوئی۔

Zubi Novels Zone

رانیہ نے اوپر سے نیچے تک حلیہ دیکھا۔۔اور حیران ہوئی تھی

نائٹ شرٹ ٹراؤزر میں کانوں میں بلوتوتھ لگائے ہاتھ میں آئی فون لئے وہ

ہیروئن تو دور دور تک نہیں البتہ ماسی ضرور لگ رہی تھی۔پر اس کا حلیہ اسے

خفت زدہ کر گیا تھا۔۔اس نے بلاوجہ ہی اپنی چادر درست کی۔جیسے وہ بنا

ڈوپٹے کے ہو۔۔

ارے رانیہ میری جان تم؟؟

آؤ اندر۔۔۔عدن شمس کو اگنور کرتی اسے لئے اندر بڑھی۔۔عدن کے "

چہرے پر خوشگواری آئی تھی۔

شمس اب بھی بس منہ کھولے آنکھیں پھاڑے دونوں کا اتنا ملتا جلتا چہرہ دیکھ

کر حیرت کے سمندر میں ڈوبا ہوا تھا۔

اندر آجاؤ شمس وہی جمے رہو گے کیا؟؟

اندر سے عدن کی آواز سن کر شمس خود کو کمپوز کرتا اندر بڑھا جہاں وہ دونوں صوفے پر بیٹھی تھی۔۔۔

تم نے کیا حلیہ بنا رکھا ہے، ؟"رانیہ سنجیدگی سے بولی۔۔"

ارے میری پیاری بہنا ابھی سو کر اٹھی تھی جبھی۔۔۔ عُدن نے اسکا منہ" چوم کر کہا۔۔۔ وہ گڑ بڑائی تھی۔۔ شمس کی موجودگی میں یہ سب خاصہ عجیب سا تھا۔

شمس سامنے رکھیں صوفے پر بیٹھا عدن کی نوٹنکی دیکھ رہا تھا حقیقت تو یہ تھی دنیا کے سامنے پر فیکٹ ہیروئن گھر میں ہمیشہ ماسیوں والے لک میں رہتی تھی۔۔۔

رانیہ شمس کو دیکھ کر خاموش ہو گئی عدن نے شمس کو دیکھا جو سنجیدگی سے دونوں کو دیکھ رہا تھا۔۔

"میٹ شمس یہ ہے میرا بہت اچھا دوست اور میری انے والی فلم کا ڈائریکٹر ۔۔۔"عدن نے رانیہ کے کندھے پر بازو پہلا کر تعارف کروایا۔۔

"شمس یہ ہے میری چھوٹی بہن رانیہ اور مجھے پتا ہے تم حیران ہو بہت بٹ یہ میری جڑواں بہن نہیں ہے ہماری شکلیں بہت ملتی ہیں۔یہ پورے دو سال چھوٹی ہے مجھ سے امی بابا کے ساتھ یہ یہی لاہور میں رہتی ہے اسے پتا لگا میں یہی ہوں تو آ گئی ملنے۔۔"عدن نے تفصیل سے سب بتایا تو شمس نے سمجھ کر سر ہلایا۔۔

میں نے تمہیں ہی سمجھا تھا ان کو دیکھ کر یقین نہیں ہو رہا اتنا بھی کوئی ملتا"

ہے۔

شمس نے اس معصوم سے چہرے والی لڑکی کو نظروں کے حصار میں لے کر

کہا۔۔دونوں کی نگاہ ملی۔۔۔ جبکہ رانیہ کا جی چاہا شرم سے کہیں ڈوب جائے۔

رانیہ اپنی انگلیاں مڑورتی اسکی نظروں سے خائف ہوئی تھی۔۔

سب یہی بولتے ہیں اب کیا کر سکتے ہیں؟ عدن کندھے اچکا کر ہنس کر بولی "

۔۔

"ویسے کبھی تم نے بتایا نہیں تھا نہ کبھی پکچرز ساتھ پوسٹ کی انسٹا پر۔۔"

شمس جڑ تک پہنچنا چاہتا تھا کے آخر وہ بے خبر کیوں رہا۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

عدن آب سامنے بنے اوپن کچن میں کھڑی بات کررہی تھی ادھر سے وہ لوگ آسانی سے بات کر رہے تھے۔۔رانیہ کو سمجھ نہں آیا وہ یہی بیٹھی رہے یا اندر چلی جائے

"یار میں اپنے موبائل میں تم کو پتا ہے پرسنل چیزے نہیں رکھتی رانیہ سوشل میڈیا پر نہیں ڈالتی اپنی پکچرز سو نہیں ڈالی میں نے بھی۔۔رانیہ کو عادت نہیں ہے۔۔"

شمس ایک اور بار حیران ہوا پھر مسکرایا
"چلو شکر ہے وہ دنیا کی نظروں سے اوجھل ہے۔۔"

جبکے رانیہ پیزل ہوتی دانت پیس کر رہ گئی وہ آج آئی ہی کیوں تھی۔۔۔؟

چلو کافی بن گئی۔۔"وہ دونوں کو مگ پکڑا کر واپس سیٹ پر بیٹھی۔۔۔"

میں تمہیں لینے آیا تھا آج جانا ہے ہم نے یاد ہے" شمس نے ابرو اٹھا کر کہا"

۔۔۔

عدن نے منہ بنایا۔۔

شام کو آجاؤں گی اب شکل گم کرو میں بزی ہوں۔۔"عدن کا وہی لٹھ مار" انداز پر شمس اسے گھور کر رہ گیا آج پہلی بار وہ چڑا تھا۔۔ جیسے رانیہ کے سامنے شرمندہ ہوا ہو۔۔ مگر فرق کیسے پڑنا تھا جبکہ رانیہ حیران کے کیسے وہ بول رہی تھی اگر وہ ناراض ہو جاتا "تو" مگر اس "تو" سے بھی عدن حسین کو فرق نہیں پڑنا تھا۔۔

جاؤ بھی۔۔"عدن نے بھنویں سکوڑ کر کہا۔ رانیہ نے ترچھی نگاہ سے اسے" دیکھا پر براہوا وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا۔ گڑبڑائی سی وہ انگلیاں مروڑ کر رہ گئی۔

شمس بالوں میں ہاتھ پھیرے لب دباتا باہر نکل گیا تھا۔

---

ولی نورے !! بے ساختہ بانو کے منہ سے دونوں کا نام نکلا کیونکہ وہ اسے اپنے بازوں میں لئے اندر آرہا تھا

بانو بیگم نم آنکھوں سے اپنے خوبرو بیٹے کو دیکھنے لگی۔۔۔
لمبا قد چوڑا وجود گھنے سیلکی سیاہ بال، سرخ سفید رنگت، کھڑی ناک نقشہ چہرے پر ہمہ وقت سنجیدگی گویا اسکا خاصہ تھی۔جو اسے کافی پر وجاہت بنا رہی تھی۔۔

"امی سا فکر نہیں کریں مجھے دیکھ کر ڈر کر بیہوش ہوئی ہے۔۔" وہ پہلے شرارت پھر سنجیدگی سے کہتے ان کے بتائے ہوئے روم میں لیجا کر اسے لٹا دیا بانو بیگم کمبل ڈالتی اسپر ولی کی جانب بڑھی پھر اسے سینے سے لگائے کھڑی رہی میرا بیٹا میری جان اسکی پیشانی چوم کر بولی۔۔ آج اس کی پیشانی چومنے کے لیے انہیں اپنی ایڑھیاں بلند کرنی پڑی تھی۔۔ جبکہ وہ بھی جھکا تھا۔

"میں بھی ہوں امی سا!!" غنی بھی کمرے میں آن دھمکا۔۔

"ارے تم ادھر کیوں کھڑے ہو؟؟" اسے بھی سینے سے لگاتی پیشانی چومی۔

انکا یہ بیٹا انتہا کا دھیٹ تھا آنکھوں میں ہر وقت ایک مغروریت چھلکتی تھی ، کھڑی ستواں مغرور ناک چمکتی ہوئی سفید رنگت جس پر وائٹ شرٹ پہنی اور بھی بچ رہی تھی۔ اسے مغرور انا پرست شہزادہ کہا جاتا تو غلط نہیں تھا۔

دادی ساجو ملازمہ کے بتانے پر خوشی خوشی اپنے پوتوں سے ملنے آئی تھی اندر کا منظر دیکھ کر وہ کلس کر رہ گئی پھر اپنے تخت پر جا بیٹھی دل میں لاوا سا پکنے لگا تھا یقیناً یہ لاوا نورے پر پھٹنا تھا۔۔۔

"امی سا دیکھا نہیں کیسے اتے ہی اپنی بیگم کو لیا ہے جیسے بچپن میں لیتا تھا۔۔" غنی شرارت سے بولا جب کے ولی نے سنجیدگی سے اسے دیکھا بانو بیگم مسکرا دی پھر ولی کو دیکھا اس کے چہرے پر انہوں نے کچھ کھوجنا چاہا مگر انکو کچھ نا ملا ۔۔

Zubi Novels Zone

انکا دل یکدم تھمسا گیا تھا کہیں ایک اور غم انکی بیٹی کے حصے میں نہ آجائے یہ سوچ کر انکو اپنا دماغ سن ہوتا محسوس ہوا، کہیں ماں سا کا کہا سچ نہ

ہو جائے۔۔ ولی بدل گیا تو میری بچی۔۔۔؟

"ویسے ہوا کیا ہے نورے کو کافی کمزور ہو گئی ہے۔۔؟"

غنی انھیں اپنے حصار میں لئے باہر بڑھا ولی جبھی نکل گیا تھا روم سے، جیسے وہاں رکا تو دل ہار جائے گا۔۔

"غنی پہلے کی نورے میں اور آب کی نورے میں بہت فرق ہو گیا ہے۔۔" بانو بیگم نم لہجے میں بولی غنی ایک پل کو تھما پھر بولا۔۔

"می سارات کو بات کرتے ہیں ڈیٹیلز سے ابھی اپنی کھڑوس دادی سا سے مل لوں۔۔۔ ورنہ پھر خیر نہیں ہو گی۔۔"

ولی منہ بنا کر بولا جس پر بانو بیگم ایک چپت لگاتی ہنس دی تھیں۔

---

ZNZ
Zubi Novels Zone

ہال میں ولی اپنی دادی سا دادا سا اور بابا سا کے درمیان بیٹھا مسکرا کر باتیں کر رہا تھا۔

جسے دیکھ کر غنی نے ابرو اٹھائی اندر تو سڑے کریلے کی طرح کھڑا تھا وہ بڑبڑایا تو بانو بیگم نے تاسف سے غنی کو دیکھا۔

السلام علیکم !! غنی نے باآواز سب سلام کیا جس پر پر جوشی سے سب نے اسکو گلے لگایا۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

چند باتوں کے بعد دادا سا بولے جاؤ دونوں لمبے سفر سے آئے ہو آرام کرو رات کھانے پر ملتے ہیں۔

دادا سا کا کہنا تھا دونوں اٹھ کر چل پڑے مگر اس ستمگر نے ایک نظر اس نازک سی لڑکی کو دیکھنا گوارا نہیں کیا تھا۔

---

عدن اور اسکی فیملی لاہور میں رہتی تھی جبکہ عدن کے آئے وقت کے کاموں کی وجہ سے کراچی میں رہتی تھی۔

یا کوئی اور وجہ تھی؟ پر وجہ جو بھی ہو کراچی اسے راس آگیا تھا۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

شمس اسکا دوست سمجھ لو، رہبر، یا ہمنوا، وہ اسکا بہترین ساتھی تھا دکھ ہو یا چاہے سکھ وہ اس کے ہمقدم تھا۔۔۔

عدن کو شمس نے یونیورسٹی میں دیکھا تھا وہاں وہ کسی کام کے سلسلے میں آیا تھا وہ کم عمری میں ہی اپنا ایک نام اور مقام بنا چکا تھا وہ ایک مشہور ڈائریکٹر شمس خان تھا اسکی پرسنیلیٹی سحر انگیز تھی، جہاں وہ جاتا محفل پر چھا جاتا تھا۔

لمبا قد مضبوط کسرتی جسم بلیک آنکھیں جن میں ذہانت شوخی ہر وقت تیرتی تھی۔

بھورے سلکی بال جنہیں وہ فلحال بڑھائے ہوئے۔

براؤن ہوئی بیئرڈ گھنی مونچھیں جن کو آج کل کے حساب سے سیٹ کیا ہوا تھا۔۔

وہ خوبصورت تھا مگر دل اسکا اس سے بھی زیادہ خوبصورت دنیا اسکو اسکے بہترین کارکردگی کی وجہ سے سراہتی تھی،۔چاہتا تو وہ فلم میں ایز آ ہیرو بھی بن سکتا تھا۔۔پر اسے ڈائریکٹنگ کا کریز تھا۔۔

اور لڑکیاں تو تھی ہی اسکی دیوانی اور وہ بھی شوخ سا لڑکا ہمیشہ اپنی موج میں رہتا تگا۔عدن اسکی بیسٹ فرنڈ تھی جبھی وہ اسکو تنگ کرتا رہتا تھا۔

پر آج وہ خلافِ توقع خاموش تھا۔۔

وہ دونوں رانیہ کو گھر چھوڑ کر آفس آ گئے تھے۔

عدن کو کچھ کھٹکا تھا۔۔

Zubi Novels

تم اتنے چپ کیوں ہو؟ ہوش و حواس بھول گئے ہو کیا" عدن چڑ کر بولتی "
اسکے آگے ہاتھ لہرا کر بولی۔۔۔

صحیح کہہ رہی ہو ایسا لگ رہا ہے ہوش کھو گئے ہیں میرے۔۔۔" وہ ابھی بھی "
بے خیالی میں بولا۔۔۔

وہ لوگ اس وقت شمس کے آفس میں تھے شمس اپنی چیئر پر بیٹھا جھول رہا تھا
جب کے عدن ٹیبل کے سامنے رکھی چیئر میں سے ایک پر بیٹھی تھی۔۔۔۔

عدن کا پارا ہائی ہوا تھا وہ اسے کھا جانے والی نظروں سے دیکھتی سامنے رکھے
پانی کے گلاس کو یکدم شمس پر پھینکا۔۔۔

شمس یکدم ہوش میں آیا منہ کھولے وہ اپنے کپڑوں کا حال دیکھنے لگا۔۔

ہوش اب تک آگیا ہو گا۔۔"اسے سکتے میں دیکھ کر وہ تڑخ کر بولی۔۔"

یار یہ تم پاگل ہو؟"وہ لب بھینچ کر دانت پیس کر بولا۔۔۔"

فضول وقت ضائع نہ کرو۔اپنے سکتے کی وجہ بتاؤ جلدی سے۔۔"عدن" دونوں ہاتھ آپس میں جوڑتی ابرو اٹھا کر استفسار کرنے لگی۔۔۔

محبت ہو گئی ہے ڈارلنگ!۔۔۔۔۔"شمس گہری سانس لیتا خود کو کمپوز کرتا" مسکرا کر بولا۔۔۔۔

عدن پر تو گویا حیرت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا وہ آنکھیں پھاڑے اسے دیکھنے لگی جو اپنے دانتوں کی نمائش کر رہا تھا۔۔۔

Zubi Novels Zone

Are you serious !!

اور یہ محبت کا کونسا نمبر ہے ؟"

عدن خود کو سنبھالے اسے گھورے بولی۔

پہلا اور آخری۔۔"اس کے لہجے میں سچائی تھی۔"

سچ کہہ رہے ہو ؟"

"ہاں بالکل لڑکی کو تم مناؤ گی او کے۔۔"

شمس مزید کہتا اسکو دیکھنے لگا جو اسے ساکت بس دیکھ رہی تھی۔۔

اسے یقین ہی نہیں آرہا تھا شمس جیسا لا پروا، فلرٹی بندہ بھی محبت کر سکتا ہے

۔۔

صدمہ کیوں ہو گیا تمہیں ؟ شمس اسکا بے تاثر چہرہ دیکھ کر بولا۔"

تم نے بات ہی ایسی کی ہے جناب۔۔"عدن ہنس کر بولی۔۔"

مس ذرا تھم کر بولو مذاق نہیں کر رہا میں تم جانتی ہو مجھے میں کیسا"
ہوں۔۔"وہ منہ بنا کر بولا
ہاں جانتی ہوں ایک نمبر کے ٹھرکی ہو۔۔۔"وہ قہقہہ لگا کر بولی۔۔"

جی نہیں وہ تو بس ایسے ہی ذرا شوخ بن جاتا ہوں وہ بالوں میں ہاتھ پھیر کر کندھے اچکا کر بولا۔۔

Zubi Novels Zone

اللہ تمہاری محبت تمہیں راس کرے۔۔ورنہ یہ محبت ہر ایک کو راس نہیں" آتی۔۔"وہ بے خیالی میں بولی شمس نے سمجھ کر سر ہلایا وہ جانتا تھا یہ سب تو،۔پر وہ ابھی کچھ بھی اسے بتا نہیں پایا تنا۔

رات کو دونوں اپنی تھکان اتار کر سو کر اٹھے اور فریش ہو کر نیچے آئے جہاں خالدہ بیگم اور یاور ملک انکا ہی انتظار کر رہے تھے۔۔۔

"آؤ برخودار آرام کر لیا؟؟"

جی دادا سا کے دونوں جانب دونوں ڈیرا ڈال کر بولے۔۔

جی دادا سا آپ بتائیں کتنا مس کیا مجھے؟؟" غنی ہشاش بشاش سا بولا۔۔"

تمہیں تو ہر پل یاد کیا۔۔" وہ اسکو خود سے لگاتے لاڈ سے بولے۔۔"

جبکہ ولی خاموش تھا۔۔

Zubi Novels Zone

کھانا لگ گیا ہے آجاؤ سب۔۔" بانو بیگم نے سب کو متوجہ کیا تو سب کھانے" کے غرض سے اٹھ گئے۔۔

ڈائیننگ ٹیبل پر اس وقت سب موجود تھے سوائے نورے کے۔۔

ہر طرح کے کھانے پینے کی اشیاء موجود تھی۔۔۔
جسے سب شوق سے تناول فرما رہے تھے۔۔۔
اس کی بھوک اڑی تھی۔۔
"نورے کہاں ہے مجھے صبح سے نظر نہیں آئی۔۔؟"

یکدم دادا اسا کو ہوش آیا جب کے دادی سا دانت پیس کر رہ گئی۔
"بابا سا میں نے بولا تھا آجائے مگر اسکا دل نہیں کھانے کو۔۔۔"

بانو بیگم لاچارگی سے بولی۔

ارے ایسے کیسے دل نہیں میں لیکر آتا ہوں اپنی "ڈول کو۔۔" غنی شرارت سے کہتا اٹھا۔

اس کا ڈول کہنا ولی کو بری طرح چبھا تھا۔۔

"تم ! تم کیوں جاؤ گے ؟؟" ولی جو لاپرواہ بنا بیٹھا تھا یکدم بولا جبکہ سب کے لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ ابھر کر معدوم ہوئی تھی۔۔

"برجب سب کھانا کھا رہے ہیں تو میں ہی جاؤں گا۔۔" وہ کندھے اچکا کر بولا اور چیئر سے اٹھا ولی دانت پیسے اسے گھورنے لگا تھا۔

میں آجاؤں اندر ؟۔۔"وہ جو گہری سوچوں کی کھائی میں تھی اسکی آواز پر "
ہوش میں آئی۔سامنے غنی اپنی شاندار شخصیت کے ساتھ کھڑا تھا۔۔

جی آجائیں۔۔۔"وہ نارملی بولی اور پیر سمیٹ گئی وہ پاس ہی بیڈ پر بیٹھ گیا۔"

روم میں کیوں بند ہو جب سے ہم آئے ہیں۔۔تم کمرے کی ہو کر رہ گئی "
ہو۔۔ہم پسند نہیں آئے تو بتادو ہم واپس چلے جاتے ہیں۔۔"وہ منہ بسور کر
بولا۔

نہیں ایسی بات نہیں۔"وہ گھبرا گئی تھی "
پھر کیسی بات ہے ؟"وہ دو بدو بولا۔"
وہ چپ سی ہو گئی۔

"الی سے بھاگ رہی ہو؟"

" "میں کیوں بھاگوں گی ان سے۔؟

وہ ہکلا گئی۔

ارے تو ڈر کیوں رہی ہو؟؟"ولی کے نام پر غنی اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتا" ریلکس کرنے لگا۔

جبکہ یہ منظر دیکھ کر ایک وجود جل بھن گیا تھا۔۔

Zubi Novels Zone

---

رات کا پہر تھا ہر سو حویلی میں سناٹا ہو رہا تھا مگر ایک شخص بری طرح خود سے الجھا ہوا تھا دل میں گویا آگ لگ رہی تھی،۔نیند آنکھوں سے روٹھی تھی۔

وہ اضطرابی کیفیت میں اپنے کمرے میں یہاں سے وہاں گھوم رہا تھا۔

رائل بلیو کلر اس شخص کو بے انتہا پسند تھا، جبھی اسکے پورے بیڈ روم میں ہر چیز بلیو تھی۔۔

کنگ سائز بیڈ جس پر سلک کی رائل بلیو چادر بچھی تھی کمرے کے پردے، قالین یہاں تک کے اس کے موبائل کا کوور بھی بلیو تھا۔۔

جھنجھلا کے وہ اپنے کمرے سے نکلا اور تیز رفتار سے سیڑھیاں پھلانگتا نیچے آیا اسکا کمرہ دوسری منزل پر تھا۔

نظریں ڈورا کر آس پاس دیکھا خود کو یقین دلایا یہاں کوئی نہیں خود کو مطمئن کرتا اسنے اپنے قدم نورے کے کمرے کی جانب بڑھائے۔۔۔

اندر لائٹ جلی ہوئی تھی اس نے دروازے کے نیچے سے آتی روشنی دیکھ کر اندازہ لگایا۔۔۔

چہرہ حد سے زیادہ سپاٹ تھا آنکھیں سرخ انگارا ہو رہی تھی وہ خود اپنی کیفیت سے ہی اکتا گیا تھا۔۔۔اور یہ اکتاہٹ وہ لڑکی ہی دور کر سکتی تھی۔

دھاڑ کرتا وہ کمرے کا دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا پھر پلٹ کر دروازہ لاک کیا ۔۔

Zubi Novels Zone

وہ جو اپنے پیپرز کی تیاری میں مصروف تھی۔ یکدم اپنے سامنے وجود کو دیکھ کر ڈر و خوف سے کانپ کر رہ گئی۔
اپنے دل کے مقام پر ہاتھ رکھے خود کو سنبھالا پھر اس وجود کو دیکھا جو خونخوار نظروں سے اسے گھور رہا تھا۔۔

آپ یہاں ؟۔ کیا ہوا ہے ایسے کیوں آئے۔۔۔۔"چہرہ یکدم پسینے سے "
بھیگ گیا وہ بیڈ سے یکدم کھڑی ہوتی بولی

جو گیٹ پر کھڑا اسکا جائزہ لے رہا تھا مگر اسکی بات نے جلتی پر تیل کا کام کیا
۔۔۔

وہ تیز تیز قدم بڑھاتا اس تک پہنچا اور بازو سے دبوچ کر خود سے بے حد
قریب کرتا دیوار سے اس کی پشت لگائی۔
تم نہیں جانتی۔۔ کیوں آیا ہوں، اور اگر آؤں گا بھی تو تم سے پوچھ کر آؤں "
گا میں یہاں ؟؟؟؟۔" وہ دھاڑا تھا وہ نازک سی سولہ سالہ نورے اسکی
گرفت میں تڑپ کر رہ گئی۔
آنکھوں میں آنسو تیر گئے جن میں گویا عبدالولی کو اپنا۔

میرے قریب انے پر تم کانپ رہی ہو آنسو بہہ رہے ہیں مگر دوسرے کے چھونے پر تم ذرا نہ کانپی ایک آنسو نہیں نکلا۔۔ کیوں بولو؟اور میرے سامنے "تم حواس کھو گئی۔۔ واہ۔۔ کیا دوغلا پن ہے۔؟

وہ جبڑے بھینچ کر بولا ایک ہاتھ کمر میں ڈال کر اپنے اور نزدیک کیا وہ سیدھا سینے سے لگی تھی۔

نورے سسک پڑی تھی۔۔۔

میں نے کسی کو چھونے نہیں دیا آج تک۔۔۔"

اس مضبوط لمبے چوڑے چھبیس سالہ وجود کا وہ ذرا بھی مقابلہ نہیں کر سکتی تھی مگر بات اب کردار پر آئی تھی وہ مضبوط بنی بولی۔

ولی سرخ چہرے سمیت جو اسے کھا جانے کے درپر تھا پر یکدم خاموش ہوا

ZNZ Zubi Novels Zone

میں کب بول رہا ہو کسی نے چھوا ہو گا؟" وہ اب دباد باغرائے اسے اپنی" سخت گرفت میں لیکر سن کر گیا گیا تھا۔

کسی میں اتنی ہمّت نہیں وہ یہ حرکت کر سکے تمہیں دیکھنے چھونے کا حق" صرف مجھے حاصل ہے سمجھ آئی،۔" اسکے ہاتھ کو سختی سے ہاتھ میں لیتا اس پر دباؤ ڈالے بولا تھا۔

نورے اس کی گرفت میں پھڑپھڑا کر رہ گئی وہ مضبوط جسم کا مالک وہ کمسن نازک سی لڑکی۔ مقابلہ کرتی بھی تو کب تک کرتی؟

تم صرف میری ہو، عبدلولی کی۔۔"۔اس کے کان کے پاس جھکتا غرا کر بولا" ،ایک جنونیت تھی اس کے لب ولہجے میں۔

نورے کا چہرہ یکدم سرخ ہوا وہ اتنا نزدیک ہو کر بولا کے ولی کے لب نورے کی کان کی لو کو چھو رہے تھے وہ کانپ کر رہ گئی۔ وہ اتنے قریب آئے گا کب سوچا تھا۔۔

ولی!! اس کے لبوں سے ساختہ اس کا نام نکلا۔۔ اور وہی اس کا غصہ جھاگ کی طرح بیٹھ گیا۔

"دوبارہ کہو۔۔۔"

اس نے گھمبیرتا سے کہہ کر نورے کی جان ہلکان کی۔۔

"ولی۔۔ چھوڑیں۔۔

جلتا بھنتا دل بھی اس کا نام لینے پر ٹھنڈا پڑ گیا۔

وہ کچھ دور ہوا۔ ایک ہاتھ سے ابھی بھی اسکی کمر کے گرد حصار تھا۔

چو۔ چھوڑیں مجھے وہ پزل ہوتی بولی مگر وہ بس اسکا چہرہ تکے جا رہا تھا

Zubi Novels Zone

نورے اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی مگر ان آنکھوں کی باتوں سے شاید وہ ابھی ناواقیفت تھی یکدم اسے دادی سا کی بات یاد آئی۔۔

"ولی کے سامنے بھولے سے بھی مت آنا ورنہ وہ اسی وقت طلاق تیرے منہ پر مار دے گا"۔۔۔۔وہ قہقہہ لگا کر ھسنسی انکی مکروہنسی اسے اپنے کانوں میں سنائی دینے لگی۔۔۔

چہرے پر یکدم خوف سمٹ آیا آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے وہ کانوں پر ہاتھ رکھتی نفی میں سر ہلانے لگی۔۔

ولی اس کی کیفیت سے بوکھلا کر رہ گیا تھا۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

نورے کیا ہوا ہے تمہیں؟" وہ قریب ہوتا بولا مگر وہ پوری قوت سے اسے "
خود سے پرے دھکیل گئی۔۔

جاؤ یہاں سے۔۔۔" وہ چلا کر بولی ولی کی آنکھوں میں یکدم خون اتر آیا تھا"
۔۔۔

تمہارا مسلہ کیا ہے؟" وہ بھی دھاڑا۔۔"

Zubi Novels Zone

جاؤ یہاں سے اللہ کا واسطہ ہے چلے جاؤ۔۔" وہ ہذیاتی ہوئے چیخی۔"
اس نے ولی کو جھٹکا تھا اپنے ولی کو جس کی پناہ میں وہ بچپن سے چھپتی
تھی۔۔آج اس کی پناہوں سے دور بھاگ رہی تھی اسے دھتکار رہی تھی۔

ولی نے ایک افسوس بھری نظر نورے پر ڈالی۔

"پچھتاؤ گی تم اپنے کیے پر۔۔۔ بہت پچھتاؤ گی۔۔اچھا نہیں کیا تم نے۔۔۔"

وہ کہتا پلٹ کر دروازہ کھولتا دھاڑ کے ساتھ بند کرتا دندناتا ہوا نکل گیا پیچھے وہ پھوٹ پھوٹ کر روئی تھی۔۔

ولی سرخ انگارہ ہوتی آنکھوں کو میچے خود پر ضبط کر رہا تھا اسکا رونا بےچین کر گیا تھا مگر اسکا دور کرنا اسے جانے کا کہنا اسے دہری ازیت دے گیا تھا۔

اچھا نہیں کیا نورے تم نے۔۔ عبد لولی کو جھٹک دیا۔۔اسے دور ہونے کو کہا جو تمہارے سب سے زیادہ قریب ہے۔۔ "دل چاہ رہا تھا سب تباہ و برباد کر دے۔

Zubi Novels Zone

وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا حویلی سے باہر نکلتا چلا گیا۔

میری جان کیسی ہو؟"وہ اسکو محبت سے چور نظروں سے دیکھتا بے تابی سے" بولا تھا۔

تم اتنے دور ہو کیسی ہو سکتی ہوں، تنہا اکیلی۔۔"وہ منہ بسور کر بولی۔"

کومل اور غنی دونوں ویڈیو کال پر بات کر رہے تھے جس کے زریعے وہ دونوں ایک دوسرے کو باآسانی کو دیکھ پا رہے تھے۔۔۔

کومل مہرون کلر کا دیپ گلے والا نائٹ گاؤن پہنی ہوئی تھی چہرے پر میک اپ کیے آنکھوں میں گہرے لین لگائے غنی کو سیدھا دل پر لگ رہی تھی۔۔

"بس چند دن بہت جلد آجاؤں گا۔۔۔"

کومل نے گھنی پلکیں اٹھا کر اسے دیکھا۔

اداٸیں مت دکھاؤ، جانتی ہو تمہارا حسن دیکھ کر میں بے تاب ہو جاتا ہوں۔" دل کرتا تمہیں ہی دیکھتا رہوں۔" خمار الود نظروں سے اسے دیکھتا مقابل کو قہقہہ لگانے پر مجبور کر گیا۔

افففف !! کہاسے آتی ہیں یہ باتیں۔۔۔" وہ ایک ادا سے کندھے سے بال" جھٹک کر بولی۔۔۔

اس دل سے آتی ہے۔۔۔" وہ بالوں میں ہاتھ پھیر کر بولا۔"

کومل ہمارے نکاح کے بارے میں ابھی کوئی نہیں جانتا اور پلیز تم بتانا بھی" نہیں تم جانتی ہو ہماری فیلڈ کیسی ہے؟" غنی کو اچانک یاد آیا تو وہ بول گیا۔

کومل کا چہرہ اسپاٹ ہوا پھر بولی" صحیح ہے میں نہیں بتاؤں گی کسی کو پر تم یہ بتاؤ "کب تم حویلی میں لے کر جاؤ گے کب بتاؤ گے سب کو۔؟

"یار ابھی ان باتوں کا کوئی مقصد نہیں تم جانتی ہو میرا بڑا بھائی ہے اس کے بعد ہی میں تمہارے بارے میں بات کروں گا۔۔"

"تم نے کبھی اپنا بڑا بھائی نہیں دکھایا۔نہ اتناذکر کرتے ہو۔۔اور ان سے ہماری شادی کا کیا تعلق ہے؟"

"تعلق ہے میری جان۔بڑا بھائی ہے۔ان کا حق پہلے ہے۔۔اور دکھایا اس لیے نہیں کہ موقع نہیں ملا۔اور ساتھ میں وہ مجھ سے بھی ہینڈسم ہیں اگر نکاح سے پہلے تم مکر جاتی تو میں بیچارہ کیا کرتا؟؟؟"

"تمہیں میں ایسی لگتی ہوں؟۔"کومل کو غصہ آیا تھا۔۔

"مذاق کر رہا تھا وہ نکاح شدہ ہیں اور اپنی چھوٹی سی بیوی سے بہت پیار کرتے ہیں۔۔"

ولی کا ذکر اس کے عنابی لبوں پر مسکراہٹ لا یا تھا۔۔

کومل یک ٹک اسے دیکھتی رہی۔

کچھ دیر دونوں ایک دوسرے سے باتیں کرتے رہے۔ پھر فون بند کر کے غنی اپنے لیپ ٹاپ کر کام کرنے لگا۔

---

کافی دیر سے گیٹ پر بیل ہو رہی تھی وہ جلدی اپنے روم سے نکلتی نیچے سیڑھیاں پھلانگتی گیٹ کے پاس آئی۔

"صبر نہیں ہو رہا کیا؟؟ آ ہی رہی ہوں۔۔"

ایک بار پھر سے بیل بجی تو رانیہ دانت پیس کر بھولی اور پھر آگے بڑھ کر گیٹ کھولا۔ سامنے کھڑے وجود کو دیکھ کر ایک پل وہ ساکت ہوئی آنکھیں پھیل گئی وہ آج اسکے گیٹ پر تھا یہ بات رانیہ کو گھبرانے کے لئے کافی تھی۔

آپ"؟؟؟۔۔وہ جو اسے نہارنے میں لگا ہوا تھا رانیہ کے بولنے پر ہوش میں" آئے بولا۔

ایکچویلی مجھے عدن نے بھیجا ہے۔۔" شمس نے جھوٹ کا سہارا۔

و۔وہ کیوں ؟رانیہ تذبذب کا شکار ہوئی۔۔
آپ اندر نہیں بلاؤ گی مجھے ؟؟" شمس نے موضوع بدلہ۔اور ایک بار پھر" اسے دیکھا، سادہ سے گہرے براؤن شلوار قمیض میں وہ اپنی ملاحت بھرے چہرے سے سیدھا دل میں اتر رہی تھی۔

"جی۔؟
!! اندر
نہ۔نہیں میرے ماما بابا گھر نہیں وہ گھبرا کر گیٹ کی اوٹ میں ہو گئی۔

"رانیہ!! گھبراؤ نہیں۔۔ کوئی بات نہیں آپ یہ پاس لے لو کل ہماری فلم کا پریمیئر ہے سو آپ ہماری خاص مہمان ہو نگی ضرور آنا یہ پاس اسپیشل گیسٹ کو دیا جاتا ہے۔"

وہ نرمی سے بولتا اسے پر سکون کرنے کی کوشش کرنے لگا۔

وہ گہرا سانس لیکر اس پاس کو اسکے ہاتھ سے لے گئی۔۔

اس کی مومی انگلیاں شمس کے مضبوط ہاتھ سے ذرا سا مس ہوئی۔

شمس کے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی جبکہ رانیہ کے وجود میں سنسانی دوڑ گئی۔

ZNZ Zubi Novels Zone

وہ کارڈ لے کر گیٹ بند کر کے گیٹ سے پشت ٹکا گئی

باہر کھڑا شمس جس کے چہرے پر اب ماسک موجود تھا کافی دیر تک اس کے لمس کو چھو کر محسوس کرنے لگا۔

پھر اپنے پاگل پن پر ہنستا اپنی گاڑی لے کر نکل گیا۔

Zubi Novels Zone

---

اس وقت صبح کے آٹھ بج رہے تھے حویلی میں اس وقت سب ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے ناشتہ کر رہے تھے۔۔

!!! نورے

سب جو بے فکر ہو کر ناشتہ کر رہے تھے احد ملک کے پکارنے پر سب نے دروازہ کے پاس کھڑی نورے کو دیکھا۔

"!!ادھر او بچہ۔"

احد صاحب محبت سے بولے ولی جو بے دلی سے ناشتہ کر رہا تھا اب چھوڑ چکا تھا، پتھریلے تاثرات چہرے پر پھیل گئے تھے۔۔اور اب اس کے ٹیبل پر آنے کے انتظار میں تھا البتہ ایک نظر اٹھا کر اسنے دیکھنا گوارہ نہیں کیا تھا۔۔

وہ سفید رنگ کا یونیفارم پہنے بھورے بالوں کی چوٹی باندھے سرخ سفید" رنگت آج اور بھی زیادہ سرخی مائل ہو رہی تھی۔

انکھوں میں اداسی تھی گلابی لب سوکھ رہے تھے وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی احد ملک کے پاس آگئی۔

انہوں نے ہاتھ پکڑ کر پاس رکھی کرسی پر بیٹھا دیا۔

"کیا ہوا ہے میرا بچا کدھر غائب ہوتی ہو اور ؟۔۔۔"

وہ جو اسکا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے وہ ان کو شدید گرم محسوس ہوا۔

آپ کو تو بخار ہے اسکول کیسے جاؤ گی۔۔ بانو دیکھو نورے کو بخار ہو رہا"

"ہے۔۔

وہ فکر مندی سے بولے۔

بانو بیگم بھی اس کے پاس آئی اس کا بخار چیک کرنے لگی۔

"ذرا خیال نہیں رکھتی اپنا۔۔نہ بتایا مجھے اس نے۔۔" بانو بیگم شکوہ کناں ہوئی۔

ولی کا دل بے قرار ہوا تھا۔

نورے نظریں جھکا کر بیٹھی رہی۔

بابا سا پیپر ہے میرا آج آخری پیپر ہے۔۔" وہ نظریں جھکا کر ہی بولی۔ دودو" دشمن بیٹھے تھے۔۔ایک بس دل کو سب سے پیارا تھا۔

"چلو پھر ناشتہ کرو آپ پہلے۔۔۔

میں نے کر لیا۔۔" وہ دادی سا کی کرخت نظریں خود پر محسوس کرتی اٹھ" کھڑی ہوئی۔

"ولی جاؤ نورے کو چھوڑ آؤ۔۔۔"

ZNZ
Zubi Novels Zone

دادا سا نے حکم دیا۔

میں؟؟"

ولی نے آنکھیں گھما کر ان کو دیکھا جو مسکراہٹ دبا رہے تھے ولی نے نورے کو گھورا جو کھڑی زمین پر نجانے کیا تلاش رہی تھی۔

دادی سا بے چین ہو گئی تھیں۔ایک بار پھر دل چاہا نورے کو قتل کر دیں۔۔

وہ اپنی سیٹ سے کھڑا ہوا۔

"جاؤ نورے۔۔۔خیال رکھنا میرے بچے۔۔۔

بانو بیگم نے اسے ہوش دلایا وہ اس کے پیچھے بڑھی۔

"چادر لیکر آنا ورنہ مت آنا۔۔"وہ کھا جانے والے انداز میں بولا تو وہ پل میں گڑبڑا گئی رات کا غصہ پھر امڈ آیا تھا ولی کا۔

وہ بھاگ کر اپنے کمرے میں گئی وہ کافی لیٹ ہو چکی تھی۔۔

دونوں ہی خاموش تھے وہ انگلیاں مڑوڑتی بے چین نظر آ رہی تھی۔۔۔

زیادہ بری لگ رہی ہے تمہیں اپنی یہ نازک انگلیاں تو بتادو کاٹ دوں "

گا۔۔۔"

وہ پھنکارا تھا نورے اسکے اتنے سخت لفظوں پر کانپ کر رہ گئی۔۔

کب امید تھی کہ وہ ایسا بھی ہو جائے گا۔۔

وہ ایک جھٹکے سے گاڑی روکتا دونوں ہاتھ نورے کے اطراف رکھے اس پر

جھکا بے انتہ قریب ہوا۔۔۔۔

وہ آنکھیں کھولے اسے اپنے اتنا قریب دیکھ کر اپنا سانس ہی روک گئی چہرہ

بے تحاشا سرخ ہوا۔رات کا منظر یاد آنے لگا تھا۔

"تم نے جورات کیا ہے نہ اس کا بدلہ میں تم سے ابھی اور اسی وقت لے سکتا

ہون۔۔۔" وہ اسکی تھوڑی اپنے لبوں سے چھو کر بولا۔

Zubi Novels Zone

اس کا دہکتا لمس جان ہلکان کر گیا تھا۔

نورے کو لگا تھا اب وہ سانس ہی نہیں لے پائے گی آنکھوں میں پانی بھر آیا تھا
ولی آنکھیں چھوٹی کیے اسکا چہرہ دیکھنے لگا۔۔زرا سا قریب آیا تھا اور وہ جیسے
مر جانے کو ہو رہی تھی۔

"میرا دل کر رہا ہے یہی روڈ پر پھینک کر چلا جاؤں۔۔" مگر وہ لب بھینچ گیا
نورے اسکی سفاکی پر رو دینے کو تھی۔دادی سا کہا سچ ہونے لگا تھا۔۔وہ
نفرت کرنے لگا تھا۔۔

"مگر کیا ہے نا بچپن سے تمہاری حفاظت کی ہے میں نے کہیں اکیلا نہیں
چھوڑا تو آج یہی بات روک رہی ہے، ورنہ مجھے رات سے تم پر شدید غصہ آرہا
ہے۔۔"

وہ اس سے دور ہو گیا اگر دور نہ ہوتا تو ضبط ٹوٹ جاتا اور ولی ہر حد پار کر جاتا مگر اسنے نورے کا خیال کیا وہ چھوٹی تھی ابھی بہت۔۔۔نازک سی تھی۔۔

نورے کو لگا اسنے جو بولا سیدھا سیدھا مذاق کیا ہو

کب کی اسنے حفاظت؟

کب تھا وہ اسکے ساتھ جب وہ تڑپ کر اسکو پکارتی تھی؟

کب آیا وہ دادی سے اس کو بچانے؟

جب اسکو ذہنی اذیت دیتی تھیں وہ کہاں ہوتا تھا؟

ایسے بہت سے سوال تھے نورے کے دل میں مگر وہ نم آنکھوں سے خاموش تھی۔۔ کہتی بھی کیسے وہ لاپرواہ سنگدل بے حس ولی بن گیا تھا۔

Zubi Novels Zone

بلیک کلر کا پینٹ کوٹ پہنے جو اسنے خود ڈیزائن کیا تھا کالے سیاہ بال جن کو جیل سے سیٹ کیا تھا۔ چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ اس کی شخصیت کا خاصہ تھی کھڑی مغرور ناک سیاہ آنکھیں اسکی آنکھوں سے ہمہ وقت مغروریت چھلکتی تھی جن پر اس وقت کالا چشمہ لگا ہوا تھا

اس وقت وہ جلدی جلدی سیڑھیاں اترتا عجلت میں تھا۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

"کہاں چلے برخودار؟

دادا سانے اس کو تیار دیکھا اور پھر ہاتھ میں چھوٹا سا بیگ دیکھتے وہ ابرو اٹھا کر بولے۔

"دادا سا مجھے ابھی جانا ہو گا شہر ضروری جانا ہے ایک پارٹی اٹینڈ کرنی ہے اور میں پہلے ہی لیٹ ہوں پانچ بج گئے ہے آٹھ بجے ادھر ہونا لازمی ہے"

چلو اللہ کی امان میں جاؤ۔۔۔"اس کے گلے لگتے بولے وہ بھی ان سے ملتا" تقریباً بھاگا تھا باہر۔۔۔۔۔

نورے بچے چائے پلا دو اپنے ہاتھ کی اچھی سی۔۔"وہ وہی لیونگ روم میں" بیٹھے بولے نورے جو کچن میں تھی ان آواز کی سن کر چائے بنانے لگی۔۔

چائے بنا رہی ہو بڑی بات ہے دادی تو بولتی تھی تم اٹھ کر پانی پینا پسند نہیں" کرتی۔۔۔"وہ جو چائے بنانے میں مصروف تھی اپنے پیچھے ولی کی طنزیہ انداز میں بات سن کر تلخی سے مسکرائی۔

ولی کو یہاں آئے ہوئے ایک ہفتہ ہو گیا تھا مگر ولی نے نورے کو ہستا مسکراتا نہیں دیکھا تھا اور آب اس کو مسکراتا دیکھ کر اسے لگا اسکی مسکراہٹ کھو کھلی ہے

وہ سنجیدگی سے اسکے مسکراتے لب دیکھ رہا تھا مگر آنکھیں جو وہ جھکائے چائے بنا رہی تھی ان میں نمی تھی جو ولی یہ نادیکھ پایا۔۔۔

نورے۔۔۔۔!!
ولی نے پکارا اسکی پکار میں ایک تڑپ تھی نورے کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا گلابی لب لرز رہے تھے۔۔۔

نور !

ZNZ
Zubi Novels Zone

کیوں کر رہی ہو ایسا کیوں ایسا شو کر رہی ہو کہ مجھے جانتی ہی نہیں۔۔۔"وہ" نرمی سے بولتا اسکے گرد حصار باندھ گیا نورے کی پشت ولی کے سینے سے الگی تھی۔۔۔

نورے کا پورا وجود گویا سن ہو گیا تھا ولی کا چھونا اسے حواس باختہ کر گیا تھا وہ نہ مزاحمت کر پا رہی تھی نہ بول پا رہی تھی۔۔۔

"تم کیوں نہیں بولتی مجھ سے کیوں نہیں پہلے کی طرح مجھے دیکھ کر خوش ہوتی کیوں نہیں ہنستی کیوں نہیں مسکراتی؟"وہ اسے اپنے سامنے کرتا پہلے نرمی پھر یکدم سختی سے بولا تھا۔۔۔

نورے نم آنکھوں سے اسے دیکھے گئی ولی اسکی آنکھوں کا خالی پن دیکھ کر ساکت ہوا تھا۔۔۔

کیوں میرے قریب اتے ہیں جان کیوں نہیں چھوڑ دیتے میری؟"وہ اس"
کے سینے پر زور سے دونوں ہاتھ مارتی روتے ہوئے بولی۔۔

ولی غصے سے سرخ ہوتا اسکا جبڑا دبوچ گیا چائے ابل کر باہر گرنے لگی لیکن وہ
دونوں اپنی جنگ میں الجھے ہوئے تھے۔

میری بات کان کھول کر سنو تمہارا مجھ سے پیچھا تو کبھی چھوٹ نہیں سکتا"
"اپنے دماغ میں یہ بات بٹھالو۔۔

"اور اگر میں مر گئی پھر؟
نورے سلیب سے لگی بھیگی آنکھوں سے بولی ولی کو گویا سانپ سونگھ گیا تھا
دل دھڑکنا بھولا تھا وہ ساکت بس نورے کو دیکھتا رہا۔۔۔

تم اپنی زبان پر قابو کر لو ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا میں نہیں چاہتا میں "
"جاہل مردوں کی طرح تم پر ہاتھ اٹھاؤں۔۔۔۔۔

وہ سخت لہجے میں باور کرواتا اسے چپ کرا گیا۔۔۔

تمہیں یقین نہیں آئے گا عبدلولی ملک وہ نورے مر چکی ہے جس کو تم ہستا "
"مسکراتا خوش دیکھتے تھے۔۔

ولی کے قدم کچن سے جاتے روکے تھے وہ سنجیدگی سے نورے کو دیکھنے لگا جو
اب اپنے آنسوں صاف کرتی واپس چائے بنانے لگ گئی تھی۔۔۔

Zubi Novels Zone

اس نورے کی موت کیسے ہوئی وہ تو میں جان ہی لوں گا،۔۔" وہ دل ہی دل" میں سوچتا غصے سے پاگل ہوتا کچن سے نکل گیا۔۔۔۔۔

نورے اس کی پشت کو دیکھ کر رہ گئی۔

بتاؤ ناں ! ہم لگتے تھے کیسے ؟

.. تمہیں تو یاد ہے نا ہنسنا ہمارا

---

اس وقت شہر کا ہر مشہور ڈائریکٹر، پروڈیوسر، ایکٹرس، ڈیزائنرس ، سنگرز، ماڈلز سب ہی اس وقت سب ہی پارٹی میں موجود تھے۔۔

عدن وائٹ کلر کا سلیو لیس لونگ گاؤن پہنے کندھوں پر سے ذرا ذرا سا سر کا ہوا گلہ تھا جس سے اسکی بیوٹی بون شو ہو رہی تھی، دودھیا بازوؤں پر کئی مردوں کی نظر پھسل رہی تھی پر وہ پر اعتماد اور بے نیاز تھی عادی ہو گئی تھی وہ ان سب کی۔۔

شمس بلیک پینٹ وائٹ شرٹ پہنے اپنا وہی لاپرواہ سے انداز میں کھڑا تھا شمس کی نظریں گاہے بگاہے گیٹ کی طرف اٹھ رہی تھی۔۔۔

Zubi Novels Zone

عدن پروڈیوسر کے ساتھ تھی جبکہ فلم کا ہیرو عماد ظفر شمس کے ساتھ ہی تھا ۔۔۔

تم کسی کا ویٹ کر رہے ہو۔۔" عماد شمس کی طرف جھوک کر بولا کیوں کے" ہر طرف میوزک کا بے انتہا شور تھا۔

میں نہیں تو۔۔۔" شمس کندھے اچکا کر بولا۔۔۔"

تو عماد بھی کندھے اچکا کر دوسری طرف چلا گیا۔۔۔

ارے غنی آؤ ویلکم یار۔۔" شمس نے سامنے سے آتے غنی کا ویلکم کیا۔"

تھینکس اور کیسے ہو، اتنا لیٹ؟" شمس اسکے بغل گیر ہوتا پوچھنے لگا۔"

Zubi Novels Zone

ہاں یار میں لاہور میں تھا نہیں اسی لئے ابھی ہی گھر سے آیا ہوں" غنی" تفصیل سے بتانے لگا۔۔

!! اوا اچھا۔۔۔

"چلو میں تم ملواتا ہو سب سے۔

!!عدن لسن۔

عدن جو کسی سے باتوں میں مصروف تھی شمس کے بولانے پر ایکسکیوز کرتی اس تک آئی۔

میٹ A.G brands ۔۔۔۔ کے اونر عبدلغنی ملک

اینڈ غنی شی اس مائی کیوٹی عدن حسن۔

غنی نے ایک نظر عدن کو دیکھا تو گویا پتھر کا ہو گیا تھا۔۔

جبکہ عدن بے تاثر چہرے سے اسے دیکھ کر اگلے ہی لمحے نظریں پھیر گئی تھی ۔۔

ازا یوری تھنگ آل رائٹ!! شمس نے غنی کو دیکھا جو کھویا کھوی تھا۔

ہمم بالکل۔۔۔!!اس نے خود کو کمپوز کیے عدن کی طرف ہاتھ بڑھایا۔"

Zubi Novels Zone

جسے عدن اپنی دو انگلیوں سے پکڑ کر چھوڑ گئی۔۔

غنی کے وجود میں گویا کرنٹ ڈور گیا ہو۔

اس کا انداز بہت الگ تھا۔ وہ تو کسی کو اپنے قریب نہیں آنے دیتی تھی پھر آج کیسے ؟؟

ایکسکیوز می۔۔۔!! وہ سرد مہری سے بولی۔۔اس کا لب و لہجہ بدل چکا تھا۔ بلکہ وہ تو سر تا پاؤں بدل گئی تھی۔۔

عدن وہاں سے جا چکی تھی مگر غنی کی پتھر کا کر گئی تھی۔۔۔

Zubi Novels Zone

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زہرہ!! میری بات سنو!!" جلدی جلدی اس کے پیچھے جاتا اسے روک گیا۔

اس انڈسٹری میں عدن کے اصلی نام سے کوئی بھی واقف نا تھا جبکہ غنی کے منہ سے اپنا نام سن کر وہ ضبط کر کے رہ گئی۔۔پرانے سلے زخم ادھڑنے لگے تھے۔

زہرہ پلیز اسٹاپ ! اسے بازو سے جکڑے اپنے بے حد قریب کیا،اس نے بمشکل

آریوان سینس چھوڑو مجھے !! وہ سختی سے بولی اور اپنے بازو کو جھٹکے سے آزاد کروایا آنکھیں سرخ تھی مقابل کی مگر اس لڑکی کو ذرا ڈر و خوف محسوس نہ ہوا تھا اس سے۔۔

تمہیں میں نے بہت ڈھونڈا تھا۔۔"اس کے لہجے میں تھکن تھی"

وہ استہزائیہ مسکرائی۔۔

تا کہ پھر دھوکہ دے سکوں۔"غنی نے اس کے تمسخر بکھیرتے چہرے کو" دیکھا۔۔

"زہرہ ایسی مار نہیں مارو مجھے کے میں ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جاؤں"۔وہ اس حسن کی مورت کو دیکھ کر بے بسی سے بولا۔۔پر اسے کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔

مجھے زہرہ زہرہ بولنا بند کرو تم جیسے لوگوں کو اچھے سے جانتی ہو میں میرا"

" انڈسٹری میں نام خراب کرنا چاہتے ہو

وہ حد درجہ غرا کر بولی۔

میں عدن حسین ہو اور مجھ سے دور رہو دو ٹکے کے ڈیزائنرز کے منہ نہیں "

لگتی میں۔۔۔"اس کا انداز غنی کو دہکا گیا تھا۔

اپنی حد میں رہو۔۔۔"وہ یکدم دھاڑا مگر اسکی آواز میوزک کے شور میں "

دب گئی۔اپنے کام کے معاملے میں وہ بہت ٹچی تھا۔۔

"تم بھی۔۔۔"

وہ جا چکی تھی اس کے منہ لگے بغیر. پر جاتے جاتے اسے جواب دے گئی تھی۔

غنی اتنی پر اندر تک سے جل کر خاک ہوا تھا چہرہ سرخ ہوا تھا اسکی آنا اسکا غرور وہ لڑکی اس کے منہ پر مار کر گئی تھی۔۔

تمہیں میں چھوڑوں گا نہیں۔۔اسنے جاتی ہوئی عدن کی پوشت کو سرخ" آنکھوں سے گھور کر سوچا تھا۔۔۔

---

"ڈانس کرو گی میرے ساتھ۔؟"

وہ جو کونے میں سکڑی سمٹی کھڑی تھی اپنے عقب سے آتی آواز پر چونک کر پیچھے مڑی۔

پھر مقابل کے بڑھے ہاتھ کو دیکھ کر یکدم گھبرا گئی تھی وہ۔

پینٹ کے اوپر شارٹ شرٹ پہنے پھر اس پر لونگ کوٹ پہنے وہ یہاں کی ہر لڑکی کو مات دے رہی تھی۔

چہرے پر ہلکا پھلکا میک اپ تھا۔۔

اتنا سوچ کیوں رہی ہو؟" اسکا گھبرایا ہوا چہرہ دیکھ کر وہ اسکے مزید قریب ہوا"

۔

سوری آئی ایم ناٹ انٹرسٹڈ،، "وہ مقابل سے دو قدم دور ہوئی۔"

"بٹ میں انٹرسٹڈ ہوں۔۔"

وہ قریب آیا تو وہ پیچھے ہوئی تھی۔

Zubi Novels Zone

ڈونٹ بی فارمل یو نو سویٹ آر یو لوکنگ سو ہاٹ۔۔"اسکی کمر میں ہاتھ ڈال"

کر بے حد قریب ہوا وہ یک دم کانپ گئی

مقابل کا ہاتھ اسکے کوٹ کے اندر تھا اسکا ہاتھ اپنی کمر پر رینگتا ہوا محسوس کر

کے اسے پرے دھکیلا مگر وہ اسکے دونو ہاتھ جکڑ کر اپنی گردن کا ہار بنا گیا۔۔

چھوڑو مجھے وہ یکدم چیخی۔

خاموش اسکے لبوں پر انگلی رکھتا اسے آنکھیں دکھا کر بولا۔

پیچھے کھڑا وجود اسکی یہ حرکت دیکھ کر بھسم ہوا تھا۔

رانیہ کا بازو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تھا پیچھے موجود شخص نے اور ایک مکا عماد کے مارا وہ پاس پڑی ٹیبل پر گرا تھا۔

How dare to touch her!

اپنی اوقات میں رہو سمجھے۔۔۔" اسکے منہ پر ایک کے بعد ایک مکا مارتا وہ جنونی ہوا۔

یکدم ہال میں سناٹا ہوا سب لوگ ان دونوں کو دور کر رہے تھے مگر وہ دونوں ہی ایک دوسرے کو چھوڑنے کو تیار نہ تھا۔

عدن جو ڈریسنگ روم میں تھی جیسے ہی باہر نکلی ادھر سب دیکھ کر حیران ہوئی پھر نظر روتی ہوئی رانیہ پر گئی۔

اس سے پہلے عدن رانیہ تک پہنچتی شمس نے رانیہ کا بازو جکڑا اور کھینچتا ہوا اپنے ساتھ لے گیا ہر کیمرے نے یہ منظر اپنی آنکھ میں محفوظ کیا تھا۔۔

ہر طرف سرگوشیاں ہو رہی تھی آخر وہ لڑکی کون تھی؟۔۔۔پہلی نظر دیکھنے والوں نے اسے عدن ہی سمجھا تھا مگر دوسری طرف عدن کو دیکھ کر سب ہی دنگ رہ گئے تھے عدن ان کے پیچھے جانا چاہتی تھی مگر وہ نہیں گئی ورنہ میڈیا میں ہزاروں باتیں بنی تھی۔۔

وہ تقریباً گھسیٹا ہوا رانیہ کو لے جا رہا تھا رانیہ روتی ہوئی اس کے ساتھ بے جان سی اس کے ساتھ جائے جا رہی تھی۔۔

"اب یہ رو کیا رہی ہو جب اس کے منہ پر دور کھ کے مارنے کا وقت تھا جب تو تم کو گھبرانے سے فرصت نہیں تھی۔۔" اسکا بازو سختی سے جکڑے وہ دھاڑا تھا

اسے دیوار سے پن کئے وہ غیض و غضب سے اسے گھور رہا تھا۔

Zubi Novels Zone

شمس نے اپنی گرفت سے اسے آزاد کیا مگر دور اب بھی نہ ہوا

وہ اس وقت ہال کے بیک سائیڈ پر تھے جہاں کوئی بھی نہیں تھا۔

رانیہ آنکھیں میچے کھڑی رہی اسکا پورا وجود لرز رہا تھا کھینچ کر لیکرانے میں اس کی شرٹ اونچی ہو گئی تھی جس سے اسکا پیٹ نظر آرہا تھا شمس نے بے ساختہ اس کی شرٹ صحیح کی۔

"جب ایسے کپڑوں کی عادت نہیں ہے تو پہنے کیوں اور اگر عادت ہے بھی تو جب یہ بات معلوم ہے کے ایسی ڈریسنگ میں ہاٹ لگتی ہو تو یہ کپڑے پہنے ہی کیوں؟"

ZNZ
Zubi Novels Zone

رانیہ نے یکدم آنکھیں کھولی اسے بغور دیکھا جو چبا چبا کر اسے گھور کر بول رہا تھا اسکا ہاتھ اپنے پیٹ پر محسوس کر کے وہ یکدم سن ہوئی تھی وہ سانس روکے اسکا چہرہ دیکھنے لگی جہاں صرف غصہ ہی غصہ تھا۔

تمہیں کیوں برا لگ رہا ہے۔۔ہاتھ ہٹاؤ اپنا۔۔۔"وہ بھی دانت پیس کر بولی"

۔اور اس کا ہاتھ جھٹکا۔۔

شمس جو اسکا چہرہ دیکھنے میں مصروف تھا اسکی بات پر صدمہ ہوا تھا۔۔

تمہارے پاس زبان بھی ہے۔؟

رانیہ کو نا جانے کیوں اسکا کھولا منہ دیکھ کر ہنسی آگئی۔

یار تم سچ میں بہت تیز ہو میں تو بھولی بھالی سمجھا تھا۔۔"وہ آب اپنا ہاتھ"

اسکی کمر پر رکھیں قریب ہو کر بہت ہلکے محسور کن انداز میں بولا تھا رانیہ کا دل

زور سے دھڑکا تھا شمس کا بھی حال یہی تھا۔

وہ سرخ چہرہ لئے آب بھی اسی کی گرفت میں تھی۔۔

"آپ پیچھے ہونے کا کیا لو گے۔۔۔؟"
وہ تقریبن رو دینے کو تھی اسکے ذرا سے نزدیک انے پر وہ کب سے سانس روکے ہوئے تھی۔

شمس کو اپنی پوزیشن کا احساس ہوا تو فورا دور ہوا۔۔

"رانیہ تم یہاں آئی کیوں تھی۔؟
پیچھے سے عدن کی آواز پر دونوں اپنی جگہ سے اچھل کر رہ گئے تھے۔

عدن یہ کل گھر آئے تھے کے تم نے بولیا ہے وہ عدن سے یکدم گلے لگتی" تقریباً رو کر بولی تھی عدن نے کھا جانے والی نظروں سے شمس کو دیکھا جو یہاں وہاں دیکھتا بھاگنے کو پر تول رہا تھا۔

دعا کرو تمہاری پکچرز سوشل میڈیا پر نہ پھیل جائے ورنہ منگیتر تو جائیگا" تمہارے ہاتھ سے۔۔"عدن کہہ رانیہ سے رہی تھی دیکھ شمس کو رہی تھی۔

منگیتر "شمس یکدم بڑبڑایا تھا۔"

پھر ان دونوں کے پیچھے بھاگا کس کا منگیتر مجھے بھی بتاؤں کچھ شمس نے عدن کو دیکھ کر بولا۔

"تم سے الگ سے بات کروں گی میں تم ابھی جانا ہوگا ہمیں۔"

عدن نے شمس سے کہا رانیہ کا ہاتھ پکڑے جلدی سے وہاں سے بھاگی تھی

۔۔۔

"تم بہت چپ چپ ہو غنی کچھ ہوا ہے ؟؟۔۔۔"

کومل غنی کے سینے پر سر رکھیں استفسار کرنے لگی۔

غنی جو گہری سوچوں میں گم تھا یکدم ہوش میں آیا۔

نہیں ایسا نہیں ہے۔۔۔" وہ ہلکا سا مسکرا کر بولتا اس کے بالوں میں ہاتھ" پھیرنے لگا۔

کومل چھوٹی آنکھیں کریں اس کو دیکھنے لگی مگر اج وہ اسکی طرف متوجہ نہیں تھا یہ بات کومل کو بہت زیادہ محسوس ہوئی تھی۔۔

Zubi Novels Zone

وہ پارٹی سے ڈائریکٹلی اپنے گھر آیا تھا تا کے کچھ پل وہ کومل کے ساتھ گزار سکے مگر اس کا ذہن الجھنوں کا شکار تھا اسے ذرا سکون نہیں آ رہا تھا۔۔

غنی تم مجھے اگنور کر رہے ہو۔۔" وہ اب روہانسی ہوئی تھی،۔"

نہیں بالکل بھی نہیں میں کیوں کروں گا۔۔؟" وہ بمشکل مسکرایا اور اسے" بانہوں کے گھیرے میں لے گیا۔۔ تھوڑی دیر بعد ہی وہ سو گئی تھی۔اس کے

سونے کی تسلی کرکے وہ بالکنی میں آیا۔۔اور ایک بار پھر اس کے بارے میں سوچنے لگا۔۔

"وہ تو معصوم سی تھی۔۔پھر اتنی بے باک کیسے ہو گئ؟؟"

وہ بڑبڑایا اور سیگریٹ کے گہرے کش لینے لگا۔لیکن ذہنی الجھن کم نہیں ہوئی۔

کومل میں جا رہا ہوں۔۔"اس نے کومل کو اٹھایا۔۔"

کومل نیند سے جاگے اسے حیرانگی سے دیکھنے لگی۔

"غنی تم کیوں جا رہے ہو؟؟"

وہ آنکھیں مسلتی اٹھی۔

حویلی سے فون آرہے ہیں مجھے جانا ہے۔۔"اس کے بتانے پر کومل کا منہ " بن چکا تھا۔

لیکن پھر اس نے سر ہلا دیا۔۔اسے مل کر وہ حویلی کے لیے نکل گیا تھا۔

Zubi Novels Zone

تجھے میں نے بولا تھا نا؟؟؟؟

ولی سے دور رہنا؟؟ تو نے سنی میری بات؟؟؟؟

بول وہ اسکے بال مٹھی میں جکڑے سفاکی سے بولی۔

"دادی سا میں نے کچھ نہیں کیا معاف کر دیں مجھے پلیز۔۔۔"

وہ بے تحاشا روتی اپنے بال چھڑواتی رہی مگر سب بے سود تھا اس عورت کے پاس شاید دل نہیں تھا۔۔

"کل تیرا آخری دن ہے اس حویلی سنا تو نے کر لے جتنا عیش کر سکتی ہے ایک رات میں۔۔۔" وہ یکدم بال چھوڑ کر اسکا بھیگا چہرہ جکڑ کر بولی

انکا بے حد موٹا اور سخت ہاتھ اسے بے بس کر گیا تھا وہ شدت سے روئی تھی سسکیاں پورے کمرے میں گونج رہی تھی کسی ساز کی طرح خالدہ بیگم اسکی بے بسی سے لطف اندوز ہوتی ہنسی تھی۔۔۔

"تجھ پر یا تو اللہ کا خاص کرم ہے یا پھر تو بہت ڈھیٹ ہے اتنا سب سہہ کر بھی تو زندہ ہے۔۔"اس کو خود سے پرے کرتی وہ حقارت سے بولی۔۔۔

وہ روتی ہوئی بیڈ پر گری تھی اپنے منہ پر ہاتھ رکھتی وہ اپنی سسکیاں روک رہی تھی مگر اس سے بھی اس کا درد دب نہ سکا دادی سا باہر جا چکی تھی انکا کام تھا گویا اس نازک کو تکلیف دینا اور وہ اپنا کام مکمل کر کے جا چکی تھی۔

"آپ کو اللہ کے عذاب سے ڈرنا چاہیے۔۔۔اللہ سے ڈرے دادی آپ بے قصور کے ساتھ یہ سب کر رہی ہیں۔۔۔

میرے ماں باپ سے بھی اللہ حساب لے گا جنہوں نے مجھے پیدا کر کے زندہ درگور کر دیا۔۔۔

اللہ!! مجھے نہیں جینا۔۔ولی آپ مجھے کیسے بھول گئے۔۔کیسے بدل گئے؟

"۔۔۔۔

وہ دکھی دل سے روتے روتے نا جانے کیا کیا بول رہی تھی اسکا آج سچ میں دل پھٹنے کے در پر تھا وہ اپنے ہوئے ظلم پر رو رو کر تھک گئی تھی اسکے ساتھ جس جس نے برا کیا تھا آج انکا نام لے کر وہ اللہ کے سامنے رو پڑی تھی۔۔۔

مگر! ولی کے نام پر ہونٹ سل گئے تھے اسکے۔۔۔۔

ولی نے تو کچھ نہیں کیا تھا وہ کیوں ولی کو قصوروار ٹھہراتی۔؟

"اللہ کل اگر میرے ساتھ کچھ بھی برا ہوا، اللہ تو اس بورے ہونے کو روک دے اللہ تو مجھے بچا لے۔۔ولی کو خود سب پتا چل جائے۔۔۔" وہ رو رو کر ہلکان ہو گئی تھی دل و دماغ کو ایک پل کا بھی سکون میسر نہیں ہو رہا تھا۔۔۔۔

وہ بیڈ پر بے جان سی پڑی ہوئی تھی اس میں ہمت نہیں تھی اٹھ کر دروازہ بند کر لیتی۔

"سب ولی کی وجہ سے ہو رہا ہے اگر۔
اگر اسکا میرا نکاح نہ ہوا ہوتا تو آج یہ سب نہیں ہوتا۔۔" وہ ایک بار پھر سے سب سوچتی بلک کر رو پڑی تھی۔۔

ولی جو رات دیر سے حویلی آیا تھا وہ لاؤنج سے ہوتا ہوا سیڑیوں کے پاس پہنچا۔۔
مگر اس کے قدم تھم گئے۔
نورے کے کمرے کا دروازہ کھلا دیکھ کر وہ حیران ہوا تھا بے ساختہ اس کے قدم کمرے کی جانب بڑھے۔

کیاہوا ہے نورے تمہیں؟"نورے اسے بیڈ پر آڑھا تر چھا لیٹا دیکھ کر وہ" بوکھلا گیا تھا اس کے قریب بڑھ کر اسنے بازو پکڑا تو وہ کرنٹ کھا کر اٹھی تھی دوپٹہ جو بیڈ کے پاس پڑا تھا یکدم جھک کر اٹھا کر اپنے گرد پھیلایا۔

نورے تم رو رہی تھی کیا ہوا ہے بتاؤ؟"مجھے اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیتا" پریشانی سے گویا ہوا۔۔

اس کا گریز کرنا ولی کو چبا تھا مگر وہ چپ ھو گیا

Zubi Novels Zone

نورے نے ایک نظر اسے دیکھا پھر دروازے کو دل زور سے دھڑکا کہیں دادی پھر نہ آجائے

"ت۔تم پلیز جاؤ ابھی۔"

نورے اسکا ہاتھ اپنے چہرے ہٹاتی بولی جب کے الجھا ہوا لہجہ اسکی حالت بتا رہا تھا۔

تم سے جو پوچھا ہے وہ بتاؤ۔۔"نورے کو اپنے حصار میں لیتا گھور کر بولا۔"

ولی پلیز جاؤ یہاں سے،ورنہ بہت برا ہو جائے گا۔۔ایک بار پھر آنسو چہرے" پر بکھر گئے۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

ولی کا دل کٹ کر رہ گیا تھا اسکی حالت دیکھ کر سرخ سوجی آنکھیں لرزتے لب جو ہر وقت گلابی ہوتے تھے اس وقت سرخ ہو رہے تھے۔

"تمہارا گریز میں برداشت کر رہا ہوں تو میری برداشت کی حد نہ آزمانا اب تم نے خود کو مجھ سے دور کیا تو جان لیں لونگا۔۔۔" سرد لہجے میں باور کرواتا اسے آدھ موا کر گیا تھا۔۔

"تم میری جان لے لو میں اف نہیں کرونگی بلکے تمہارا احسان ہوگا اگر تم نے میری جان لے لی تو"

اسکا ہاتھ اپنی گردن پر رکھتی ہذیانی ہوئی۔۔۔۔۔

مقابل گویا پتھر کا ہوا تھا اس کے ہاتھ کانپ کر رہ گئے یہ لڑکیا سے زلزلوں کی زرد میں کر گئی تھی۔۔۔۔۔

نور۔۔۔!!

اسکی آنکھیں نم ہوئی تھی ولی اپنے ہاتھ کھینچ گیا تھا وہ پتھرائی نظروں سے اسے دیکھنے لگا جواب زمین پر بیٹھے اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپا کر رو رہی تھی

-----

ولی وہی زمیں بوس ہوا تھا گویا۔

آگے بڑھ کر اسے سینے سے لگایا نورے اپنا چہرہ ولی کے سینے میں چھپائے رو رہی تھی۔

"بس کرو بہت ہو گیا نورے تم ایسے کیسے بول سکتی ہو؟ کیا تمہیں ایک بار بھی میرا خیال نہیں آیا۔؟" اسکے بالوں پر لب رکھے وہ سخت رنجیدگی سے بولا۔

مگر وہ روتی رہی، نہ لفظ کہے نہ کچھ اور۔۔

تمہیں اپنے ایک ایک لفظ کی وضاحت کرنی ہے نورے۔

مگر نورے ہوش حواس سے بیگانہ اسکے سینے سے لگی ہوئی تھی۔

ولی نے کرب سے اپنی آنکھیں بند کر لی تھی۔۔۔۔۔

اسے اٹھا کر بستر پر لیٹایا پھر پاس ہی وہ لیٹ گیا تھا اسکا معصوم چہرہ جو سرخ ہو رہا تھا اسکی حالت دیکھ کر بے چین ہو رہا تھا۔۔۔

آخر ایسا کیا ہوا ہے ملک حویلی میں نورے تمہارے ساتھ جس سے تم میں اس قدر ڈر و خوف میں مبتلا ہے۔۔۔ مجھ سے ڈرتی ہے۔۔ حالانکہ یہ میرے سب سے قریب تھی۔

اور وہ خوف بس مجھ سے ہی ہے کیا؟ سرخ آنکھیں میچ کر وہ سوچوں کے بھنور میں تھا۔۔۔۔

---

Zubi Novels Zone

کافی دیر سے گیٹ بج رہا تھا مگر نہ عدن اٹھ رہی تھی۔نہ ہی رانیہ۔۔۔

یار عدن جاؤناں گیٹ پر کب سے بج رہا ہے۔۔"رانیہ جھنجھلا کر بولی"
اتنے میں ایک اور بار گیٹ بجا۔
آنے والا بھی ڈھیٹ ہی ہے۔۔۔

عدن غصے سے اٹھی تھی آنکھوں میں نیند کا خمار تھا" پتہ نہیں کون ہے صبح صبح گیٹ کھولتے ہی وہ ساکت ہوئی تھی۔۔۔
سامنے کھڑا وجود لال ہوتے چہرے کے ساتھ عدن کو گھور رہا تھا۔۔۔۔

رات دیر سے رانیہ اور عدن گھر پہنچی تھی اسی لئے رانیہ عدن کے ساتھ ہی رات رک گئی تھی اور اپنی امی کو کال کر کے بتا چکی تھی۔۔۔

مگر اب گیٹ کھولتے ہی اپنے بابا کو کھڑا دیکھ عدن کو بہت کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا تھا۔۔۔

پاپا آپ ؟"عدن اپنی حیرانگی چھوپا کر بولی۔۔"

مجھے تم سے بات نہیں کرنی بلاؤ رانیہ کو۔۔۔اسے بھی اپنا جیسا بنا دیا۔۔"وہ" دھاڑے تھے۔۔

پا۔پاپا ہوا کیا ہو غصہ نہیں ہو پلیز آپ کا بی پی بڑھ جائے گا۔۔۔"وہ نم لہجے میں بولی آج کافی عرصے بعد وہ اپنے پاپا کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

بہت زیادہ فکر ہو رہی ہے تمہیں جب فکر نہ ہوئی جب باپ روک رہا تھا" تمہیں اس دنیا میں انے سے۔۔"وہ ایک بار درشتگی سے بولے۔۔

"پاپا پلیز ہوا کیا ہے وہ۔۔"آب اندر آچکے تھے دروازہ کھلا ہی تھا۔

رانیہ شور سن کر باہر آئی تھی اسکا دل یکدم گھبرایا ضرور کچھ غلط ہوا ہے اپنے پاپا کو یہاں دیکھ کر رانیہ کا سانس اوپر کا اوپر نیچے کا نیچے رہ گیا۔۔

پاپا! !۔۔رانیہ بھاگ کر ان تک گئی جو بن بادل کے عدن پر برس رہے تھے ۔۔۔

مت بولو مجھے پاپا مر گیا میں تمہارے لیے۔۔۔"انکا ہاتھ اٹھا تھا رانیہ پر جو" اس کے گال پر نشان چھوڑ گیا۔۔

باہر سے اندر آتا شمس پل میں سب سمجھ گیا تھا وہ یہاں رات کی پکچرز کے بارے میں بات کرنے آیا تھا جو سوشل میڈیا پر رات ہی رات میں تہلکا مچا چکی تھی۔۔

"پاپا کیا کر رہے ہیں ہوا کیا ہے؟ رانیہ کے آگے آتی عدن پوچھنے لگی رانیہ زمین پر بیٹھتی چلی گئی تھی۔۔۔

"پوچھو اس سے کل کیا کرتی پھر رہی ہے یہ ایک رشتہ مشکل سے آیا تھا منگنی ہوئی تھی اللہ اللہ کر کے مگر اس کی حرکتوں کی وجہ سے ان لوگوں نے بھی انکار کر دیا تم نے ہمیں چھوڑا تھا منہ دیکھانے لائک جواب یہ بھی تمہارے نقش و قدم پر چل رہی ہے بلکے تم سے بھی دو ہاتھ آگے۔۔"

وہ دل کے مقام پر ہاتھ رکھیں بے بسی سے نجانے کیا کیا بول گئے تھے جن میں انکی بیٹیوں کا کوئی قصور بھی نہیں تھا عدن کے ہاتھ میں فون دیتے وہ کل

رات کی وائرل ہوئی پکچرز تھی جن میں شمس اور رانیہ بے حد نزدیک تھے
۔۔

عدن نے ضبط سے آنکھیں بند کی تھی اسی سب سے وہ ڈرتی تھی۔۔۔

انکل اس میں رانیہ اور عدن کی کوئی غلطی نہیں۔۔"اچانک ہال میں شمس" کی گھمبیر آواز سن کر رانیہ اور عدن کو کرنٹ لگا۔۔۔

دونوں نے دعا کی تھی آب کوئی بات نا بڑھے مگر ہر دعا قبول نہیں ہوتی آج قسمت میں کچھ اور ہی لکھا تھا شاید۔۔۔

شمس جاؤ تم ابھی۔۔۔"عدن فورن سامنے آئی مگر حسین صاحب اسکا بازو" پکڑ کر دور کر گئے تھے۔۔

Zubi Novels Zone

تمہاری ہمت کیسے ہوئی یہاں انے کی بولو؟" وہ اسکا گریبان پکڑ کر" دھاڑے۔۔۔

ارے شمس تمہی تو اچھا سمجھتا تھا میں مگر تم کیا نکلے دوست دوست بولتے" "تھے ناعدن کو؟ پھر اسکی بہن کے ساتھ ہی۔۔۔؟؟

وہ چپ ہو گئے اور عدن حیران یعنی اسکا باپ بے خبر نہیں تھا اس سے۔۔

"انکل آپکو اپنی بیٹیوں پر بھروسہ ہونا چاہیے اور اپنی تربیت پر بھی۔۔۔" شمس نے سب بات ختم کر دی تھی اسے شدت سے اپنی غلطی کا احساس ہوا تھا اگر وہ رانیہ کو نہ بلاتا تو یہ سب ہوتا بھی نہیں نہ اسکے کردار پر بات آتی۔۔۔

مجھے بھروسہ ہے۔۔۔"وہ اس سے دور ہو گئے تھے وہ تھک گئے تھے بہت" ان کے چہرے سے لگ رہا تھا وہ تھک گئے ہے۔۔

میں تھک گیا ہو رانیہ لوگوں کو جواب دے دیں کر تمہاری پھوپھو نے رشتہ ختم کر دیا۔۔

وہ کرسی پر ڈھے سے گئے۔
"پاپا سوری پلیز میں کل جاتی ہی نہیں تو کچھ نہیں ہوتا مگر آپ جیسا سمجھ رہے ویسا کچھ نہیں ہے پاپا یقین کریں۔۔۔"رانیہ ان کے قدموں میں بیٹھ گئی تھی شمس نے آنکھیں میچی تھی اس نے کب سوچا تھا یہ سب ہو جائے گا۔۔۔

"میری بیٹی کا نام خراب تو ہو گیا ناں۔۔"وہ نم لہجے میں بولے پھر ایک سرد نظر شمس پر ڈالی۔۔۔

"پاپا کچھ نہیں ہو گا میں ہو نا سب اپنے اوپر لیں لے لوں گی رانیہ کا نام نہیں آئے گا۔عدن ان کے کندھے پر سر رکھ گئی تھی اس کے پاپا ناراض تھے اس سے جب سے وہ اس انڈسٹری میں آئی تھی۔

"کیوں تم نہیں ہو میری بیٹی؟"وہ شکوہ کناں نظروں سے اسے دیکھ کر بولے ---

" اُنکل ایک حل ہے میرے پاس سب کے منہ بند ہو جائے گے۔۔

شمس نے ایک نظر رانیہ کو دیکھا جو ان سے چپک کر بیٹھی تھی۔۔۔

کیسا حل؟

ZNZ Zubi Novels Zone

"آپ میرا اور رانیہ کا نکاح کر دیں۔۔۔۔۔"
شمس نے سب کے سروں پر گویا دھماکہ کیا تھا۔۔

حسین صاحب نے خون چھلکاتی ہوئی نظروں سے شمس کو دیکھا۔

رانیہ آنکھیں پھاڑ کر اسے دیکھنے لگی عدن نے دانت پیس کر اسے دیکھا اس کو پہلے دن ہی شک ہو گیا تھا شمس پر اور آب تو اس کا دل کر رہا تھا اسکا منہ نوچ لے۔۔۔

Zubi Novels Zone

شمس نے معصوم سا منہ بنا کر عدن کو دیکھا جسے عدن نے سمجھ کر نہ میں سر ہلایا۔۔۔
حسین صاحب خاموش ہو گئے تھے کہی نا کہی شمس کی بات درست لگی تھی انکو۔۔۔

! پاپا صحیح بول رہا ہے شمس

عدن نے شمس کی ترس کھاتی ہوئی نظروں کو دیکھا تو بول پڑی۔

شمس کی نظریں آب رانیہ پر تھی جس کا چہرہ سرخ اناری ہو گیا تھا۔

" ُ"تمہارے ماں باپ تو ہے نہیں تمہاری طرف سے کون ہو گا۔۔۔؟

شمس کا دل گویا دھڑکنا بھولا تھا کیا سچ میں وہ مان گئے تھے ؟؟؟؟۔۔۔

ُجی انکل آپ سچ میں مان گئے ؟" شمس بوکھلا کر انکا ہاتھ تھام کر بولا۔

تو رانیہ جو پاس ہی بیٹھی تھی سمٹ کر رہ گئی۔۔ وہ ایسا کبھی نہیں چاہتی تھی۔۔ شمس اسے اچھا لگا تھا لیکن اتنی جلدی نکاح۔۔؟

Zubi Novels Zone

ہاں مان گیا ہوں مگر وعدہ کرو میری رانی کو خوش رکھو گے۔۔ وہ گھور کر بولے گویا۔۔۔

!!! جی جی انکل اپکی رانی کو رانی بنا کر رکھوں گا

وہ خوشی سے اچھلا تھا عدن کا قہقہہ پھوٹ تھا۔

نکاح ابھی ہو گا بلاؤ مولوی صاحب کو انہوں نے حکم دیا تو شمس الٹے پیر بھگا تھا ۔۔۔

کہی وہ انکار ہی نہ کر دیں اس ڈر سے۔۔۔

رانیہ تم خوش ہو؟۔۔۔۔۔

پاپا آپکو جو صحیح لگے۔۔۔وہ منمنا کر بولی تو وہ مسکرا دیئے۔۔

"معاف کر دو تم پر ہاتھ اٹھا گیا میں۔۔

پاپا پلیز نہیں کریں ایسے۔۔ُوہ انکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیکر بولی۔۔۔"

اٹھارانیہ تھوڑا تیار کرو میں خود کو۔۔ُ"

عدن اسے اٹھا کر لے گئی تھی اندر۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

۔۔۔۔۔۔۔

مولوی صاحب کے دوبارہ الفاظ دہرانے پر ہوش میں آئی تھی۔

!! قبول ہے۔۔

!! قبول ہے۔۔

!! قبول ہے۔۔

شمس کا دل زور سے دھڑکا تھا دل کی دعا اتنی جلدی قبول ہو جاتی ہے اسے یقین نہیں آیا تھا اس کے دو بچپن کے دوست مبارک باد دے رہے تھے مگر اسے تو یقین ہی نہیں آ رہا تھا وہ ساری زندگی اکیلے رہتا آیا تھا وہ شوبز سے تھا مگر اسے وہاں کی لڑکیوں میں وہ کشش کبھی محسوس نہیں ہوئی جو پہلی بار رانیہ کو دیکھ کر ہوئی تھی۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

اور آج اسے اپنے نام کر کے اس کا دل خوشی سے پھول گیا تھا لال دوپٹے سے گھونگھٹ کیے وہ شمس خان کو بے تاب کر گئی تھی۔۔۔

عدن ہماری پکچرز تو لو پھر انسٹا پر پوسٹ کر دوں گا۔ معملہ ٹھنڈا ہو جائے" گا۔۔" شمس نے اپنا آئی فون عدن کو دیا۔

شمس کا چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا عدن حیران تھی آج تک شمس کو اسنے اتنا نہیں خوش دیکھا جتنا اج وہ خوش تھا۔
عدن نے دل ہی دل میں نظر اتاری تھی دونوں کی۔
کتنے میسنے ہو تم۔۔۔" عدن گھور کر بولی تو شمس لب دبا گیا رانیہ پاس ہی" صوفے پر سمٹ کر بیٹھی ہوئی تھی اس کے پاپا اور چند ایک دوست شمس کے ڈرائنگ روم میں بیٹھے تھے۔

رانیہ سامنے تو دیکھو۔۔۔" عدن پکچرز لیں رہی تھی مگر رانیہ گردن جھکا" کر بیٹھی ہوئی تھی۔

شمس نے یکدم ایک ہاتھ رانیہ کی کمر میں ڈال کے اپنے قریب کیا تھا۔رانیہ نے یکدم چونک کر سرخ چہرے سمیت شمس کو دیکھا تھا دونوں کی آنکھیں ایک دوسرے کو دیکھ رہی تھی ایک کی آنکھوں میں سرشاری تھی تو دوسرے کی آنکھوں میں حیا!!۔۔۔

عدن نے کئے پکچرز انکی لے ڈالی تھی۔۔۔

بس اب دور ہو جاؤ لڑکی کا باپ گھر پر ہے۔۔"شمس کو ایسے ہی رانیہ کو دیکھتا" پاکر عدن نے چھیڑا۔

توسویٹی یہاں لڑکی کا شوہر نامدار ہے لڑکی کے باپ سے ہی اجازت نامہ لیا" ہے اور۔۔۔۔۔ابھی تو بس پاس ہی بیٹھا ہوں اور کیا کیا ہے؟"وہ معنی خیز نظروں سے رانیہ کو دیکھ کر بولا پھر ایک ادا سے بالوں میں ہاتھ پھیر کر مسکرا

کر بولا رانیہ نے اس بے باک شخص کو دیکھا جو بڑے مزے سے اب بیٹھا موبائل میں لگا ہوا تھا۔۔۔ جبکہ اسے دہکا چکا تھا۔

عدن نے تاسف سے سر نفی میں ہلایا۔۔ جبکہ رانیہ سوچ رہی تھی۔۔اس شخص کے ساتھ وہ پل پل بوکھلائے گی۔

کچھ ہی دیر میں حسین صاحب وہی لاؤنج آئے تھے

" انکل رخصتی بھی آج ہی دینی ہے آپ کو۔۔۔؟
شمس نے ان کے اکر بیٹھنے کے کچھ تذبذب انداز میں کہا۔

Zubi Novels Zone

"بیٹا نکاح ہو گیا رخصتی ایسے اچھی نہیں لگے گی میری سب سے پیاری بیٹی ہے یہ۔۔۔"انہوں نے رانیہ کے سر پر ہاتھ پھیرا عدن کی آنکھوں میں یکدم نمی چمکی تھی جیسے وہ سب سے چھو پا گئی۔

"انکل آج بھیج دیں میڈیا کے لوگوں کے ہاتھوں میں ویسے ہی ایک تفریح کرنے کے لیے موقع ملا ہے ایک اور نہ مل جائے۔۔۔ لیکن ریسپشن میں خوب دھوم دھام سے کروں گا۔۔تاکہ لوگوں کو موقع نہ ملے۔۔"
شمس لب بھینچ کر بولا عدن نے بھی سمجھ کر سر ھیلایا۔۔۔

رانیہ نے نفی میں سر ہلا کر اپنے پاپا کو دیکھا تھا جو خاموش تھے۔

کچھ توقف کے بعد وہ ایک فیصلے پر پہنچے تھے۔۔

چلو بیٹا بیوی ہے آب تمہاری لے جاؤاور خیال رکھنا میری بیٹی کا۔۔۔یہ بہت معصوم ہے۔۔"

وہ نم لہجے میں بولے عدن مسکرائی تھی جبکہ رانیہ کا دل زور سے دھڑکا ،۔ شمس بھرپور طریقے سے مسکرایا تھا۔۔۔
رانیہ کو زرا امید نہیں تھی کہ وہ شخص اتنی جلدی اس کی قسمت میں لکھ دیا جائے گا۔۔ لیکن رخصتی بھی ہو جائے گی وہ یقین نہیں کر پار ہی تھی۔دل کی مراد اتنی جلدی پوری ہونے پر اسے ذرا یقین نہیں آرہا تھا یا تو رب اس پر مہربان تھا یا پھر یہ ایک خواب ہے جسے شمس ٹوٹنے نہیں دینا چاہتا تھا۔۔

کچھ ہی دیر میں رانیہ کو شمس کے ساتھ رخصت کر دیا گیا تھا پیچھے حسین صاحب نے عدن کو دیکھا جو زمین پر نظریں گاڑے کھڑی تھی۔۔۔

تم آب گھر واپس آجاؤ بوڑھا باپ ہے تمہارا بہن چلی گئی تمہاری اکیلے کیسے "
رہوں گا میں۔۔۔" وہ اسے سینے سے لگا گئے تھے آج سالوں بعد لاڈلی گڑیا کو
گلے لگایا تھا۔۔۔

عدن اور رانیہ کی والدہ پانچ سال پہلے ہی اچانک وفات پا گئی تھی اس کے بعد
سے عدن اس کے پاپا رانیہ سب ساتھ لاہور میں رہتے تھے مگر چار سال پھلے
جب عدن نے شوبز میں جانے کا بولا تو حسین صاحب بہت غصہ ہوئے مگر
عدن پر شاید کوئی ضد کا بھوت چڑا تھا اسی لئے وہ بغیر اپنے پاپا کی سنے چلی گئی
تھی۔۔۔

"میری زہرہ میرا بچا بس کرو اب کتنا رونا ہے۔۔۔؟
اسے زار و زار روتا دیکھ پیار سے بولے۔۔۔۔
"آج سالوں بعد آپ کے منہ سے سنا ہے میں نے زہرہ۔۔۔"

" ُ"ہاں تو میری بیٹی سے بات ہی اب ہوئی ہے۔۔۔

"پاپا سوری میں نے جب اپکی بات نہیں مانی۔۔۔"

چھوڑو جو قسمت میں ہوتا ہے وہی ہوتا ہے جو ہوتا ہے اچھے کے لئے ہوتا ہے"

"چلو آب آنسو صاف کرو۔۔

اسے خود سے دور کر کے پیار سے بولے تھے آج سالوں بعد عدن دل سے مسکرائی تھی۔۔۔۔۔

---

امی سامیں مردان خانے میں جارہا ہو وہاں کوئی مسلہ ہوا ہے آپ پلیز"

"میرے کپڑے الماری میں سیٹ کروادیں۔۔

ولی نے کچن میں کام کرتی بانو بیگم کو کہا مگر پاس کھڑی نورے کانپ گئی تھی رات کا منظر ایک بار پھر آنکھوں پر لہرا گیا تھا۔۔

ہاں ولی تم جاؤ نورے کر دے گی انہوں نے ایک نظر نورے کو دیکھ کر کہا ۔۔۔

ولی لب دبا گیا تھا اسکی پتلی حالت دیکھ کر جو شاید وہی کھڑے بے ہوش ہو جانے کے در پر تھی۔۔۔

"جاؤ نورے ولی بول کر گیا ہے ناں۔" انہوں نے مصنوعی گھور کر کہا۔

نورے منہ بسور گئی۔۔

امی سایہ کیا بات ہوئی میں نہیں جاؤں گی۔"ادھر وہ رونے کے درپر تھی"

--

افف نورے بہت ہو گیا تمہارا اجاؤ جا کر کام کرو جو بولا ہے ولی کھارہا ہے"

"تمہیں جو ایسے اس سے خوف کھاتی ہو؟؟؟؟۔

وہ ہانڈی میں چمچہ پٹخ کر بولی۔

تو نورے نے بغیر انکو دیکھے اوپر کی جانب دوڑ لگائی۔۔۔

یااللہ اسکو عقل دے۔۔وہ منہ ہی منہ میں بڑبڑاتی ملازمہ سے پیاز کاٹنے کا"

بولنے لگی۔۔۔

---

اسنے جیسے ہی ولی کے کمرے کا گیٹ کھولا اسکی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئی تھیں۔

وہ بچپن میں آتی تھی اس کمرے میں مگر اس کے بعد سے کبھی نہیں آئی،۔ایک بار جب اس نے آنا تھا تب آئی تھی۔ جس پر دادی سا نے اسے بہت برا دھمکایا تھا۔اور آب کمرہ دیکھ کر اسکا منہ تقریباً کھل گیا تھا۔۔

پورا کمرہ رائل بلیو کلر کی تھیم کا تھا پورے کمرے میں ولی کے پرفیوم کی" محسور کن خوشبوں پھیلی ہوئی تھی جو نورے کے حواسوں پر چاہ رہی تھی۔

اندر اکر اسنے ولی کی دیوار پر لگی بڑی سی تصویر کو دیکھا دل زور سے دھڑکا تھا ولی تو شروع سے ہی اسکے ذہن و دل پر چھایا ہوا تھا مگر اج بس ایک خوف تھا

اگر وہ اسکے سامنے رہی زیادہ تو کہی وہ اسے چھوڑ نا دے دل ہر بار اسکی بات کی نفی کرتا تھا مگر دماغ میں ہمہ وقت وہی سب چلتا رہتا تھا۔۔۔۔

اسنے بیڈ پر رکھے کپڑے اٹھا کر الماری میں رکھی وہ کپڑے رکھ کر گیٹ بند کرتی اسکی نظریں ٹھہر گئی۔۔۔

ولی اور اسکی ایک پکچر تھی جو کپڑوں کی نیچے دبی تھی مگر تھوڑی باہر ہونے کی وجہ سے نورے کی نظر پڑی۔۔۔

آنکھیں نم ہوئی تھی کاش ہم بڑے نہ ہوئے ہوتے۔۔۔
تصویر واپس وہی رکھ کر اسنے جیسے ہی دروازہ بند کیا سامنے کھڑی شخصیت کو دیکھ کر نورے کو لگا موت کا فرشتہ آج آگیا ہے نورے کو لینے۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

آنکھیں خوف سے بھر گئی دل کے شدت سے چاہا کے ابھی اور اسی وقت موت آجائے مگر بے سود دادی سا سامنے خونخوار نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

"تجھے سمجھ نہیں آئی تھی کل کی بات؟؟؟؟۔۔۔۔۔تو سچ میں میرے ہاتھوں ہی مرنا چاہتی ہے۔۔۔"وہ اسکے بال مٹھی میں دبوچ کر کرخت آواز میں بولی وہ لرز کر رہ گئی۔۔

"دادی می۔میں نہیں آئی تھی،ماں سا نے بھیجا تھا۔۔

وہ روپڑی تھی اسکا ٹوٹا بکھرا لہجہ دیکھ کر دادی سا نے ہنکار بھرا تجھے اج میں بتاتی ہوں میں کیا ہوں؟

ZNZ
Zubi Novels Zone

اسے بالوں سے کھینچتی ہوئی دادی سا کمرے سے نکلی تھی حویلی کا ہر ملازم ان کے بے جا ظلم سے واقف تھا مگر آج اسے بالوں سے کھینچتی ہوئی سب کے سامنے انہوں نے ظلم کی انتہا کی تھی۔۔

چل اسے سیڑھیوں پر سے گھسیٹتی ہوئی لے جا رہی تھی نورے کی آنکھیں" سکات ہوئی تھی چہرہ آنسوؤں سے بھیگ گیا تھا آج اسکی کو مزاحمت کام نہیں آ رہی تھی۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

ماں سا یہ کیا کر رہی ہیں نورے کو چھوڑیں؟" بانو کچن سے تقریبن بھاگتی" ہوئی آئی تھی۔۔

"ہٹ جاو ورنہ تجھے بھی باہر پھینک دوں گی اٹھا کر۔" انہوں نے بے تحاشا غصے سے کہا بانو بیگم نورے کی حالت دیکھ کر رو دی تھی۔

"تیری ہمت کیسے ہوئی میرے پوتے کے سامنے آنے کی۔۔اتنے سال ہم نے حقیقت چھپائے تجھ جیسی گند کی پوٹلی کو پالتے رہے اور تو نے ایک پل میں سب بگاڑ کر رکھ دیا۔"

اس کا معصوم حسن دیکھ کر دادی سا نے اس کے بالوں کو مٹھی میں دبوچکر مزید کھینچا۔۔

"دادی مم میں نہیں آئی تھی۔۔"

ZNZ
Zubi Novels Zone

آنکھوں میں خوف واضح ہوا تھا، جبکہ آنسو بہنے کو بالکل تیار تھے۔

"زبان چلاتی ہے، تیری میں زبان کاٹ دوں گی۔۔بدبخت ہے تو میرے گھر میں جب سے آئی ہے نحوست پھیلا رکھی ہے،اور آج اپنا ناپاک وجود لے کر میرے پوتے کو بھی رجھا گئی۔ چل نکل جا آج یہاں سے۔ تیری اس حویلی

میں کوئی جگہ نہیں ہے۔۔"ان کا غصہ کسی بھی طرح کم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا۔

اس نازک دھان پان سی لڑکی کو بالوں سے جکڑتی وہ گھر کی دہلیز سے باہر لائیں اور اسے زور سے دھکا دیا۔

پندرہ سولہ سالہ وہ لڑکی بری طرح روتی آگے کو گری۔۔
مگر گرنے سے پہلے ہی کسی وجود نے اسے سنبھال لیا تھا۔
دادی سا !!!
ایک دھاڑ تھی جس پر دادی سا بھی گڑبڑا گئی تھی، انہیں اندازہ نہیں تھا کہ وہ اتنی جلدی لوٹ آئے گا۔۔
مقابل کے چہرے پر بڑھتی سختی اسکے شدید غصے کا پتا دے رہی تھی۔
"یہ کیا حرکت ہے؟ ایسا سلوک آپ کیسے کر سکتی ہیں؟"

اسے سہارا دیتا کھڑا کیے وہ دھاڑا تھا۔۔

جبکہ اسکی دھاڑ پر کانپتی وہ اس کا کرتا جکڑ چکی تھی۔

مقابل ایک پل کو اسے دیکھ کر رہ گیا، جو بے دھیانی میں مردانہ مضبوط بازوں کے حصار میں کھڑی تھی پر اس کی خود پر نظر پڑتے دیکھتی وہ یک دم پیزل ہوئی۔

ارے یہ بذات لڑکی ہے یہ اب یہاں نہیں رہے گی تو کان کھول کر سن لے" اور چھوڑ اسے دور رہ اس سے تیرا اس معاملے سے کچھ لینا دینا نہیں ہے۔۔"

دادی سا کسی بھی طرح اسے اپنے پوتے کی نظر سے اوجھل کر دینا چاہتی تھی۔

تم جاؤ اوپر میرے کمرے میں، تم سے بعد میں زرا تسلی سے بات کرتا"

"ہوں۔۔

وہ دادی سا کو نظر انداز کرتا نرم لہجے میں اس سے بولا۔

وہ خوف سے دادی سا کو دیکھنے لگی۔ جبکہ اس کے واضح لفظوں پر دل بری طرح لرزا تھا۔

ادھر مت دیکھوں جاؤ اوپر۔۔۔"اب کے وہ سختی سے بولا تھا۔"

کیوں جائے گی یہ اوپر تیرے کمرے میں اور کس حیثیت سے تو اسے " "کمرے میں بھیجے گا۔۔؟

اب کے دادی سا پھر بھڑک اٹھی تھیں۔

Zubi Novels Zone

""آپ کو نہیں پتا کیوں جائے گی یہ اپر اس کی حیثیت سے کیا آپ واقف "نہیں؟؟

وہ اب کے دو قدم چل کے ان کے قریب ہوا۔

بات سن لے تو یہ لڑکی تیرے لیے کوئی حیثیت نہیں رکھتی جیسے سالوں" "سے تو دور ہے آب بھی دور رہ یہاں کے معاملات سے۔۔۔۔

دادی سا سختی سے باور کرواتی اس کی طرف مڑیں۔۔

"یہ بھی آپ سن لیں میری بات کان کھول کر اور اسے اب ہاتھ مت لگایئے
میری بیوی ہے،۔وہ بیوی جس سے نکاح آپ کی رضامندی سے کیا تھا۔۔اور
اس کے لئے میں بولونگا اور آپ الفاظ کا چناؤ ٹھیک کریں۔۔اس کی وہی
حیثیت وہی مقام ہو گا جو میرا اس حویلی میں ہے۔۔"

Zubi Novels Zone

وہ رکی اور بے یقینی سے اپنے پوتے کو دیکھا۔
مقابل کا چہرہ بے تاثر تھا مگر اسکا سرخ پڑتا چہرہ اس کے بڑھتے اشتعال کا بتا رہا
تھا۔۔۔
"یہ لڑکی جسے تو نے کبھی پوچھا بھی نہیں؟؟؟۔۔۔۔تو اس گند کی پوٹ کے
لئے مجھ سے لڑ رہا ہے۔۔اس کا مقام مجھے بتا رہا ہے۔۔"

اسنے ابرو اٹھا کر ان کو دیکھا پشت پر ہاتھ باندھ کر وہ تمسخر سے بولا

گند کی پوٹ سچ میں؟؟"
اگر یہ گند کی پوٹ تھی تو شادی کیوں کروائی میری۔۔۔۔۔۔
اپنے خاندان کی عزت کے لئے اپنے شادی کروادی تھی اب جبکہ یہ میری عزت ہے تو اسے نوکروں کے سامنے بے عزت کر رہی ہے ذرا سوچ سمجھ کر بات کریں۔۔"

Zubi Novels Zone

درشتگی سے کہتا وہ مڑا۔۔
"تم آب تک کھڑی ہو، کیا سمجھ نہیں آیا میں کیا کہہ رہا ہوں؟؟" اسے روتے ہوئے کونے میں چپکا دیکھ وہ ایک بار پھر چیخا تھا۔۔
وہ خوف سے لرزی۔ لیکن اپنی جگہ سے زرا بھی نہیں ہلی۔

تم۔۔۔" وہ جارحانہ تیور لیے اس کی طرف آتا بازو سے دبوچے اوپر بڑھنے "
لگا۔۔

وہ نم آنکھیں لئے اس شہزادے کو دیکھ کر رہ گئ۔ جس نے کبھی ایک نظر
دیکھا بھی نہیں تھا، آج اس کے لیے اپنی دادی سے ہی لڑ پڑا تھا۔

"میں یہاں سے اپنے گھر جاؤں گی دفع ہو جاؤ تم تمہاری شکل بھی نہیں دیکھنی مجھے۔۔"اس کے پیچھے آتی وہ تیز آواز میں بولی۔۔۔۔

غنی کی گرفت مظبوط ہوئی تھی اسٹیرینگ پر ہاتھوں کی رگیں پھول گئی تھی ۔۔۔ایک دم سے اپنی گاڑی کا دروازہ کھول کر باہر آیا تھا۔۔۔

عدن کا بازو جکڑ کر گاڑی سے پن کیا تھا اسے اطراف میں ہاتھ رکھتا فرار کا ہر راستہ بند کیا تھا۔۔۔

"مجھے ابھی تم ویسے ہی زہر لگ رہی ہو اگر میں حویلی سے نکل آیا تھا تو اسکا مطلب سمجھی نہیں تم؟۔۔۔۔؟"

Zubi Novels Zone

کیا مطلب؟؟

مجھے کیا سمجھنا تھا نہ سمجھی سے اسے دیکھتی بولی۔۔۔۔

راستہ اس وقت سنسان تھا ہر طرف خاموشی تھی بڑے بڑے پیڑوں کے سائے روڈ پر نظر آرہے تھے چاند کی روشنی میں اس کا حسین چہرہ دیکھ کر غنی کا دل شدت سے دھڑک اٹھا تھا۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

مطلب یہ کہ۔۔۔

اسکی تھوڑی اپنی انگلی کے پوروں سے چھولی تھی عدن کو یکدم کرنٹ سا لگا تھا دل بے اختیار دھڑکا تھا آنکھیں حیرت سے پھیل گئی تھی۔۔۔۔

اسکے گلے لگی تم پھر۔۔۔۔پہلے نرم گرفت تھی مگر اس گرفت میں آب سختی تھی عدن درد سے کراہ اٹھی تھی۔۔۔

تم پاگل ہو گئے ہو؟؟

چھوڑو مجھے اسکا ہاتھ جھٹکتی دور کرنا چاہا تھا مگر وہ دور نہیں ہوا تھا۔۔۔۔

منع کیا تھا نا کسی کے قریب مت جانا کسی کے گلے نہیں لگنا مگر تم۔۔۔۔اس" ڈائریکٹر کے گلے لگ پڑی تھی۔۔۔۔۔"لہجہ سخت سے سخت ہوتا جارہا تھا چہرے پر پتھر و جیسی سختی تھی۔۔۔۔جب کے اسکے بازو اپنی مظبوط گرفت میں قید کیے تھے۔۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

غنی درد ہو رہا ہے مجھے پلیز لیو می"۔۔۔۔نم بھیگے لہجے میں بولی تھی" ۔۔۔۔ غنی بے تاثر نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔۔۔۔ پھر اس کو اپنی گرفت سے آزاد کیا۔۔۔۔

وہ درد نہیں ہوا ہو گا جو مجھے ہوا تھا۔۔۔وہ درد تم محسوس کر بھی نہیں سکتی" جو میں نے محسوس کیا۔۔۔"اس شخص کے منہ سے اپنے لئے یہ الفاظ سننا کے وہ بے انتہا نفرت کرتا ہے مجھ سے۔۔۔۔۔

اس درد سے تم نہیں گزری کبھی۔۔۔۔

اس سے دور ہوتا سرد نظروں سے اسے دیکھتا غرا کر بولا تھا جب کے عدن حق دق سی اس کی بات سن کر سن ہو گئی تھی۔۔۔۔۔دوسری سائیڈ کا دروازہ کھول کر تقریباً اسے پٹکا تھا غنی نے گاڑی میں۔۔۔۔۔۔۔

عدن کہی ماضی میں اٹک گئی تھی۔۔۔

لب سل گئے تھے وہ اس کو کچھ بول نہیں پائی تھی۔۔۔نجانے کیوں وہ خاموش ہو گئی تھی۔۔۔اسے یہ بھی ہوش میں نہیں رہا کے غنی اسے اپنے ساتھ لیجا رہا ہے۔۔۔۔۔

سارے راستے دونوں کہی اپنے ماضی میں رہ گئے تھے خاموشی سے کٹ گیا تھا سفر جس کا اندازہ دونوں میں سے کسی کو نہیں ہوا تھا۔۔۔۔

اپنے گھر باہر گاڑی کو روکتا اسنے عدن کو دیکھا جو سن ہو گئی تھی جیسے۔۔۔

"تم یہی بیٹھو میں اپنی فائلز لیکر آتا ہوں۔۔۔۔"
اس کی آواز پر چونک کر عدن نے دیکھا تھا اسے۔۔۔وہ آب گاڑی سے نکل کر گھر کے اندر جا رہا تھا۔۔۔۔نجانے کیوں عدن کو تکلیف ہوئی تھی ۔۔۔۔جو بھی تھا وہ اس کے سامنے اپنی بیوی کے پاس جا رہا تھا۔۔آنکھوں میں گویا کسی نے مرچیں بھر دی تھی دروازہ کھول کر باہر نکل کر جلدی سے اس کے پیچھے گئی تھی۔۔۔

وہ بڑاسادروازہ پار کرتااندر کی طرف بڑھ رہاتھاعدن تیز قدم اٹھاتی اس کے پیچھے گئی اور دروازے کی اوٹ میں چھوپ گئی۔۔۔۔۔

غنی جولاؤنج میں آیاتھاسامنے کامنظر دیکھ کر گویااسکاسانس رکاتھا ۔۔۔۔۔"آنکھوں میں بے یقینی درآئی تھی"۔۔۔۔۔۔۔دماغ کی شریانیں پھٹتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

سامنے کومل ایک آدمی کی گود میں بیٹھی فحاشی پھلارہی تھی ٹیبل پر وائن ور سگریٹ وغیرہ پڑی تھی۔۔۔۔۔۔۔ غنی کے لب سل گئے تھے۔۔۔۔۔اپنی بیک پر سے اسنے گن نکالی تھی۔۔۔۔۔۔وہ دونوں جوایک دوسرے میں مگن تھے کسی کی موجودگی محسوس کر کے چونکے۔۔۔۔کومل کی سانس اسپر کی اوپر اور نیچے کی نیچے رہ گئی تھی۔۔۔۔۔وہ آدمی جلدی سے اٹھتااپنی شرٹ پہنے لگا ۔۔۔۔۔کومل جونائٹ ڈریس میں تھی اسکاگلہ ٹھیک کرتی خوف سے غنی کو

دیکھنے لگی جس کے ہاتھ میں گن تھی۔۔۔آنکھیں سرخ انگارا تھی

۔۔۔۔چہرہ لہو چھلکا دینے کے در پر تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم جیسی عورت کا اس دنیا میں کوئی کام نہیں"۔۔بھاری قدم اٹھاتا ان کے"

تھوڑا قریب ہوا۔۔۔۔۔۔

"تم جیسے بے حیا بے وفا۔۔۔

زبان سے وہ بولو جو سن سکو۔۔۔"وہ چیخ کر بولی۔"

میں نے تمہیں محبت عزت مان دیا،اور تم میری ہی عزت۔۔۔"وہ بے"

یقینی سے بولا۔

مجھے تم سے کوئی محبت نہیں رہی تھی جب تم نے میرے پرو پوسل کو"

ریجیکٹ کیا تھا جب سے اس دل میں آگ لگی ہوئی تھی میرے

۔۔۔۔۔مجھے کیا بے حیا بول رہے ہو"۔۔۔۔۔وہ ابھی کچھ بولتا کے کومل

کے زہر میں ڈوبے الفاظ اسے لہو لہان کر گئے۔۔۔۔

"تمہیں میں نہیں چھوڑوں گا۔۔۔۔

دھوکے باز۔۔۔۔۔بے حیا عورت میرے نکاح میں ہوتے ہوئے یہ حرکت کی۔۔۔۔

گن وہی زمین پر پھنک کر وہ اسکی طرف لپکا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ آدمی جو بھاگنا چاہتا تھا جلدی سے گن اٹھا کر غنی کی ٹانگ پر فائر کھولا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

حال میں موت کا سا سناٹا چھا گیا تھا۔۔۔۔۔

باہر کھڑی عدن جو سب تماشا دیکھ کر تمسخرانہ ہنسی ہنس رہی تھی۔۔۔۔

گولی کی آواز پر اس کی جان نکلی تھی۔۔۔۔۔

غنی یکدم زمین بوس ہوا تھا۔۔۔جسے محبت دی عزت دی آج وہی لڑکی سب کچھ اس کے منہ پر مار گئی تھی۔۔۔۔وہ لڑکا آب سامنے کھڑا ہنس رہا تھا ۔۔۔نکاح میں تھی چلو آب بیوہ ہو جائے گی کیوں ڈارلنگ۔۔۔۔اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر وہ بے باکی سے بولا تو کومل نے اس کے ہاتھوں سے گن لی ۔۔۔۔۔چہرے پر صرف نفرت ہی نفرت تھی۔۔۔۔۔

گن کا رخ غنی کے دل کا مقام کی جانب تھا۔۔اسی دل میں وہ وہ لڑکی بستی تھی نا؟۔۔۔جسکی وجہ سے تم نے مجھے ریجیکٹ کیا تھا؟۔۔۔۔۔اسی دل میں اتنی گولیاں پیوست کرونگی کے تڑپ کر فورن مر جاؤ گیں۔۔۔۔

وہ جو زمین پر پڑا بے ہوش ہونے والا تھا۔۔۔اس کے الفاظ کسی بجلی کی طرح گرے تھے۔۔۔۔۔۔

ٹھا!!۔۔۔۔۔۔

اسنے گولی چلادی تھی۔۔۔۔۔

خون کا فوارہ یکدم پھوٹ پڑا تھا۔۔۔۔ مگر گولی شولڈر پر لگی تھی۔۔۔۔اسکا نشانہ چوک گیا تھا عدن عین وقت پر اکر اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ مار گئی تھی

۔۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

عدن نے ہراساں نظروں سے غنی کو دیکھا جو تکلیف سے اسے دیکھ رہا تھا ۔۔۔۔۔وہ سکت ہو گئی تھی اپنی جگہ۔۔

گن چھوٹ کر زمین پر گر گئی تھی۔۔۔۔۔۔

عدن حرکت میں آئی۔

"تجھے تو میں بتاتی ہوں۔۔۔۔۔"

وہ دونوں جو بھاگنے لگیں تھے پیچھے سے یکدم عدن نے فائر کھولا تھا جو انکے پیر ہاتھوں کو زخمی کر گئی۔۔۔۔۔

وہ دونوں ہی زمین بوس ہوئے انکو کراہتے ہوئے دیکھ وہ جلدی سے غنی کے پاس گئی۔۔۔۔۔۔

غنی۔۔۔ غنی آنکھیں کھولو۔۔۔۔اسکا سر گود میں رکھتی وہ تڑپ کر بولی تھی" آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے تھے۔۔۔۔

یہ سب کیا ہو گیا۔۔۔"وہ بری طرح سسکی تھی۔"

تم۔تمہاری بد دعا لگ گئی"۔۔۔۔۔"

اس نے روتے ہوئے نفی میں سر ہلایا تھا۔۔

محبت کی مار مارا گیا ہوں میں"۔۔۔"

دیکھ۔دیکھوں تمہارے ساتھ میں نے غلط کیا"۔۔۔۔۔آج میرے ساتھ "
بھی ہو گیا۔۔۔۔۔۔

خون بھرے ہاتھوں سے اسکے ہاتھ پکڑتا وہ بکھر گیا تھا۔۔۔۔۔وہ نفی میں سر
ہلاتی روئی تھی۔۔۔۔

"معاف کردو زہرہ۔۔۔۔۔"

کسی کے کردار پر انگلی اٹھائی تھی میں نے اسکا د۔دامن داغدار کرنا چاہا تھا۔۔۔
دیکھوں آج۔۔آج میرا پورا جو لباس تھا نا گندگی سے اس قدر گندہ ہو گیا
۔۔۔۔کے میں چاہ کر بھی اسے صاف نہیں کر سکتا۔۔۔ٹوٹا بکھرا لہجہ تھا
۔۔۔۔۔اسے آج اپنے کیے گئی زیادتی یاد آئی تھی۔۔۔۔

اور ایک وقت ضرور آتا ہے جب انسان کو یاد آہی جاتی ہے کے اسنے
دوسرے کے ساتھ برا کیا تھا۔۔۔۔تو بدلے میں اسکے ساتھ مکافات عمل
ہوا ہے۔۔۔۔۔۔

تمھیں کچھ نہیں ہو گا۔۔میں کچھ نہیں ہونے دوں گی۔میں نے تم سے بے"
انتہا محبت کی ہے۔۔اب تمھیں کہیں نہیں جانے دوں گی۔۔میرے ہو
تم۔صرف میرے۔۔"وہ روتے ہوئے چیخی اور اس کو سہارا دیا۔۔غنی کے
دل میں اس کے الفاظ قرار کی طرح پھیلنے لگے۔۔اس نے نفی میں
سر ہلایا۔۔لیکن عدن زبردستی اسے سنبھالتی باہر لائی۔

کومل اور وہ شخص وہی رہ گئے تھے۔۔

سیسکیوں کا گلہ گھوٹتی تیزی سے چلائی تھی گارڈ جو بے سدھ سو رہا تھا یکدم
بیدار ہوا تھا شور کی آواز سے مگر سامنے کا منظر دیکھ کر وہ خوف سے سفید پڑ گیا

---------

اپنا لرزتا وجود سنبھالتی وہ گارڈ کے ساتھ اسے لئے باہر نکلی تھی۔۔۔۔۔آج
وہ اس کے نام پر پور پور سجی تھی۔۔۔مگر وہ یہ نہیں جانتی تھی کے آج کی

راز کھلیں گے۔۔۔کئی حقیقت اس کے سامنے اکھٹری ہو گی۔۔۔۔اسکا

لباس پور پور غنی کے خون سے بھیگ گیا تھا۔۔۔۔۔

خوبصورت چہرہ آنسوں سے بھیگ گیا تھا سیاہ آنکھیں سرخی مائل ہو گئی تھی

گاڑی تیزی سے ڈرائیور ڈرائیو کر رہا تھا۔۔۔پیچھے وہ غنی کو لئے بیٹھی تھی جو

مکمل بے ہوش ہو گیا تھا۔۔۔۔

پورے وجود میں ایک درد کو لہرا اٹھی تھی آنسوں حلق میں پھنس رہے تھے

دل سست روئی سے دھڑک رہا تھا۔۔۔۔۔

"بھائی جلدی چلاؤ۔۔۔۔۔

وہ چیخی تھی۔۔۔غنی کا بے جان وجود اس کی جان نکال رہا تھا۔۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

. ہسپتال پہنچ کر اسے فورن آپریشن کے لئے لیجایا گیا تھا۔۔۔

وہ بینچ پر سکت بیٹھی تھی۔۔۔۔ڈرائیور نے حویلی کال کردی تھی
۔۔۔۔۔جسکا عدن کو معلوم نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم پتھر ہو
جانتی ہوں میں
تم بے رحم جو
جانتی ہو میں
مگر آج تم نے
کوئی تم نے دھوکہ دیا۔۔۔
آج کوئی بے رحمی دیکھائی تو۔۔
تمہیں میں کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

چہرہ ہاتھوں میں چھوپائے وہ بے انتہا روئی تھی۔۔

ایک گھنٹہ ہو گیا تھا وہ اکیلے بیٹھی ہوئی بس روئے جارہی تھی۔۔۔۔

راہداری سے اسے ولی آتا نظر آیا۔۔۔۔ساتھ اس کے احد ملک بھی تھے اور یاور ملک بھی۔۔۔۔

ولی۔۔۔ غنی۔۔۔"وہ تڑپ کر اس تک پہنچی تھی۔۔۔۔

ولی نے لب بھینچ کر اسکی حالت دیکھی۔۔۔

کچھ نہیں ہو گا اسے حوصلہ رکھو"۔۔۔اسکا لرزتا وجود دیکھ کر ولی نے اپنی" شال اسکو کھول کر اڑھادی۔۔۔۔۔

بیٹادعاکرو تم بیوی ہواسکی۔۔۔

اللّٰہ ضرور سنے گا۔۔۔"یاور ملک اسکے سر پر ہاتھ رکھتے نم لہجے میں بولے ۔۔۔۔

"مم میں دعا کر رہی ہوں مگر۔۔۔ڈاکٹر کوئی جواب نہیں دے رہے آب تو دو گھنٹہ ہو گئے ہیں۔اسے کچھ ہوا تو میں مر جاؤں گی۔۔ولی اسے کہو نے ایک بار میری بات سن لے۔۔۔"وہ سسکتی فریادی ہوئی۔

"۔۔بس بیٹا اتنا نہیں روتے۔۔سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔"۔

Zubi Novels Zone

اسے سنبھال پانا کسی کے بس کی بات نہیں تھی ولی دروازے کے پاس کھڑا بے چین تھا۔۔۔۔

صبح ہونے والی تھی مگر آب تک کچھ نہیں پتا چلا تھا۔۔۔۔

ڈاکٹرز کی ایک بھاری تعداد باہر آئی تھی۔۔۔۔

سب لپک کر ان تک پہنچے۔۔۔۔

ہم نے اپنی پوری کوشش کی ہے مگر وہ ہوش میں نہیں آئے ہلکا سا بھی ۔۔۔۔،چوبیس گھنٹے ہے ان کے پاس ہوش میں آنا بہت ضروری ہے باقی آپ لوگ دعا کریں انشاءاللہ سب بہتر ہو گا۔۔۔

Zubi Novels Zone

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اٹھ جاؤ۔۔۔۔

بہت ہو گیا ہے۔۔۔۔ڈرامہ بازیاں ختم نہیں ہوتی تمہاری"۔۔۔۔۔نم بھیگیں لہجے میں شکوہ کرتی اسکے پاس بیٹھ گئی۔۔۔۔سب نے اسے گھر جانے کا بولا تھا مگر وہ نہیں مانی تھی۔۔۔

اسنے محسوس کیا اسکے ہاتھوں جنبش ہوئی تھی۔۔وہ باہر کو بھاگی۔۔۔ڈاکٹرز کو بلانے۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں ہی جیسے انہیں زندگی کی نوید سنادی گئ تھی۔

عدن کا روم روم شکر گزار تھا۔

اسے ہوش اگیا تھا۔۔۔سب اس سے ملنے گئے مگر وہ نہیں گئ تھی۔۔۔۔

دروازے پر نظریں جمی تھی کے وہ آئے گی مگر وہ نہیں گئ۔۔۔

Zubi Novels Zone

ہسپتال کے پرے روم میں وہ بیٹھی رہی گھٹنوں کے گرد ہاتھ بندھے۔۔۔۔

کیوں نہیں جارہی اس سے ملنے ؟۔۔۔ولی اندر آتا اس کے سامنے بیٹھتا بولا

۔۔۔۔۔۔

"مجھے نہیں ملنا اس سے۔۔۔۔

وہ تکلیف میں ہے ولی نے جیسے یاد دلایا۔۔۔۔

مگر وہ۔۔۔اسے تو اس کومل کا غم کھا رہا ہے۔۔۔۔اسے مجھ سے غرض نہیں ۔۔۔۔۔

دیکھو جو ہوا سو ہوا اسکو میں نے آب چیک کروایا ہے تو دونوں ہی تقریباً مرنے کی حالت میں ہے مگر مرے نہیں تم بچ گئی ہو شکر کرو۔۔۔۔

ڈرتی نہیں میں۔۔۔۔آنکھیں دیکھا کر بولی تھی جن میں سرخی بھری ہوئی تھی۔۔۔۔

کیوں نہیں جا رہی وہ بار بار دروازے کو دیکھ رہا ہے بات تو کرو۔۔اس سے" لڑوں شکوہ کرو حق ہے تمہارا" ولی نے سمجھایا۔۔۔۔

ہاں صحیح بول رہے ہو وہ معصوم ہے بہت۔۔۔۔

تمہیں پتا ہے جس آگ میں۔۔میں سالوں سے جلتی آئی ہوں۔۔۔۔وہ حقیقت ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔۔

غنی نے اس وقت اسکو ریجیکٹ کیا تھا اسنے بدلہ لیا۔

اس سے۔۔۔۔وہ رودی تھی۔۔۔۔ہاں تم دونوں ان دیکھی آگ میں جلے تھے۔۔۔۔۔اور جلتے ہو۔۔

مگر وہ کومل۔۔۔۔

عدن اس وقت کیا امپورٹنٹ ہے؟

جا رہی ہوں میں گھر اور وہ ٹھیک ہو جائے تو بولنا واپس جائے اس ہوتی سوتی کے پاس اور اس کا سر پھاڑ کر واپس میرے پاس آئے ورنہ میں اسکو گنجا کردوں گی۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

غصے سے کہتی وہ ولی کو ہسنے پر مجبور کر گئی تھی۔۔۔

ابھی ملواس سے آؤ۔۔۔

ولی لے گیا تھا اس کو۔۔۔

کچھ ہی دیر میں وہ اس کے سامنے تھی

بچ گئے مبارک ہو۔۔۔اس کے برابر میں کھڑی ناک چڑھا کر بولی تھی

۔۔۔۔جب کے غنی اسکو دیکھنے لگا جسکی آنکھیں سرخ تھی پپوٹے سوجے ہوئے تھے۔۔۔۔۔جو دیر تک رونے کی چغلی کھا رہی تھی۔۔۔۔

روئی ہو؟۔۔۔اسکا ہاتھ یکدم اپنی گرفت میں لیتا اسے سکت کر گیا۔۔۔

تمہارے لئے کبھی رو ہی نالوں میں۔۔۔وہ اسے گھورتی اپنا ہاتھ آزاد کروانا چاہا۔۔۔

"بچ گیا ہوں ورنہ کوشش تو تھی کہ مر جاؤں۔۔"

کیا بد تمیزی ہے کیا بکواس کر رہے ہو؟ وہ بھڑک پڑی۔"

"روئی کیوں پھر؟۔۔۔ تمہیں کیا۔۔۔ اگر کچھ ہو جائے تو۔؟

بتاؤ گھمبیر آواز بو جھل آواز تھی۔۔۔۔

"ہمدردی کر رہے ہو۔۔

نہیں۔۔ تم نے ہمدردی کری مجھے بچا کر۔۔۔ تمہیں اسکے غم میں مرنے نہیں دے سکتی تھی میں۔۔۔ منہ بناتی اس کے پاس بیٹھی تھی وہ ہاتھ چھوڑنے کو تیار ہی نہیں تھا جبھی۔۔۔

تم نے اسے کیوں مارا۔۔۔ میں نے نہیں مارا اسکے گندے خون سے اپنے ہاتھ نہیں رنگوں گی میں۔۔۔۔

اسکا ہاتھ جھٹک کر دور ہوئی تھی۔۔۔۔

وہ ٹھنڈے فرش پر بیٹھی غنودگی کی حالت میں تھی رات سے وہ اسی پوزیشن میں بیٹھی تھی اب صبح کے سات بج رہے تھے۔۔۔۔بیڈ پر ایک سلوٹ تک نہیں تھی یعنی وہ رات بھر سے کمرے میں نہیں آیا تھا۔۔۔۔نم متورم آنکھیں اسکی رات بھر رونے کی گواہ تھی۔۔۔۔

سر درد سے پھٹتا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔دل و دماغ کو ذرا برابر بھی سکون نہیں مل رہا تھا۔۔۔بوجھل آنکھیں بہت کوشش کے بعد وا ہوئی تو پتا چلا صبح ہو چکی ہے۔۔۔۔۔

اٹھ کر اسنے اپنے روم کا دروازہ کھولا اور نیچے کی جانب بڑھی۔۔۔قدم ٹھہر گئے۔۔۔آنکھیں ایک بار پھر بھیگ گئی۔۔۔دل میں ٹیسٹ سی اٹھی۔۔۔وہ ساری رات اس سے لاپرواہ بنا یہاں سوتا رہا۔۔۔۔

ش۔ شمس۔۔ بکھرا ہوا لہجہ تھا بھیگی آنکھیں تھی۔۔۔وہ جو ساری رات بچینی کی نظر کر چکا تھا تھک کر صبح تقریبن چھ بجے اسکی آنکھ لگی تھی۔۔۔۔۔اسکی آواز پر یکدم شمس کی آنکھ کھولی۔۔۔۔آنکھ کھولتے ہی سامنے دشمنجاں کھڑی تھی۔۔۔۔بکھرا حال دیکھ کر شمس کا دل کٹ کر رہ گیا تھا۔۔۔۔۔

رانیہ دماغ کہا ہے۔۔۔۔کیا حال کر لیا ہے تم نے اپنا۔۔۔۔رات کا غصہ کہی سو گیا تھا جا کر اس وقت وہ شمس تھا جو صرف رانیہ کی محبت میں ہر بڑھتے دن کے ساتھ بس اس کے لئے جی رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

ش۔ شمس پلیز ناراض نہیں ہو۔۔۔۔آئ ایم سوری۔۔۔۔اسکے سینے پر سر رکھتی پھپھک کر روئی تھی۔۔۔۔ شمس تو گھبرا ہی گیا تھا اسے کیا معلوم تھا ۔۔۔۔

اسکی ذرا سی بے اطینانی برداشت نہیں ہو پائی تھی اس سے اسے کیا معلوم تھا رانیہ کا یہ حال ہو جائے گا۔۔۔

م۔میں اس سے بھی معافی مانگ لونگی تم ناراض نہیں ہو۔
شمس نے اس کے گرد حصار کھنچا تھا۔۔۔جلتے دل کو کرار آیا تھا۔۔

ششش۔۔۔۔
گھمبیر بوجھل آواز میں اس کے لبوں پر انگلی رکھ کر خاموش کروایا تھا۔۔۔

تم بیوی ہو شمس خان کی"۔۔۔۔۔"
وہ کبھی خود کسی کے اگیں نہیں جھکا تو اپنی بیوی کو کیسے جھکا سکتا ہے

۔۔۔۔۔۔۔

مگر غلط میں نے کیا معافی مانگنیں سے کوئی چھوٹا بڑا نہیں ہوتا۔۔۔۔ سو سو کرتی نم آنکھوں سے اسے دیکھتی ایک اور بات بتا گئی۔۔۔۔۔

سہی بول رہی ہو۔۔۔۔ کبھی ملنا ہوا تو یو سے سوری ٹو ہر۔۔۔۔

جسے پول میں دھکا مارا تم نے۔۔۔ نرم لہجے میں کہتا آخر میں لہجہ خفگی بھرا تھا ۔۔۔۔۔۔

رانیہ پھیکی ہنسی ہنس دی۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

رانی میری وہ شوخ ہوا اسے لیکر سوفے پر بیٹھا دونوں ہاتھ اسکے اپنی گرفت میں لئے وہ اسے دیکھیں گئی دل شدت سے دھڑکا۔۔

تم نے وہ سب کیوں کرا اگر اس کو کچھ ہو جاتا؟۔۔۔۔

م۔میں نہیں چاہتی تھی ایسا مگ۔مگر ہو گیا اٹک کر بولی تھی وہ رانیہ کا نظریں چورانا بخوبی دیکھا تھا شمس نے۔۔۔

ادھر دیکھو۔۔۔۔

اسکی تھوڑی اپنی پور میں لیتے گھمبیر آواز میں بولا رانیہ کے وجود میں سنسنی دوڑ گئی۔۔

شمس نے اسکی آنکھوں میں دیکھا۔۔
تمہاری نیچر میں جانتا ہو اور تم مجھے لیکر بہت حساس ہو۔۔۔۔
میں جو شادی سے پہلے والا شمس تھا۔۔۔آب نہیں رہا۔۔۔۔دھیما لہجہ تھا

۔۔۔۔۔

رانیہ نے بغور اسے دیکھا وہ سچ ہی تو بول رہا تھا شادی کے بعد سے وہ بہت بدل گیا تھا۔۔۔۔

میں ہر ایک سے فرنک تھا یہ بات عدن بھی جانتی ہے مگر میں آب نہیں ہوتا میں شوٹ پر بس کام سے کام رکھتا ہو تمام اووٹنگ میں ترق کر چکا ہو۔۔۔۔۔
رانیہ نم آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی دل عجیب ہو رہا تھا
کیا تمہیں یہ محسوس نہیں ہوا؟۔۔۔۔۔۔
جھوک کر اس کے تھوڑے بڑھے ہوئے پیٹ پر لب رکھ کر مسکرایا رانیہ خجل ہوتی سرخ ہوئی۔۔۔۔

مجھے سب پتا ہے شمس اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھتی یقین دلانا چاہا تھا۔۔۔۔

پھر تم کیوں انسیکور ہوتی ہو؟؟۔۔۔ تمہیں اپنا مقام معلوم ہونا چاہیے یار ۔۔۔۔ میری فیلڈ ہی ایسی ہے ملنا ہوتا رہتا ہے ہر ایک سے کیا اگر میں کسی کو ذرا دیکھ بھی لونگا تو تم یہ سب کروگی وہ جھنجھولا اٹھا تھا آنکھوں میں خفگی در آئی تھی۔۔۔

رانیہ نے لب دبا کر اسے دیکھا۔۔۔

دیکھا بھی کیوں؟۔۔۔ میری مرضی میری آنکھیں ہیں۔۔۔اسے گھورتا ہوا کوشن اسکو مارا۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

پھر میں بھی دیکھا کرونگی۔۔۔

کیسے؟؟؟؟

شمس آنکھیں کھولے حیرانی سے اسے دیکھتا بولا۔۔۔۔

جو بھی ہندسوم بندہ ہوگا کندھے اچکاتی بے نیازی سے بولی۔۔۔

آنکھیں نا نکال لوں تمہاری ابھی بخش دیا تمہیں ورنہ بتاتا تمہیں میری پرنسیس تمہارے پاس جو ہو پہلے سا نجیدا پھر شوخ ہوتا ہنسا۔۔۔۔

پرنس ہے اوکے وہ جاتا کر بولی۔۔۔پرنسیس ہے میری جان میری پیاری سی بیٹی۔۔۔افففف اسکا نام نورالعین رکھوں گا۔۔۔۔۔آنکھوں میں یکدم تھوڑی اداسی در آئی تھی۔۔۔رانیہ حیران ہوئی۔۔۔

Zubi Novels Zone

شمس یہی نام کیوں رانیہ اسکے کندھے پر ہاتھ رکھتی پوچھنے لگی۔۔۔

بس ویسے ہی تم اٹھو جاؤ فریش ہو پھر ناشتہ کرتے ہے پھر مجھے جانا ہے آفس ۔۔۔۔

اسکے بکھرے بال سنوارتا سوفا سے اٹھ کر کچن کی جانب بڑھا۔۔۔

پیچھے وہ مسکراتی نگاہوں سے اسے دیکھتی روم کی جانب بڑھ گئی چینج کرنے کی غرض سے۔۔

---

کچھ وقت بعد۔۔۔۔

عدن کہا جارہی ہو؟۔۔۔وہ جو ابتر حالت میں بانو بیگم نے روکا۔۔۔۔

وہ امی سامیں ناشتہ لیکر جارہی تھی ولی کے لئے ہاتھ میں ٹرے لئے وہ اپر جانے کے لئے سیڑی پر کھڑی تھی۔۔۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

وہ آب بانو بیگم کو امی سا ہی کہتی تھی ایسا وہ ان کے کہنے پر ہی کرتی تھی۔۔۔

بیٹا یہ کیا ہولیا بنا رکھا ہے انہونے خفگی سے اسے دیکھا جو ڈھلی سی ٹیشرٹ پاجامہ میں تھی کندھوں پر شال ڈالی ہوئی تھی۔۔۔۔

ارے امی سا ابھی تو میں سو کر اٹھی تھی تو جبھی وہ جھنجھولا گئی تھی۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

اچھا۔۔

تم جاؤ اسے ناشتہ دو فرصت سے کلاس لونگی بعد میں تمہاری میں۔۔۔۔۔

ناشتہ لیکر وہ غنی کے پاس آئی جہاں وہ بیڈ پر بیٹھا تھا گولی اسکے ایک ٹانگ اور شولڈر پر لگی تھی جس کی وجہ سے اسے اٹھنے بیٹھنے میں تکلیف کا سامنہ کرنا پڑ رہا تھا۔۔۔

بڑی ہوئی بیئرڈ آنکھوں کے سرخ گوشے مرجھایا ہوا چہرہ یہ وہ غنی نہیں تھا جس کی دنیا دیوانی تھی۔۔۔

عدن گیٹ بند کر کے اس کے سامنے آ کر بیٹھی اپنے ہاتھ سے اسے ناشتہ کرواتی سنجیدا تھی۔۔۔۔
عدن کو ایک چپ سی لگ گئی تھی ان کچھ ہفتوں میں غنی کا وہ بے انتہا خیال رکھ رہی تھی جس کی بدولت غنی صحتیاب ہو رہا تھا آہستہ آہستہ۔۔۔۔

خاموشی تھی دونوں کے بیچ یہ خاموشی کئی روز سے قایم تھی۔۔۔

بریڈ کا پیس اس کے منہ میں دیتی وہ چونک گئی اسکا ہاتھ غنی کے ہاتھ میں تھا۔۔۔ جس کی آنکھوں میں صرف وحشت ہی وحشت نظر آئی اسے۔۔۔

Zubi Novels Zone

خاموش کیوں ہو؟ کئی روز بعد ایک سوال آیا تھا غنی کی جانب سے مگر وہ بس اسے دیکھے گئی آنکھیں ہر احساس سے اری تھی۔۔۔

کیا چاہتے ہو تمہارے سامنے ڈھول لیکر گھوموں؟؟؟؟
تیکھی نظروں سے دیکھتی اپنی جگہ سے کھڑی ہوتی واڈرپ سے اسکی ایک شرٹ نکالی

Zubi Novels Zone

شرٹ چینج کرنی ہے تم کو؟؟۔۔۔بلیک شرٹ ہاتھ میں لئے اسے دیکھتی بولی۔۔۔
وہی بیگانہ سا لہجہ تھا مگر وہ ایسا ہی رویہ اختیار کریں ہوئے تھی۔۔۔
ہمم۔۔۔

تمہیں زحمت ہو گی مجھے دیں دو خود کر لو گا میں اسکی طرف ہاتھ بڑھیا مگر فورن واپس کھنچ لیا۔۔۔

درد کی ایک لہرا اٹھی تھی درد بھرے تاثر اس کے چہرے سے عیاں ہوئے تھے۔۔۔

تمہارا دماغ ہی خراب ہو گیا ہے۔۔۔
اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتی دانت پیس کر بولی۔۔
پھر اسے دیکھا جو آنکھیں میچ کر درد برداشت کر رہا تھا۔۔۔

آب تم ٹھیک ہو اسے آنکھیں کھولتا دیکھ کر پوچھا تو اسنے بغور عدن کو دیکھا ۔۔۔۔

تم کو مذاک اڑانا چاہیے میرا۔۔۔

میں اسی قابل ہو ہلکا سا مسکرا کر وہ عجیب انداز میں بولا تو عدن نے بولا

سوچا تھا دعا کی تھی تم پر ایسا دن آئے تمہیں جواب ملے جو تم نے دوسرے انسان کو کہا تھا اس کی دھجیاں اڑائی تھی اپنے لفظوں سے

مگر میں مذاک اڑانے والوں میں سے نہیں ہو۔۔۔اور نا ہی یہ سب تمہارے ساتھ میری وجہ سے ہوا جو سب تمہارے ساتھ ہوا تمہاری تقدیر میں یہی تھا۔۔

یوہی اگر سب ہونا تھا میرے ساتھ تو دھوکہ کیوں ملا مجھے۔۔۔

ہر دھوکہ ہر فریب ہر ایک کی زندگی کا حصّہ ہے یعنی نصیب کی بات۔۔۔

وہ آب قریب آبیٹھی تھی۔۔۔

اسکی شرٹ کے بٹن کھولتے اس کے ہاتھ لرزا ٹھیں تھے مگر ضبط کرتی تمام بٹن کھول چکی تھی

غنی اسکے ایک ایک چہرے کے تاثر دیکھتا اپنے لب دبا گیا تھا سرخ ہوتے رخصار غنی کا دل دھڑ کا رہے تھے

Zubi Novels Zone

چہرے پر پسینیں کی بوندیں جمع ہونے لگی تھی عدن اسکی نظروں سے کھائیف ہوتی اسے جلدی جلدی شرٹ پہنا کر دور ہٹی ٹیبل پر دوائی رکھ کر وہ باہر بھاگی تھی۔۔۔

سانس تیز ہو گیا تھا۔۔۔پلکیں لرز رہی تھی۔۔۔دل عجیب انداز میں دھڑک رہا تھا۔۔۔۔دل کے مقام پر ہاتھ رکھیں اپنی بڑھتی دھڑکنوں کو قابو کرنا چاہ رہی تھی

پیچھے غنی بس اس کو جاتا دیکھ کر رہ گیا۔۔

حواس تو ایسے سلب ہو رہے ہیں جیسے میں نے کچھ کیا ہو۔۔۔ہلانکے ابھی کچھ کیا بھی نہیں ہے منہ ہی منہ میں بڑبڑاتا اپنی دوائی اٹھا کر کھانے لگا۔۔۔

Zubi Novels Zone

---

---

صبح ہو چکی تھی مگر آج نورے سوئی ہوئی تھی آب تک یہ غیر معمولی لگا تھا ولی کو۔

ڈول۔۔۔اٹھنا نہیں ہے کیا آج۔۔۔اسکا کمبل ہٹاتا پاس بیٹھے اسکے بال سنوارتا محبت سے بولا تھا

وہ جو آنکھیں موند لیٹی تھی ولی کے پکارنے پر آنکھیں کھولی۔۔۔۔

اٹھی کیوں نہیں ولی آب اسکے رخسار چھو رہا تھا

میرا دل نہیں تھک گئی ہو میں جبھی لیٹی رہی منہ بسورتی وہ ولی کو مسکرانے پر مجبور کر گئے تھے

Zubi Novels Zone

کیا ہوا ہے رات بھی تم جلدی سوئی تھی آب کے وہ فکر مند ہوا

کچھ نہیں ہوا بس تھکن ہو رہی ہے کل سے چکر آرہے ہیں اٹھ کر بیٹھتی اپنے بکھرے بال سمیٹیں

میں ناشتہ لاتا ہوں پھر ناشتہ کر کے ڈاکٹر کے پاس چلے گیں وہ پریشان ہو گیا تھا نورے کے معملے میں وہ دن بادن حساس ہوتا جارہا تھا۔۔۔

کچھ ہی دیر میں وہ اپر آیا تھا ساتھ میں بانو بیگم بھی تھی نورے کو بیٹھا کر ناشتہ کروا رہی تھی ساتھ میں ہلکی پھولکی باتیں بھی کررہی تھی جب کے ولی اس کے سر پر کھڑا تھا جب وہ نہ نہ کرتی نہیں کھانا مگر اسکے گھورنے پر زبردستی کھانے لگی یکدم اسے لگا کے جو بھی کھایا ہے ابھی باہر آجائے گا وہ فورن اٹھ کر واش روم میں بھاگی تھی بانو بیگم بھی پریشانی سے اس کے پیچھے گئی ولی کے ساتھ بڑھا تھا۔۔۔۔

واش روم سے باہر آئی تو نورے کی زرد رنگت دیکھ کر ولی اسکو اپنے حصار میں لے گیا۔۔۔آنسو آنکھوں سے پھیسل کے رخسار پر آئے تھے۔۔۔

نورے کیا ہو گیا ہے رو کیوں رہی ہو ڈاکٹر کے چلتے ہے نا ابھی اسے بیڈ پر بٹھایا تھا بانو بیگم نے بغور نورے کو دیکھا کچھ سوچ کر انہوں نے نورے کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں بھرا۔۔۔

کب سے ہو رہا ہے نورے یہ سب۔۔۔

بانو بیگم کا پوچھنا ولی کو کھٹکا ضرور تھا مگر وہ نورے کی پریشانی میں کچھ سوچنا نہیں چاہتا تھا۔۔۔

امی سا تین چار دن ہو گئے جب بھی کچھ کھا رہی ہو یہی ہو رہا ہے نم آنکھوں سے دیکھتی وہ بتانے لگی۔۔۔

ولی جاؤ نورے کو ڈاکٹر کے پاس لیکر جاؤ۔۔۔

Zubi Novels Zone

بانو بیگم مسکراتی اپنے گلے لگا گئی تھی پھر ولی سے بولی تو ولی ان کو مسکراتا دیکھ کر حیران ہوا تھا پھر سر کو جنبش دے گیا۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نورے کو لیکر وہ شہر آیا تھا اور وہاں اکر جو خبر ملی ولی کو سن کر ایسا لگا جیسے ساری دنیا کی خوشیاں اسکی جھولی میں آگئی ہو نورے آنکھیں کھولے حیران تھی خوشی سے دل گدگدا گیا تھا۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

وہ لوگ آب واپس حویلی آرہے تھے دونوں ہی خوش تھے خوشیوں نے ان کے در پر دستک دیں دی تھی

لاؤنج میں آئے تو سامنے سوفوں پر ہی سب بیٹھے تھے غنی اور عدن بھی آج نیچے بیٹھے تھے۔۔۔۔

نورے شرماتی للجھاتی بانو بیگم کے پاس اکر چپک کر بیٹھ گئی تھی سب نے حیرانی سے اسے دیکھا دادی سا نے ضبط سے اسے وہاں دیکھا تھا۔۔۔

ولی کیا ہوا ڈاکٹر نے کیا بولا بانو بیگم نے ہی بات کا آغاز کیا ورنہ وہ پہلے ہی سمجھ گئی تھی یقین نورے کے کھلتے گلاب جیسے چہرے کو دیکھ کر ہو گیا تھا۔۔

وہ امی سا۔۔

ولی دبا کر انہیں دیکھنے لگا جو خود بھی مسکرا رہی تھی۔۔۔

کیا ہوا بولو بھی آب کے دادا سا کڑک آواز میں بولے

وہ دادا سا مجھے شرم آرہی ہے ناولی معصوم منہ بناتا بولا تو سب ہنس پڑے۔۔۔

دوکان کے نیچے لگاؤ گا بیوی کے سامنے ساری شرم نکل جائے گی احد ملک نے گھور کر کہا تھا غنی نے شرارت سے ولی کو دیکھا۔۔۔

بھائی کہی وہ تو نہیں جو میں سمجھ رہ ہوں ؟۔۔۔ غنی سوفے پر بیٹھا بولا۔۔۔

کیا سوچ رہا ہے تو بتا دیں ولی آب کے سیریس ہوا یہی کے میں چاچو بننے والا ہے ہو آنکھیں چھوٹی کریں غنی ابرو اٹھا کر بولا تھا ولی نے جوش سے سر ہلایا ہاں نا یہی تو۔۔۔

تم دونوں نہیں سدھر سکتے دادا سا کو لگا وہ اب بھی مذاک کر رہے ہیں۔۔۔

ارے دادا سا آپ پر دادا بننے والے ہیں وہ ان کے گلے لگتا یقین دلاتا بولا تو سب کے چہرے خوشی سے کھل گئے دادی سا جو سب سے انجان بیٹھی تھی اٹھ کر نورے کے پاس آئی۔۔۔

سب اپنی جگہ حیران ہوئے تھے نورے کے برابر بیٹھتی اس کی بلائیاں لینے لگی اسے گلے لگایا۔۔۔

عدن کے گلے میں مٹھائی پھنس گئی اتنی اچھی وہ کب سے ہو گئی عدن تو حیران تھی جب کے نورے کو تو یقین ہی نا آیا سامنے دادی سا اس کو گلے لگا رہی ہے

۔۔۔

اللہ خوشی نصیب کریں تم لوگوں کو وہ شاید پوتے کی خوشی میں خوش ہو گئی تھی مگر یقین کسی کو بھی نہیں آ رہا تھا۔۔۔

چلو بچے روم میں چل کر آرام کرو بانو بیگم اسے اپنے ساتھ لیں گئی تھی جب کے احد ملک اور یاور ملک صدقہ دینے چلے گئے تھے۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے یقین نہیں آرہا یہ دادی ہیں۔۔۔ولی کے کان میں بولتا غنی سانجیدا اتھا ۔۔۔

Zubi Novels Zone

ہاں یقین تو مجھے بھی نہیں آرہا مگر ہو سکتا ہے یہ سچ میں ہوا ہو وہ خوش ہو ولی کندھے اچکا کر بولا تو غنی اس کم دماغ آدمی کو دیکھ کر رہ گیا۔۔۔۔

کام دھندہ چھوڑ دیا ہے کیا جب دیکھوں اپنی بیوی کے پیچھے گھومتا رہتا ہے غنی نے ایک دھپ رسید کی۔۔۔

تو کیوں جل رہا ہے جا تیری بھی بیوی ہے گھوم لیں اس کے پیچھے۔۔۔

منہ بناتا اسے تپا گیا۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

ہونہہ۔۔۔۔۔

جان لیں لیں گی اسے پریگنٹ کر دیا میں نے تو غنی انجانے میں نجانے کیا بول گیا تھا اسے خود بھی معلوم نہیں ہوا۔۔۔

شرم کر لے بے ھدا آدمی ولی اسے پلو مارتا اپر اپنے روم میں چلا گیا جہاں نورے بیڈ پر بیٹھی نجانے کیا سوچ رہی تھی۔۔۔۔

میری ڈول کیا سوچ رہی ہے اسے اپنے حصار میں لیتا وہ بے حد خوش تھا۔۔

ولی ہمارا بے بی ہو گا۔۔

وہ شرم سے گلال ہوتی اسکے سینے میں منہ چھپا گئی ہاں ہمارا بے بی ہو گی اور بہت کیوٹ ہو گی بلکل تمہارے جیسی اسکے بالوں پر لب رکھتا اسے مزید خود میں بھینچ گیا۔۔۔

میں بہت خوش ہو نورے میری جان آئی لو یو سو مچ اس کے کان میں سر گوشی کرتا نورے کا دل دھڑکا گیا تھا۔۔

اسکے سیاہ بالوں کو کھولتا ان میں اپنے ہاتھ پھنسا گیا پھر نظرے بھٹک کر اسکے گلابی لبو پر اٹک سی گئی۔۔۔۔

ان لبو کو اپنی گرفت میں لیتا اسکی ہر مزحمت ترق کر گیا لبو سے گردن تک کا فاصلہ طے ہوا تھا وہ اس میں کھو سا گیا۔۔۔

ولی۔۔

اس کی شدت بھرے لمس کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ لرز کر بولی۔۔۔حیا سے چہرہ دہک رہا تھا گلابی لب اور گلابی ہو گئے تھے ولی کی گرفت میں وہ اس کے آسرے پر تھی۔۔۔۔

اسے بیڈ پر لیٹا کر ایک مرتبہ پھر اس کے لبو پر جھکا تھا سانس سینے میں اٹک رہا تھا مگر وہ آج اپنی من مانی پر اتر آیا تھا

ہر سو خوشیاں ہی خوشیاں تھی حویلی میں دادی سا کچھ زیادہ ہی خوش تھی اپنے پر پوتے کی آنے کی خوشی میں ولی نے نورے کو ہاتھ کا چھالا بنایا ہوا تھا اسکی ہر بات ہر خواہش کہنے سے پہلے ہی پوری ہوئی جا رہی تھی۔۔۔۔۔

اس وقت نورے اور عدن لاؤنج میں بیٹھی تھی شام کا وقت تھا ولی آفس کے سلسلے میں شہر گیا ہوا تھا جب کے غنی اپنے روم میں تھا۔۔۔

"آپ تیار کیوں نہیں ہوتی ؟"۔۔۔ نورے عدن سے بولی کیوں کے ہمیشہ اسنے عدن کو سر جھاڑ منہ پھاڑ ہی دیکھا تھا۔۔۔

عدن نے اجھنبے سے نورے کو دیکھا جو سادہ سے گلابی رنگ کے سوٹ میں تھی چہرے پر کوئی میک اپ نہیں تھا سادگی میں ہی وہ پر کشش نظر آئی تھی عدن کو۔۔۔۔۔

عدن نے منہ پھلا کر نورے کو دیکھا۔۔۔"ہاں پتا ہے یار تم زیادہ پیاری ہو مجھ سے۔۔۔۔اور۔۔۔ تمہیں کسی میک آپ کی بھی ضرورت نہیں ۔۔۔ مگر مجھے گھر میں میک آپ تھوپا نہیں جاتا۔۔"کندھے اچکا کر اسنے بات بتائی۔۔۔

میں یہ نہیں کہہ رہی۔۔۔۔آپ غنی بھائی کے لئے تیار ہوا کریں۔۔۔اور" مجھے میک آپ کا شوق تو ہے مگر ولی کو نہیں پسند۔۔"نورے مسکراتی گلابی ہوئی بتاتی ہوئی۔۔۔۔۔

ہاہاہاہا۔۔۔ غنی کے لئے کس خوشی میں تیار ہوں ؟۔۔۔۔۔"منہ بنا کر اسنے اپنے بال جھٹکے۔

نورے کے ڈمپل واضح ہوئے۔۔۔"آپ ان کو ٹائم نہیں دیتی بات کرتے ہوئے بھی نہیں دیکھا۔۔" جبھی بولا میں نے۔۔۔۔

جیٹھانی ہوں میں آپ کھلکھلا کر کہتی عدن کو بھی ہنسا گئی۔۔۔

ہاں چھوٹی سی جٹھیٹھانی ہیں آپ میری اور آب تو چچی بھی بننے والی ہوں" میں۔۔"اسے خود سے لگاتی پیار سے بولی۔۔۔۔

"آپ کب بنائے گی مجھے تائی۔۔۔؟

آنکھیں چھوٹی کریں اسے دیکھا۔۔ارے بہت جلد انشاءاللہ

اور بس میں نے تمہاری بیٹی کو اپنی بہو بنانا ہے۔۔"عدن نے آگے کی بھی" تیاری کرلی۔۔۔۔۔۔

ہیں۔۔۔

بیٹی۔۔۔۔

ضروری تو نہیں میری بیٹی ہو؟"۔۔۔نورے کچھ سوچ کر بولی۔۔۔"ارے بیٹی ہو گی بس میں نے بول دیا"۔۔۔۔

اچھا اچھا یار۔۔۔"وہ سرخ ہوتی جھنجھولا گئی۔۔۔

آپ جائیں۔۔۔غنی بھائی کے پاس۔۔
ان کو وقت دیں"نورے نے جیسے سمجھایا۔۔۔

Zubi Novels Zone

ہونہہ۔۔وقت دوں اسکو؟۔۔۔اسے فرصت نہیں اپنی بیوی کے غم میں" پڑا ہے۔۔۔"عدن لب بھینچ کر ترخ کر بولی تو نورے نے نفی کی۔۔۔

"ایسی کوئی بات نہیں ہے آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔۔۔
اچھا پھر اسنے آب تک چھوڑا کیوں نہیں؟اپنی اس ہوتی سوتی کو؟"سرخ ہوتی آنکھوں سے وہ ضبط سے بولی۔۔۔

"وہ ہسپتال میں ہے اور وہ اسکی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتے ولی نے بتایا تھا مجھے۔۔۔"نورے اسے تمام باتیں آرام سے سمجھا گئی تھی

اچھا وہ فقط اتنا ہی بول سکی۔۔
میں جارہی ہوں امی سا کے پاس آپ جائیں اپنے غنی کے پاس نورے اسے چھڑتی بولی تو عدن نے خفگی نے دیکھا۔۔۔

"بہت تیز ہو گئی ہو تم۔۔۔"

ہاں یہ ولی بھی بول رہے تھے۔۔" کھلکھلاتی وہ بانو بیگم کے روم کی جانب" بڑھ گئی اور عدن اپنے روم میں۔۔۔

---

---

ZNZ
Zubi Novels Zone

وہ جو ویڈیو کال پر اپنی کوئی مٹینگ اٹینڈ کر کے فری ہوا تھا اچانک اپنے سامنے عدن کو دیکھ کر حیران ہوا پھر اپنی فائلز سمیٹ کر ایک جانب رکھ دی۔۔۔۔

"کچھ کہنا تھا مجھے۔۔۔

بہت دیر بعد غنی کی گھمبیر آواز سنائی دی عدن کو وہ جو اپنے موبائل میں لگی تھی ابرو اٹھا کر اسے دیکھا۔۔۔

شکریہ کہنا تھا تمہیں اسے اپنی جانب دیکھتا پا کر ہلکی آواز میں بولا پھر اٹھ کر ڈریسینگ ٹیبل کے پاس آیا۔۔

وہ اب حد درجہ بہتر ہو گیا تھا اب عدن کو اس کے آگے پیچھے نہیں لگنا پڑ رہا تھا۔۔

Zubi Novels Zone

کس چیز کا شکریہ ؟"موبائل بیڈ پر رکھتی اس کے مقابل ہوئی۔۔۔

وہی تم نے اتنی زحمت کی میری طبیعت نہیں تھیک تھی تو تم نے خیال رکھا"

ہمدردی کی۔۔"ہلکی آواز میں وہ سب کچھ کہہ گیا مگر عدن کو اشتعال دلا گیا تھا

۔۔۔۔۔

کیا بولا؟؟۔۔۔۔ہمدردی؟؟۔۔۔۔۔

میں نے تمہارے ساتھ ہمدردی کی ہے؟ُ۔۔۔۔ سرخ چہرے سمیت اس

کی جانب دیکھتی غصے سے سیخ پا ہوئی۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

ہدردی ہی کی نا۔۔۔ورنہ تم کیوں کرتی سب؟"اس کے قریب ہوتا آب"

کے اسے گھور کر بولا۔۔۔۔

جو مسٹر۔۔۔۔تم لائق نہیں ہو کسی ہمدردی کے بھاڑ میں جاؤ تم۔۔۔"اس"

ہمدردی کو لیکر اس کا کالر اپنی مٹھی میں جکڑتی چیخ پڑی تھی آنکھوں میں نمی

نظر آئی تھی غنی سانس روکے اسے دیکھے گیا اسکے ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتا اسے اپنے قریب کر گیا۔۔۔۔

"تم میرے جذبات احساسات کو ہمدردی کا نام دے رہے ہو تف ہے تم پر عبدلغنی احد ملک تف ہے۔۔۔" اسکے ہاتھ کو جھٹک کر دور ہوئی تھی آنکھوں سے آنسوں بہہ نکلے تھے۔۔۔۔ دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔۔۔ جب کے غنی تو ساکت ہو گیا تھا۔۔۔۔ لب سل گئے تھے جیسے گویا۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

"تم سے میں نا بہت نفرت کرتی ہو اتنی نفرت کے آب اگر کوئی لڑکی تمہیں میرے سامنے پرپوز بھی کریں گی نا تو میں پہلے کی طرح رونگی نہیں سمجھے ۔۔۔۔میں ہنسوں گی قہقہہ لگاؤں گی کیونکہ تم کسی کے پیار کے لائق نہیں ہو" اس کے سینے پر زور زور سے ہاتھ مارتی وہ ہزیانی ہوئی غنی جم گیا تھا اسے ایک لفظ بھی بولا نا گیا حقیقت کیا تھی اور وہ کیا سمجھتا رہا تھا۔۔۔۔۔

آنکھ سے ایک آنسو نکل کر داڑھی میں جزب ہوا تھا۔۔۔۔۔

عدن پلیز لسن۔۔۔
میری بات سنو۔۔"اسے خود میں بھینچنے کی کوشش کرتا بے بس ہوا مگر وہ تھم ہی نہیں رہی تھی۔۔۔۔

تم ہمیشہ بس ہرٹ کرتے ہو میرے۔۔ میرے ہر عمل کو ہر احساس کو" ۔۔۔۔ تم نے فقط ہمدردی سمجھا"۔۔۔۔۔دونوں بہت پاس تھے ۔۔۔۔اتنے پاس کے دونوں کی سانسیں ایک دوسرے کے چہروں کو جھلسا رہی تھی۔۔۔عدن کے ہاتھ غنی کی مظبوط گرفت میں تھے جب کے اس کے بکھرے بال بکھرا سراپا غنی کو بے انتہا تکلیف میں ڈال رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"معاف کر دو مجھے۔۔۔۔

اسکی بھیگی آنکھیں اپنی پور سے چھوتا بھاری آواز میں بولا۔۔۔۔ایک ہاتھ سے اسکے بکھرے بال سنوارے۔۔۔۔

عدن ساکت سی اس کی حرکات کرتے لمس سے ٹھنڈی ہوئی تھی پوری ہاتھ سن ہوئے تھے وجود میں سنسناہٹ سی دوڑ گئی۔۔

کس۔کس چیز کی معافی۔۔۔"

"بتاؤ۔۔کس کس چیز کی؟؟؟۔۔۔۔

ہر اس چیز کی جس سے تمہیں تکلیف ہوئی ہر چیز کا ہر الفاظ کا۔۔۔۔سب کا" مداوا کر دوں گا سب کا۔۔۔۔پلیز معاف کر دو۔۔"۔۔اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں بھرے بہت بھاری آواز میں بول رہا تھا عدن کا ہر عضو غنی کی بوجھل آواز سن کر برف ہوا تھا۔۔۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

ہاتھ اسکے سینے پر رکھیں آنکھیں لرز سی گئی۔۔۔ سر نفی میں ہلا رہا تھا۔۔۔۔

کونسی معافی ؟؟۔۔۔ تم تو محبت اس۔۔اس سے کرتے ہو نا نم آنکھوں سے اسے دیکھتی سخت آواز میں بولی۔۔۔۔

محبت اس سے تھی یا نہیں مگر وہ محرم تھی اس سے محبت ہونا تو فطری تھا ۔۔۔۔

مگر محبت تم سے کی تھی مجھے نہیں تھا پتا اس وقت تم نے وہ سب دیکھ لیا تھا اور غلط فہمی کے در ہم پر وا ہوئے تھے۔۔۔۔

ہم دونوں غلط فہمی میں مارے گئے تھے یار بے بسی سے کہتا وہ ہلکان ہوا تھا ۔۔۔۔

محرم تھی؟؟؟

عدن بس اسی لفظ پر اٹک گئی آنکھیں حیرت سے کھول گئی۔۔۔

ہاں۔۔۔۔

تھی۔۔۔۔وہ تھی تم ہو۔۔۔۔

تم نے چھوڑ دیا اسے؟؟۔۔۔

ہاں پیپرس سائن کر دیئے میں نے اس سے لینے ہیں بس۔۔۔

اسے اپنے حصار میں لیتا اس کے بالوں پر لب رکھے۔۔۔عدن نے آنسو صاف کیے اپنے۔۔۔۔ایک خوبصورت مسکراہٹ لبوں پر آئی تھی۔۔۔۔۔

معاف کر دو۔۔۔پلیز میں نے بہت غلط کیا ہے آئی نو۔۔۔"

ہم اپنی نئی زندگی شروع کرتے ہیں۔۔"۔

"ایک شرط ہے معاف کرنے کی۔۔

سنجیدگی سے اسے دیکھا مگر آنکھوں میں چمک تھی۔۔۔۔

ہر شرط منظور۔۔۔"وہ بغیر شرط سنے ہی مان گیا۔۔۔۔"

سوچ لو۔"۔۔عدن نے وارن کیا۔۔۔"

سوچ لیا بتاؤ۔۔۔

وہ وقت انے پر بتاؤں گی میں۔۔۔

اس کی شرٹ پر ہاتھ رکھتی ایک ادا سے بولی تو غنی کے لب آپ ہی مسکرا دیئے۔۔۔۔

اسے یکدم خود میں بھنچتا سکون کا سانس لیا تھا۔۔۔۔۔

عدن سمٹ سی گئی تھی چہرہ سرخی مائل ہو گیا تھا۔۔۔۔

وہ محبت بہت پہلے سے کرتی آئی تھی مگر اس محبت کو نفرت کہہ کہہ کر بھی وہ محبت کو نفرت میں بدل نہیں پائی تھی۔۔۔

اسے اپنی بانہوں میں بھرے بیڈ پر لیٹایا تھا۔۔۔۔
تیز اے سی میں بھی عدن کی پیشانی نم ہوئی تھی چہرہ سرخ۔۔۔

زیاد۔زیادہ ناتم فری نہیں ہو اسے خود پر جھکتا دیکھ کر بوکھلا سی گئی تھی۔۔۔
کیوں شرم آرہی ہے؟"۔۔۔اس کے کان میں سرگوشی کرتا اسے پزل کر گیا تھا۔۔۔۔

شر۔شرم ورم ہو نہہ پیچھے ہو۔۔"اسے گھورا۔۔۔

ہماری مووی کا سین بھی کچھ ایسا ہی تھا جسے تم نے ہونے نہیں دیا۔۔"اسکے

کان میں بولتا اس پر لب رکھ گیا سانس ساکن ہوئی تھی۔۔۔۔

اس کی سفید گردن پر لب رکھتا مدہوش ہوا تھا۔۔

اسکا لمس پاکر عدن کی جان ہلکان ہوئی تھی اس کی ہر بڑھتی گستاخی پر وہ

بوکھلاتی شرماتی اسی کی پناہوں میں چھپ رہی تھی۔۔۔۔۔

بہت کوئی بے شرم ہو تم کافی دیر بعد اسے سانس لینے کی مہلت ملی تو اسے

گھورتی سانس لینے لگی غنی لب دباتا اسکا سرخ چہرہ دیکھ کر محظوظ ہو رہا تھا

۔۔۔۔۔

ہاتھ بڑھا کر اسنے کمرے کی لائٹ بند کی تھی۔۔۔

عدن کو اپنی شرٹ کا گلہ سرکتا ہوا محسوس ہوا آنکھیں میچیں وہ ہر مزاحمت

ترک کر گئی تھی۔۔۔

Zubi Novels Zone

آپ کسی کے ہاتھ سے تو کوئی چیز چھین سکتے ہو مگر نصیب سے نہیں"
----"

یہی چیز کومل کے ساتھ ہوئی تھی اس کو معلوم تھا پوری یونیورسٹی جانتی تھی ان دونوں کے بارے میں مگر اسنے بیچ میں اکر سب خراب کیا تھا۔۔۔۔
مگر وہ دونوں پہلے سے ہی ایک دوسرے کے نصیب میں تھے اس بات سے تو وہ انجان تھی۔۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

---

---

تقریباً رات دس بجے کے قریب کا وقت تھا اور نورے خالی کمرے میں منہ پھلا کر بیٹھی تھی صبح کا ولی نکلا تھا اور آب تک نہیں آیا تھا بس شام میں میسج کر

دیا تھارات دیر ہو جائی گی کھانا کھا کر دوا لیکر آرام کرنا مگر نا تو نورے نے کھانا کھایا تھا نا ہی دوائی کھائی تھی۔۔۔۔

کچھ سوچ کر اسنے فون اٹھایا اپنا اور ولی کو فون کیا جو کے کچھ ہی سیکنڈ میں اٹنڈ کر لیا گیا تھا۔۔۔

"کہاں ہو آب تک نہیں آئے تم؟"۔۔۔۔ خفگی بھری آواز تھی جسے سن کر ولی کے لب مسکراہٹ میں ڈھل گئے وہ صبح سے آفس میں کام میں لگا تھا جس سے وہ بہت زیادہ تھک چکا تھا مگر نورے کی آواز سے ہی گویا اسکی ساری تھکن کہی جا سوئی تھی۔۔۔

آرہا ہو بس پندرا منٹ دو"۔۔ وہ کار ڈرائیو کرتا بولا۔۔۔

ہاں او کے جلدی اواو آتے ہوئے کچھ اچھا سا لیتے آنا۔۔۔

نورے کام کی بات پر آئی۔۔۔

اچھا سا کیا۔لاؤں بتادو ولی کو خوش گوار حیرت ہوئی تھی پہلی بار نورے نے پہلے کی طرح اس سے فرمائش کی تھی۔۔۔۔

آئس کریم اور زینگر برگر نورے نے بغیر رو کے بتایا۔۔

ہمم۔۔۔

اور میرا بیبی کیا کھائے گا۔۔۔

اسی کو کھانا ہے جب دیکھو بھوک لگتی ہے۔۔۔ منہ پھلا کر بولتی وہ سوفے پر اکر بیٹھی۔۔۔۔

پھر یکدم زبان کو بریک لگی خجل ہوتی وہ چپ ہوگئی تیزی میں وہ نجانے کیا کیا بول گئی تھی۔۔۔

گھرا کرا اپنے بے بی کو بولو نگا کے میری جان کو تنگ نہیں کرے۔۔۔
اسے پچکارتا گاڑی ایک ریسٹورنٹ کے پاس روکی۔۔۔۔

"چلو تم ویٹ کرو میں آتا ہوں گھر تمہاری آئس کریم لیکر۔۔۔۔

"او کے او کے جلدی او۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

آرہا ہوں بے صبری قہقہہ لگاتا وہ فون بند کر گیا جب کے نورے نے فون کو گھورا۔۔۔۔

---

شمس اپنے آفس میں بیٹھا گہری سوچ میں تھا۔

آفس شمس کی طرح شاندار تھا پروڈکشن ہاؤس کھولا تھا شمس نے نورالعین کے نام سے جس پر رانیہ جتنا حیران ہوتی اتنا کم تھا۔۔۔

براؤن کلر کی تھیم سے بنایہ آفس ہر کسی کو پہلی نظر میں ہی بھاجاتا تھا براؤن کلر کی ٹیبل جس پر کچھ شو پیس رکھے تھے کچھ فائلس اور پین ہولڈر۔۔۔۔
چیئر کے برابر میں کوٹ اسٹینڈ تھا جس پر شمس کا کوٹ ہینگ تھا۔۔۔

سامنے دیوار پر ریکس بنے تھے جس میں میگزین اور بکس رکھی تھی۔۔۔

دروازہ نوک ہونے پر شمس کی سوچوں کا تسلسل ٹوٹا تھا اجازت ملنے پر اسکا مینجر اندر آیا اور شمس کے سامنے ایک فائل رکھی۔۔۔

سر آپ صحیح بول رہے تھے میں نے تمام انویسٹیگیشن کرلی ہے وہ اپکی "
سسٹر ہی ہیں جسے اپکی امی ملک حویلی کے باہر چھوڑ آئی تھیں۔۔"اس فائل
میں تمام ڈیٹا ہے کب وہ پیدا ہوئی کیا نام تھا برتھ سرٹیفکیٹ۔۔ بچپن کی کچھ
پکچر بھی مجھے ہوسپٹل سے ملی ہیں۔۔۔۔۔سب کچھ اس میں ہے۔۔۔آئی
"ایم ڈیمن شور شی از یور سسٹر۔۔۔۔۔

اور اگر تمہاری انفارمیشن غلط ثابت ہوئی؟؟۔۔۔وہ میری بہن نہ ہوئی ہی
"نہیں وہ تو کیا ہو گا؟؟؟
۔۔۔سر اپکا جوتا میرا سر ہو گا۔۔آپ ڈی این اے بھی کروا سکتے ہیں "
۔۔۔۔

شمس نے گہری سانس بھری تھی دماغ کی رگ گویا پھٹنے کے درپر تھی

-----

"دعا کرو جو ہوا اچھا ہو۔۔۔

"جی سر آپ فکر نہیں کریں سب اچھا ہو گا۔۔۔

وہ جا چکا تھا مگر شمس کو تشویش ہو رہی تھی جیسا اسے لگ رہا ہے ویسا ہے بھی کے نہیں۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

تھک کر اسنے گھر جانے کا سوچا تھا آج کافی دیر ہو گئی تھی۔۔۔

وہ حویلی پہنچا تو نورے کو لاؤنج میں ہی بیٹھا پایا۔۔۔یہاں کیا کر رہی ہو میڈم ؟۔۔۔۔میں اوپر ہی آتا نا اسے گھور بولا تو نورے نے خفگی سے اسے دیکھا

۔۔۔

اتنی لیٹ آئے ہو بات نہیں کرو اسے گھور کر بولی تو ولی نے مسکرا کر اسکی پیشانی پر لب رکھیں تو نورے مسکراتی اس کے ہاتھ سے تمام پیکٹس لے گئی

۔۔۔

"چلیں اوپر چل کر کھاتے ہیں۔۔۔

ہاں تم رکو"۔۔اسے یکدم اپنے بازو میں بھرتا نورے کو بوکھلانے پر مجبور کر گیا تھا۔۔۔

"کیا کر رہے ہو۔۔۔۔کوئی آجائے گا۔۔۔

نورے یکدم اسکا کلر جکڑتی پریشانی سے بولی۔۔ دیکھتا ہے تو دیکھنے دو بیوی ہو میری اسے لئے سیڑھیاں چڑتا اوپر آیا۔۔۔۔

"ولی ذرا شرم نہیں آتی۔۔۔؟

نہیں آتی مجھے کوئی شرم چلو"۔۔ کمرے میں اکر اسے بیڈ پر بیٹھا کر خود دھم کر کے لیٹا تھا۔۔۔

"افففف نورے بہت بھاری ہو گئی ہو تم کمر دکھ گئی میری۔۔"

مصنوعی لمبی لمبی سانس لیتا نورے کو دیکھا جو منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی

۔۔۔۔۔

نورے کا چہرہ دیکھ کر یکدم ولی کا قہقہہ نکل گیا"ولی میں بتا رہی ہوں ناراض ہو جاؤنگی میں اس پر پلو پھینک کر اپنے بر گر نکالے۔۔۔اور آئس کریم کا ڈبہ کھول کر سپون سے کھانے لگی۔۔۔"تمہیں نہیں دو نگی نیت نہیں لگانا

"۔۔۔۔

بچپن سے آب تک میرے سامنے کھائی ہے آج تک لگائی نیت منہ بنا کر اسے گھور کر بولا تو نورے نے بغور ولی کو دیکھا ہاں سچ بول رہے ہو ویسے پھر کچھ سوچ کر ہاں میں سر ہلایا ولی بس اسکی حرکتیں دیکھ کر رہ گیا۔۔۔

بس کر دو مجھے بھی کھلا دو ندیدی۔۔"اس کے ہاتھ سے ڈبہ لیکر نورے کی ناک کھینچی کھا لیں بس میرا دل بھر گیا۔۔۔

ہاں بھرنا ہی ہے جب اتنا کھاؤ گی۔۔"تو ولی نے چھیڑا نورے خفگی سے اسے" دیکھنے لگی۔۔۔

نورے ادھر آؤ

Zubi Novels Zone

اسے ایک ہاتھ سے اپنے پاس بلایا تو نورے اس کے قریب جا بیٹھی چہرے پر معصومیت تھی اور ساتھ میں ہونٹوں کے پاس چاکلیٹ لگی تھی جسے ولی اپنے لبو سے صاف کرنے لگا۔۔۔

نورے جی جان سے لرز کر رہ گئی۔۔۔۔۔
ولی اسے اپنی گرفت میں لئے اسکے ہونٹوں پر اپنے لب رکھے اسے سانس لینے کی بھی مہلت نہیں دے رہا تھا۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

کچھ دیر بعد وہ دور ہوا تو نورے کا چہرہ بے انتہا سرخ ہوا تھا شرم سے وہ اسکے سینے سے ہی لگ گئی تھی بہت بتمیز ہو تم۔۔۔۔ "

ہاں مجھے پتا ہے اسے خود سے لگائے سرگوشی کی۔۔۔۔

ولی کچھ دیر بعد نورے نے سر اٹھا کر ولی کو دیکھا جو بیڈ کی پشت سے ٹیک لگائے آنکھیں موندہ ہوا تھا۔۔۔۔

"ہمم۔۔۔۔۔

بیٹا ہوا تو کیا نام رکھو گے ؟؟؟۔۔۔۔

میری تو بیٹی ہو گی ولی نے جیسے یاد دلایا۔۔۔۔۔۔

نورے نے اسے گھور کر دیکھا پھر برابر سے اپنی شال اٹھا کر اوڑھی۔۔۔

Zubi Novels Zone

میرا بیٹا ہو گا۔۔۔

بس جسے دیکھو سب بیٹی بول رہے ہے اور۔۔۔۔پتا ہے عدن کیا بول رہی تھی ؟؟۔۔۔۔"

کیا بول رہی تھی اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے پیار سے پوچھا۔۔۔

یہی کے تمہاری بیٹی کو اپنی بہوں بناؤ گی۔۔۔۔

افففف اس لڑکی کا کچھ نہیں ہو سکتا اسے اپنے بندے سے لڑنے سے فرصت نہیں اور میری بیٹی کو بہو بنائے گی۔۔۔" ولی ہنستا ہوا بولا تو نورے نے بھی ھاں میں سر ہلایا۔۔۔۔۔

ZNZ
Zubi Novels Zone

سب کے نانی کے گھر ہوتے ہیں۔۔۔
جب ہمارا بےبی اسکول جائے گا تو اس کی کلاس میں سب بچے نانی کے گھر جائے گیں۔۔۔۔ مگر۔۔۔۔

ہمارا بےبی تو جائے گا ہی نہیں۔۔۔" بات کرتے کرتے نورے کی آواز رندھ سی گئی آنکھوں نمی بھی چمک گئ تھی ولی اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔

آج تک اسنے اپنی ماں کا نہیں پوچھا تھا مگر آج جب وہ خود ماں بننے والی تھی تو اپنے بچے کے بارے میں ایک ایک بات سوچ رہی تھی۔۔۔۔

ولی اسے خود سے لگاتا اس کے بال سہلانے لگا۔۔۔۔

"ہمارے بے بی کا بھی نانی کا گھر ہو گا اسکے بابا ضرور ڈھونڈ نکالے گیں۔۔۔"

ZNZ
Zubi Novels Zone

مذاق کر رہی ہو میں ایسا کچھ نہیں کرنا۔۔"نورے آنکھیں صاف کرتی بولی تو ولی نے اسے دیکھا۔۔

تم نہیں چاہتی میں تمہارے پرنٹس کو ڈھونڈوں۔۔؟

نہیں!۔۔۔

وہ بس اتنا بول کر آنکھیں موند کر لیٹ گئی تھی۔۔

ولی بھی اسے اپنے حصار میں لیتا بہت کچھ طے کر چکا تھا۔۔۔۔

---

______________

شمس گھر آیا تو رانیہ کو اپنے انتظار میں پایا تھا رانیہ کا چھٹا مہینہ چل رہا تھا جس کی وجہ سے اس کے پیروں پر سوجن ہوئی جا رہی تھی۔۔۔

رانیہ یار بولا بھی تھا آرام کرنا مگر تم کیوں نہیں سمجھتی؟ اسے اپنے حصار میں لیتا روم میں آیا تھا۔۔۔

"میں انتظار کر رہی تھی نا۔۔۔

مجھے بھی پتا ہے انتظار کر رہی تھی مگر میں نے منع کیا تھا مگر سنتا کون ہے

"میری۔۔۔۔؟

"اچھا نا غصہ کیوں ہو رہے بیٹھے فریش ہوں میں کھانا لاتی ہوں۔۔۔

نہیں تم ادھر او مجھے کچھ نہیں کھانا یہاں بیٹھوں اسے بیڈ پر بیٹھا کر خود اسکی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا۔۔۔

کیا ہوا ہے اسکے بالوں میں انگلیاں پھرتی پریشانی سے بولی۔۔۔۔

میرے دماغ پر بہت بوجھ آگیا ہے جیسے میں تھک گیا ہو یار میں کیسے کروں "۔۔۔۔

کیا ہوا ہے شمس۔"۔۔

رانیہ اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر بولی تو شمس بس اسے دیکھ کر چپ ہو گیا وہ کیا بولتا جس کا ابھی خود اسے کچھ سہی نہیں معلوم۔۔۔۔

شمس میری جان ادھر دیکھو۔۔۔"

"بتاؤ کیا ہوا ہے کیوں پریشاں ہو کافی دن سے دیکھ رہی ہوں میں۔۔۔۔

بہت مشکل سے محنت سے پہنچا ہں وسالوں بعد ابھی جب سب کنفرم ہو گا جب بتاؤں گا تمہیں۔۔۔

بیڈ پر اسے لٹاتا خود بھی ساتھ لیٹا پھر اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی

۔۔۔۔۔

"بہت چاہتی ہوں تمہیں۔۔۔

وہ آج پہلی بار بولی تھی اس سے اقرار کر گئی تھی وہ شمس مسکراتا اسے خود سے لگا گیا۔۔۔

اپنے ہاتھ اسکی کمر پر لپیٹ لئے تمہیں تم سے زیادہ چاہتا ہوں۔۔

اسکے لبوں کے کنارے پر اپنے لب رکھتا محبت سے لبریز ہو کر بولا تو رانیہ اسے محسوس کرتی آنکھیں بند کر گئی۔۔۔۔

صبح کا سورج طلوع ہوتے ہی حویلی میں سب جاگ گئے تھے۔۔

سب لوگ ناشتے کی ٹیبل پر جمع تھے سربراہی کرسی پر یاور ملک ان کے دائیں جانب احد ملک ان کے برابر میں ولی اس کے برابر میں نورے جبکہ دادا اسا کے بائیں جانب دادی سا بانو بیگم غنی اور عدن بیٹھے تھے آج بہت وقت بعد سب ساتھ بیٹھے تھے۔۔۔۔

میز پر طرح طرح کے لوازمات رکھیں تھے جس سے سب بھرپور طریقے سے انصاف کر رہے تھے۔۔۔۔

"ت۔ہیں کچھ چینج نہیں نظر آرہا؟"

ولی نورے کے کان میں سرگوشی کرتا سامنے عدن اور غنی کی جانب اشارہ کرنے لگا تو نورے نے چونک کران دونوں کو دیکھا۔۔۔۔

سامنے کا منظر کچھ یوں تھا عدن غنی کے برابر میں بیٹھی تھی اور ڈش میں سے ہر تھوڑی دیر بعد کوئی نہ کوئی چیز اس کی پلیٹ میں رکھ رہی تھی اور یہی عمل غنی بھی کر رہا تھا۔۔

نورے یہ سب دیکھ کر حیران ہوگئی تھی پھر لبوں پر متبسم پھلا۔۔۔میں نے عدن کو سمجھایا تھا جبھی وہ پرجوش ہوئی تھی ہلکی آواز میں بولی تھی۔۔

یکدم عدن نے دونوں کو دیکھا جو ان دونوں کو ہی شوخ نظروں سے دیکھ رہے تھے عدن بلاوجہ ہی خجل ہوئی چہرہ سرخ ہوا تھا۔۔۔

غنی نے ان دونوں کو دیکھ کے ابرو اٹھائی تو ولی نے آنکھ ونک کی جس پر غنی مصنوعی گھوری سے نوازا۔۔۔

احد ملک اور یاور ملک مردانخانے میں چلے گئے تھے وہاں کوئی لوگ آئے ہوئے تھے جسے انہوں نے ملنا تھا۔۔۔

دادی سا بھی بانو بیگم کے ساتھ اٹھ کر اپنے کمرے میں گئی تھی۔۔۔

"لگتا میرے داماد کے آنے کی تیاری کر لی گئی ہے۔۔۔"

ولی نے چائے کا کپ منہ سے لگاتے شوشہ چھوڑا تھا غنی جو چائے پی رہا تھا یکدم اسکے گلے میں پھندا لگا جب کے نورے ولی کی بے باکی پر اسے گھور بھی نا سکی عدن نظریں چراتی خفگی سے نورے کو دیکھتی وہاں سے جانے کو پر تولنے لگی

----

ہیں؟؟؟۔۔۔یہ کب ہوا تیری بیٹی میری بہو بنے گی؟۔۔"۔ غنی نے حیرانی سے سب کو دیکھا عدن کا دل چاہا کے نورے کا گلہ دبا دے۔۔

اپنی بیوی سے پوچھ۔۔۔"ولی کندھے اچکا کر بولا لب دبا کر عدن کو دیکھا جو" ٹیبل میں گھوس جانے کے در پر تھی۔۔۔

"او میری ہیروئن ذرا چہرہ مبارک دکھاؤ کیا سین ہے یہ؟"

آنکھیں چھوٹی کرے اسنے عدن کو دیکھا تو عدن نے کھا جانے والی نظروں سے سب کو دیکھا۔۔۔

"انتہائی درجے کے کوئی بے باک لوگ ہو تم سب۔۔۔" سرخ ہوتے چہرے پر ہاتھ پھر کر وہ غصے سے دانت پیس کر بولی تو سب کا قہقہہ پھوٹا تھا۔۔۔۔

اور تم ولی کی چمچی سب بتا دیا اسکو؟" اب کے اسنے نورے کو گھر کا۔۔۔۔"

ہاں نہیں بتانا تھا؟؟"۔۔نورے ٹھہری معصوم وہ معصومیت سے بولی تو" عدن کا دل کیا اپنا سر دیوار میں مارلے۔۔۔۔

عدن نے اسے گھورا تو ولی نے نورے کو اپنے حصار میں لیا۔۔

میری بیوی کو زیادہ گھورو مت۔۔۔۔ہونہہ آئے بڑے میسنے لوگوں "

"۔۔۔۔

نجانے کیوں وہ تپ رہی تھی غنی کے عنابی لب بھی مسکراہٹ میں ڈھلے وہ ایسی ہی بچوں جیسی حرکتیں کرتی تھی اور آج بھی وہ ویسی ہی تھی۔۔۔۔

لڑ جھگڑ کر وہ بات کو رفو کر گئی تھی اور اپنے روم میں بھاگ گئی پیچھے ہی غنی بھی گیا تو ولی نے نورے کو دیکھا جو گلابی چہرے سمیت اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

"کیا ہو گیا میری جان؟"
ولی اسے شوخ نظروں سے دیکھتا چھیڑنے لگا۔

"

میری مرضی میرے ہو میں نہیں دیکھو گی تو کون دیکھے۔"گا نورے لاپرواہی سے بولی جب کے ولی قہقہہ لگا کر ہنس دیا۔۔۔۔۔۔

افففف اتنا کنفیڈینس "۔۔۔۔"

مسٹر عبدلولی احد ملک نے ہی دیا ہے۔۔"اس کے سینے پر سر رکھتی اطمینان" سے بولی ولی نے اسکے گرد اپنا حصار تنگ کیا۔۔۔ بالوں پر لب رکھیں ۔۔۔۔ایک بہت پیاری سی مسکان لبو پر آگئی تھی۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

میں کبھی کبھی سوچتا ہوں اگر تم میری زندگی میں نا ہوتی تو میرا کیا ہوتا" "۔۔۔۔۔۔کسی روز سانس سینے میں اٹک جاتا اگر تم میرے حصے میں نا آتی ۔۔۔۔یہ سانسیں تمہاری وجہ سے ہے۔۔۔۔۔میں یہاں ہو تو تمہاری وجہ سے۔۔"اسے بے انتہا اپنے قریب کرے بوجھل لہجے میں بولا۔۔۔۔۔۔تو

وہ حیا کے مارے سرخ ہوتے چہرے سے اسکی آنکھوں میں دیکھیں گئی

-----

میں نورے عبد لولی ملک ہوں۔۔۔۔ولی ہے تو نورے ہے۔۔۔ورنہ کچھ " نہیں۔۔"اس کے دل کے مقام پر لب رکھے اسے سرشار کر گئ تھی

-------

محبت تھی ان کی جس کا کوئی موازنہ نہیں کر سکتا تھا وہ دونوں ایک دوسرے کے لئے ضروری تھے اور ہمیشہ رہے گیں۔۔۔

Zubi Novels Zone

چلو روم میں کب سے بیٹھی ہوا سے اپنے حصار میں لئے آرام سے اٹھا تھا۔۔۔

"اہم۔۔۔اہم۔۔اہم۔۔۔۔

کوئی بہت شرمارہا ہے بیڈ پر اس کے برابر میں بیٹھتا اسے شرارتی نظروں سے دیکھنے لگا جو خجل سی ہوتی موبائل میں لگی تھی۔۔۔۔۔

زیادہ اوور نہیں ہو مذاق کیا تھا میں نے۔۔۔۔۔۔آنکھیں دکھاتی دانت" پیس کر بولی۔۔۔۔۔۔

"سچ میں؟۔۔۔ویسے مجھے کوئی پروبلم نہیں تھی تم کسی کو بھی اپنی بنا لینا۔۔"لب دبا کر بولا اور موبائل ہاتھ سے چھین کر بیڈ پر پڑکا۔۔۔۔

ہونہہ منہ پھولاتی خفگی سے اسے دیکھا۔۔۔۔

پیار کرتی ہو مجھ سے؟"غنی اس کی سیاہ آنکھوں میں آنکھیں ڈالے اسکا ہاتھ" تھام گیا تھا۔۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

عدن نے مزاحمت نہیں کی اس کی آنکھوں میں دیکھنا عدن کے بس کی بات نہیں تھی رخ موڑ گئی تھی۔۔۔۔دل تیزی سے دھڑک اٹھا تھا

محبت نہیں کرتی میں تم سے نا کبھی کرونگی۔۔۔"سنجیدگی سے غنی کو دیکھتی" اس پر پہاڑ توڑ گئی تھی۔۔۔۔وہ پتھر کا ہو گیا تھا گویا ہاتھ پر سے گرفت یکدم ڈھیلی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زہرہ تم نے معاف نہیں کیا تھا۔"۔۔۔۔اسے اپنی آواز گہری کھائی سے آتی" ہوئی محسوس ہوئی۔۔۔

معاف کر دیا میں نے مگر یہ کب کہا تھا میں نے کے اب بھی محبت کرتی" ہوں۔۔"اس کے قریب جھک کر آنکھوں میں دیکھتی اسے احساس دلا گئی تھی کے وہ اب کوئی اہمیت نہیں رکھتا اس کے لئے۔۔۔۔۔

چہرہ جو صبح سے روش دان کی طرح چمک رہا تھا اس کی چمک معدپڑ گئی ۔۔۔۔۔دل سست روئی سے دھڑکنے لگا۔۔۔۔۔

"ایسے نہیں بولو پلیز۔۔۔۔مجھے لگا تم رضامند ہو۔۔۔جبھی"۔۔۔۔اسکے سامنے کھڑا ہوتا بے بس ہوا تھا۔۔۔۔۔"میں تم سے محبت کرتا ہوں کرتا تھا ۔۔۔۔اور کرتا رہو گا زہرہ تم کیوں۔۔۔۔

کیوں یار بھروسہ نہیں کرتی؟"۔۔۔۔۔اسکو اپنے قریب کیے جنونی ہوا تھا ۔۔۔۔۔آنکھوں میں سرخی واضع ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔"غنی درد ہو رہا ہے مجھے"۔۔۔

وہ اس کی گرفت میں کراہ اٹھی تھی مگر اسکی گرفت میں نرمی نہیں ہوئی ذرا بھی۔۔۔۔۔

"عبد لغنی احد ملک کی بیوی ہو تم آب میں تمہیں کہیں نہیں جانے دونگا سمجھی

۔۔۔۔تم چاہو گی جب بھی نہیں۔۔" سرخ آنکھیں اسکی آنکھوں میں گاڑیں

دباد باسا گرایا تھا۔۔۔

عدن کی آنکھیں یکدم مسکرائی تھی گویا۔۔۔۔ چہرہ سرخ ہوا تھا۔۔۔۔

"محبت کرتے ہو مجھ سے۔۔۔" آنکھوں میں آنکھیں ڈالے۔۔۔۔ گلے میں

باہیں ڈالے شوخ ہوئی غنی اسکے تیور دیکھ کر حیران ہوا۔۔۔۔

"محبت نہیں جنون ہو میرا۔" اسکے بالوں میں ہاتھ پھسا کر یکدم اس کا چہرہ

اور پاس کیا تھا۔۔۔۔۔ عدن سانس روک گئ تھی۔۔۔ اسکے کلون کی

مہک اسکے حواس سلب کر رہی تھی۔۔۔۔

"تم چاہے نفرت کرو یا محبت۔۔۔۔۔۔آئی جسٹ وانٹ یو بکز یو ار مائی ایوری تھنگ۔۔۔" گھمبیر بوجھل سا لہجہ تھا۔۔۔۔۔اسکے کٹاؤں دار لب پر اپنے لب رکھتا اسے مکمل اپنے سے لگایا تھا۔۔۔۔ گرفت اس قدر سخت تھی عدن کو لگا اسکی سانس رک جائے گی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد وہ دور ہوا تو وہ اپنی اکھڑی سانس بحال کرنے لگی۔۔۔اس کے سینے سے لگیں وہ آنکھیں موند گئی۔۔۔۔۔۔۔

"محبت سے کئی آگے ہوں ہو میں"۔۔۔۔۔اسکی باریک سی آواز غنی کے کانوں سے ٹکرائی تو اسکا رواں رواں کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔

"غلط فہمی میں بھی میں نے کبھی تم سے بدلہ نہیں لیا۔۔۔۔۔۔۔مجھے لگا تمہاری چاہ وہ ہی ہے اسی لئے میں خاموش ہوگئی۔۔۔۔۔اور۔۔۔اپنی زندگی میں موواں کیا۔۔۔۔۔اسکی انکھوں میں دیکھتی مقابل کو سکت کر گئی تھی

۔۔۔۔۔۔"مجھے لگا تھا کے تم نے نکاح کیا ہے اس سے بغیر کوئی چھان بین کیے میں ولی کے پاس گئی تھی۔۔۔۔۔۔مجھے برا لگا تھا۔۔۔۔۔۔

مگر میں سوشل میڈیا پر یہ بات بول کر تمہیں بدنام کر سکتی تھی مگر میں نے نہیں کیا۔۔۔۔۔۔

کیوں کے محبت نہیں عشق کیا تھا۔۔۔پاکیزہ عشق۔۔۔۔۔۔مجھے ریلشن شپ میں بس ایک چیز چاہیے تھی پاکیزگی۔۔۔۔۔۔ تمہیں میں نے دیکھا کبھی تم نے مجھ سے فضول گوئی نہیں کی۔۔۔۔۔بہت زیادہ ہم قریب ہوئے جب بھی تم نے مجھ سے فاصلہ بنایا یہی چیز تھی وہ۔۔۔۔۔

سب سے بڑی بات نکاح کے بعد بھی تم آج بول رہے تمہیں لگا میں رضامند ہوں جبھی تم قریب آئے"۔۔۔۔۔۔اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں بھرا تھا عدن نے ایڑی کے بل اونچی ہوئی لبو نے اسکی پیشانی کو چھوا۔۔۔۔۔۔

غنی تو بس سکت سا سن رہا تھا اس کے جسم کا ہر عضو گویا کان بنا تھا اسکا لمس اس کے الفاظ اسے کسی مرہم کی طرح میسر ہوئے تھے۔۔۔۔

اس وقت میں تمہاری دیوانی ہو گئی تھی یار۔"۔۔۔اس کے سینے سے" لگیں وہ جھنجھولا گئی تھی۔۔۔۔۔چہرہ قندھاری سرخ ہوا۔۔۔۔۔۔

غنی کی آنکھوں کے گوشے نجانے کیوں نم ہوئے اسے خود میں بھینچتا سختی سے لب بھینچ گیا تھا۔۔۔۔۔

